مکمل ناول

سعدیہ عزیز آفریدی

# میں بھٹکے رستوں پر

**محبت رائیگاں نہیں**

**محبت سورج کی**

**پہلی کرن**



WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

مکمل ناول

سعدیہ عزیز آفریدی

# میں مہک دستوں سے

رامین سکندر کے چلتے قدم رک گئے کیونکہ اچانک اس کے کانوں میں بہت دکھی دکھی سا جملا گونجا تھا۔

"تم نے بھیا کو بتایا کہ تم صرف چھ ماہ کی زندگی رکھتے ہو۔" دل بے اختیارانہ دھڑکا نہ وہ سوال کرنے والے کو جانتی تھی نہ جواب دینے والے کو مگر وہی ازلی نرم مزاجی، سب کے دکھ میں دکھی ہو جانے والی فطرت کی بدولت اس سے مزید ایک قدم آگے نہ بڑھایا گیا۔

سائیکالوجی ڈیپارٹمنٹ خالی تھا مگر یہ دو آوازیں۔۔۔؟ اس نے آہستگی سے دروازہ پر دستک دی اور پھر کلاس میں یوں نظر دوڑائی جیسے کسی چیز کی تلاش ہو۔

"جی مس کچھ تلاش کر رہی ہیں؟" وہی دکھی آواز تھی چونک کر اس نے دیکھا درحقیقت وہ اس وقت اسی شخص کو دیکھنا چاہتی تھی۔ جس کے بارے میں ابھی اس نے سنا تھا لہٰذا خاموش ہی رہی۔

"جی نہیں کچھ نہیں۔" پھر آہستہ سے کہہ کر وہ پروقار طریقہ سے چلتی باہر آئی مگر دل اس اجنبی شخص کے لیے دھڑکنے لگا جو صرف چھ ماہ کا مہمان تھا۔

"ہائے ابھی دنیا میں ابھی بے چارے نے دیکھا ہی کیا ہے شکل سے تو نہیں لگتا کہ صرف چھ ماہ کی زندگی ہتھیلی کی لکیروں میں چھپائے بیٹھا ہے۔" وہ سوچ سوچ کر ہلکان ہوئی جا رہی تھی بار بار سر جھٹکتی مگر اس کا دلکش سراپا نگاہوں میں پھر جاتا باڈی بلڈرز جیسا بھرا ہوا جسم سرو قد اور سرخ و سفید چہرے پہ بڑی بڑی گلابی آنکھیں اور ایسا حسن جو دکھائی نہیں دیتا مگر پھر بھی اپنی طرف کھینچتا ہے۔

"ہیلو! ہیلو بھئی کہاں گم ہو یار؟۔" اس کی مسلسل ایک ہی نقطہ پر مرکوز آنکھوں کے سامنے اس کی شوخ فاسٹ فرینڈ زین زیاد نے چٹکی بجائی تو وہ چونکی مگر اب لب بے اختیار ہی بڑبڑائے۔

"کون کہہ سکتا ہے وہ صرف چھ ماہ زندہ رہے گا۔"

"ہیں یہ کس کے بارے میں پیشن گوئی ہو رہی ہے محترمہ رامین ہم میڈیکل میں تو ہرگز نہیں ہیں کہ یہ تم رپورٹس پڑھ کر۔" زین بھی سنجیدہ نہیں ہو سکتی تھی سو اس کی ہونق شکل سے حظ اٹھاتی بولے جا رہی تھی۔

جب کہ اس کا خیال تھا کہ یہ بہت سنجیدگی کا مقام تھا بلکہ وہ تو اتنی سی دیر ہی میں بڑے بڑے پلان بنا کے بیٹھ گئی تھی مریض کے لئے چندہ اکٹھا کرنے سے لے کر اسے علاج کے لئے باہر تک بھجوانے کا پروگرام بنا بیٹھی تھی۔ یہاں تک کہ تصور ہی تصور میں اسے صحت مند ہو کر وطن لوٹتا بھی دیکھ چکی تھی۔

"اوئے رامین سکندر خیالوں کی شہزادی کہاں گم ہو؟۔" زین زیاد پھر سے چلائی۔ اور اس کے لب پھر کانپے۔

"صرف چھ ماہ زین صرف چھ ماہ کتنا برا فاؤل ہے ناں زندگی کا اس کے ساتھ۔"

"کس کے ساتھ کیا رات کوئی جذباتی فلم دیکھ لی تھی یا خواتین کا کوئی رومینٹک افسانہ یا ناول ہضم کر لیا جو بدہضمی کا شکار ہو رامین ذرا نبض دکھانا۔" زین نے اس کا ہاتھ تھاما پھر تشویش سے کہا۔

"یعنی خدشہ درست نکلا تمہیں ٹی ایس پوائزنگ ہو گئی ہے۔"



"ٹی ایس پوائزنگ کیا مطلب؟۔" وہ خوفزدہ ہو گئی۔

"ٹریجڈی اسٹوری پوائزنگ یعنی۔۔۔ ہی ہی ہی۔" وہ اس کے بے ساختہ پڑنے والے ہاتھ سے خود کو بچاتے ہوئے ہنسنے لگی تو وہ روہانسی ہو گئی۔

"یہ ہنسنے کا نہیں سوچنے کا مقام ہے۔"

"بھئی میں تمہاری بات کا مطلب نہیں سمجھی۔" زین نے اسے سنجیدگی سے دیکھا۔

"مطلب یہ کہ ہمارے ڈیپارٹمنٹ کو مل کر اس کے لیے کچھ کرنا چاہیے۔"

"کس کے لئے اور بھلا کیوں بھئی۔" وہ شرارت سے پوچھنے لگی۔

"اس لیے کہ وہ ہمت ہار چکا ہے اور صرف چھ مہینے عمر کی نقدی کے طور پر رکھتا ہے۔"

"عمر کی نقدی ارے ہاں اس پر انشاء جی نے کیا خوب کہا ہے۔"





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

اب عمر کی نقدی ختم ہوئی
اب ہم کو ادھار کی حاجت ہے

"اب ہم کو۔۔۔" وہ لہکنے کے لیے اشارت نے رہی تھی کہ رامین سکندر نے اس کا منہ بند کر دیا۔

"ہمیں اس کے لئے کچھ کرنا چاہیے زی زی۔"

"ارے آخر کس کے لئے۔" زین نے جھنجلا کر کہا تو وہ یاد کرنے لگی۔

"وہ جو۔۔۔" اس نے سوچنے کے لئے دماغ لڑایا مگر کچھ بھی نہ سوجھا وہ تو اس شخص کو جانتی تک نہیں تھی اب نام اور حلیہ کیا بتاتی۔

"وہ دراصل۔۔۔"

"دراصل یہ۔۔۔ رامین جی کہ اگر تم چھ ماہ کی مہمان ہوتیں تو بائی گاڈ میں بہت اچھے سے قبرستان میں تمہارے لئے قبر حاصل کرتی اور پھر تاج محل کی طرح کا مقبرہ بنوا کر ہر جمعرات کو قوالی کروائی کروا دیتی۔۔۔ ہاہاہا۔۔۔" وہ ہنستے ہوئے بھرے شرارت پر اتر آئی مگر رامین اس کی بجائے سامنے دیکھے جا رہی تھی کہ وہ نوجوان کینٹین میں اپنے اسی دوست کے ساتھ داخل ہو رہا تھا۔

"وہ رہا زی زی وہ بلیو شرٹ اور وائٹ پینٹ والا۔" بدحواسی میں انگلی سے اشارہ بھی کر دیا تو وہ خود اس کی میز تک چلا آیا۔

"آپ نے مجھے یاد کیا اور میں حاضر۔۔۔!!۔"

"یقیناً" شیطان ہی اپنی آمد میں اتنے انفی شینٹ ہوتے ہیں۔"

"زی زی یوں تو نہ کہو دل ٹوٹ جاتا ہے۔" وہ اس کے برخلاف ڈھٹائی سے کہہ کر ہنسنے لگا تو زین زیاد نے اسے گھورتے ہوئے کہا۔

"یہ ہے وہ شخص رامین جس کے لئے تم نے اچھا خاصا موڈ آف کر رکھا ہے بلکہ کتنی دیر سے میرا بھیجا بھی چاٹ رہی ہو۔"

"کیوں محترمہ رامین گھر میں فاقہ تھا جو آپ نے اس کو رہ مغز کا بھیجا چاٹ ڈالا۔"

"لینگویج پلیز اہمل ضیا خاکوانی میرا آپ کا مذاق نہیں ہے۔"

مذاق بنانے میں دیر کتنی لگتی ہے
راستہ بدلنے میں دیر کتنی لگتی ہے

پہلی آواز کا ساتھ دوسری آواز نے بھی دیا تو زین زیاد رامین کا ہاتھ تھام کر اٹھ گئی۔

"اے لکھ لو دنیا ادھر سے ادھر ہو سکتی ہے مگر اہمل ضیا خاکوانی جیسا شخص اتنی آسانی سے مر نہیں سکتا۔"

"اب یوں کہہ کر شرمندہ تو نہ کیجئے محترمہ زین ورنہ آپ سنجیدگی سے کہہ دیں تو ایک گھنٹے سے نوٹس پر بھی مر کر دکھا سکتا ہوں۔"

"فضول لوگوں سے بات کرنے کے لئے فارغ وقت نہیں میرے پاس چلو رامین۔" وہ کھٹ کھٹ کرتی آگے بڑھ گئی مگر رامین کا دل وہیں اٹکا رہا۔

"یار زی زی یہ اس کا اپنے اوپر چڑھایا ہوا خول ہو گا میں نے اکثر فلموں میں دیکھا ہے کہ ایسے مریض ہمیشہ خوش باش نظر آنے کی کوشش کرتے ہیں اور کسی دن چپکے سے مر جاتے ہیں۔"

"ایک عدد غمگین غزل گاتے ہوئے نا۔" زین زیاد مذاق اڑانے لگی تو رامین کی جان جل گئی۔

"زی زی یار اس کے لئے ہمیں کچھ کرنا چاہئے۔"

"تم بیمار ہو جاؤ میں جان کی بازی لگا دوں گی مگر اس شخص کے لیے کچھ کرنے کے موڈ میں نہیں اول درجے کا فلرٹی، شرارتی ضدی ہٹ دھرم بندہ ہے مرتا ہے تو مرے بلکہ کل کا مرتا آج مر جائے۔"

"نہیں! انسیں زی زی کسی کے لئے ایسی بد دعا نہیں کرتے۔"

"بددعا! ایسے ہٹ دھرم لوگوں پر بددعا بھی اثر نہیں کرتی کیوں کہ مرنے کے لئے بندے کا حساس ہونا اور چٹکی بھر شرم رکھنا بہت ضروری ہے اور یہ دونوں چیزیں ہی اس بندہ میں مفقود ہیں رہا اس کے لئے مالی مدد کے لئے چندہ اکٹھا کرنا تو بزنس ٹائیکون شرجیل ضیا خاکوانی کا لاڈلا بھائی ہے اور اتنی دولت رکھتا ہے کہ کینسر کا شکار ایک مریض کا علاج تو کیا پورا کینسر ہاسپٹل افورڈ کر سکتا ہے مگر۔۔۔"

"مگر یہ کہ آج کے لئے اتنی ہی برائیاں کافی زی زی۔"



"تم !۔" اس نے پلٹ کر گھورا اور وہ انلی مسکراہٹ سجائے کالر اکڑائے مسکرائے گیا۔

"اتنی اچھی لڑکی کو میری طرف سے بدگمان کرتے تمہیں کچھ سوچنا چاہیے زی زی۔"

"سوچنا! تمہارے لیے میں صرف قتل کا منصوبہ سوچ سکتی ہوں اور بس۔"

"اور بس زی زی۔" اس کا شوخ چہرہ یکلخت الجھ سا گیا زین نے دیکھا لمحہ بھر کو دل کو کچھ ہوا مگر پھر وہ سر جھٹکتی سوواٹ جملہ دل ہی دل میں دہراتی کھڑی ہو گئی۔

"چلتی ہو رامین یا مزید بکواس سننے کا موڈ ہے۔" زین نے اس کا ہاتھ پکڑ کر گھور کر دیکھا تو رامین سکندر سہم کر اٹھ گئی۔

"چلتی ہوں او کے اہمل صاحب۔"

"مجھے نعمان راؤ کہتے ہیں کارڈ چھپنے دیئے ہیں ورنہ میں بھی وزٹنگ کارڈ ضرور بانٹتا۔" اہمل ضیا کو وزٹنگ کارڈ دیتے دیکھ کر اس کے ساتھ کھڑے نعمان نے بے نیازی سے اس سے کہا تو زین زیاد نے رامین کے ہاتھ میں پہنچنے سے پہلے ہی وہ کارڈ اچک لیا۔

"جو راہ تمہاری طرف جاتی ہو رامین اس راہ ہرگز نہ چلے گی۔" اس نے کارڈ کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے اس کی طرف اچھال دیا پھر بڑے تنفر سے شہکی کٹ بالوں کو جھلاتی رامین کو لے آگے بڑھ گئی۔

اور پھر جب یونیورسٹی سے واپس جاتے ہوئے اس کے بھائی پر نظر پڑی تو نہ جانے کیوں بے ساختہ رامین کا ہاتھ تھامے اس کی کار کی طرف بڑھتی چلی گئی لیکن ابھی کافی فاصلہ تھا کہ کار سے ٹیک لگائے کھڑے رمیز ضیا خاکوانی نے "ہیلو مس زین" کہہ کر ہاتھ ہلا کر پکارا تو اس کی تو جان ہی جل گئی۔

"آوا کا آوا ہی بگڑا ہوا ہے۔" وہ بڑبڑائی۔

"کیا مطلب۔۔۔؟۔" رامین سکندر پسینہ پسینہ ہونے لگی۔

"دیکھ نہیں رہیں اتنے فاصلے سے بھی تمہیں کیسے دیدے پھاڑے گھور رہا ہے آخر اتنا بن ٹھن کے آتی کیوں ہوں یونیورسٹی کہ ہر کوئی تمہیں ہی دیکھے جاتا ہے جانتی ہو انکل کس قدر سخت ہیں اگر انہیں پتا چل گیا ناں تو سوچو کیا ہو گا تمہیں صرف میری ضد پر دلایا ہے داخلہ سمجھیں۔"

"جانتی ہوں مگر زی زی میں کچھ بھی تو بناؤ سنگھار نہیں کرتی ہمیشہ ہی تو۔" وہ کہتے کہتے ہونٹ چبانے لگی تو زین زیاد نے غور سے دیکھا۔

معصوم خدوخال ناگن سی لمبی چٹیا کاٹن کا سادہ سوٹ عام سے کینوس شوز اور دامیں کاندھے پر بیگ واقعی مصنوعی پن سے تو بالکل ہی نہیں سنوارتی تھی وہ خود کو لیکن شاید اب سب کی پرابلم یہی تھی کہ اتنے مصنوعی چہروں میں جب سادہ بارش کے پہلے قطرے کی طرح دھلا پاکیزہ چہرہ دکھائی دیتا ہے تو سب ہی دیوانہ وار اسے پلکیں جھپکائے بغیر دیکھے جاتے ہیں۔

وہ اس کا چہرہ دیکھتے ہوئے وہیں تھم گئی تو رامین بڑبڑائی "وہ!وہ دیکھو وہ تو یہیں چلا آ رہا ہے۔"

"آنے دو لیکن دیکھو زیادہ بات مت کرنا ان کا پورا خاندان ہی فلرٹی ہے۔"

"کیا باپ بھی۔۔۔؟۔" اس نے "خاندان" کی وضاحت چاہی۔

"ہاں ان کے ابا سمیت" اس نے تندی سے کہہ کر اسے دیکھا پھر بولی "باپ بیٹے سب ایک جیسے ہیں مگر چھوڑو جانے والوں کو کیا گھسیٹنا اپنی باتوں میں۔"

"یعنی ان کے ابو وفات پا گئے۔"

"یعنی نہیں یقیناً" وفات پا گئے ورنہ جانے کتنی زندگیاں اور برباد کرتے۔"

"کیا بک رہی ہو۔" رامین سکندر نے تحیر سے کہا مگر وہ جواب دیئے بغیر سامنے آنے والے رمیز ضیا کو دیکھنے لگی۔

"کیسی ہو زی زی۔" رمیز ضیا بے تکلفی سے مخاطب ہوئے۔

"جیسی دکھائی دیتی ہوں لیکن اپنے لاڈلے کی فکر کرو۔"

"یعنی پھر جھگڑا کر لیا تم دونوں نے۔"

"فضول بات مت کریں مجھے بھلا جھگڑنے کی کیا ضرورت ہے میں تو خود اسے منہ نہیں لگاتی۔"



www.paksociety.com
www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"پھر کیا کہنا چاہتی ہو؟۔" بھائی کے متعلق ریمارکس پر ان کا موڈ بگڑنے لگا صرف ان ہی پر کیا منحصر اہمل ضیا کے متعلق تو وہ سب بہت حساس تھے اتنے کہ ہتھیلی کے چھالے کی طرح سے رکھتے تھے اسے اور یہ زین زیاد اس کی "شان" میں گستاخی کر رہی تھی یعنی بالکل ہی لاحول ولا قوۃ۔

"تم نے بتایا نہیں اہمل سے کیا شکایت ہے تمہیں۔"

"افوہ یعنی آپ سمجھتے ہیں میں کوئی دیولڑکی ہوں جو اس کی شکایت لیے آپ تک پہنچوں گی نہیں مسٹر رمیز میں ایک پڑھی لکھی لڑکی ہوں اس لیے میں ہر معاملے سے خود بہتر طور پر نمٹ سکتی ہوں۔"

"جانتا ہوں مارشل آرٹ میں طاق ہو لیکن وہ بھی کچھ کم نہیں۔"

"ہوں کبھی ہو جائے پھر مقابلہ منہ کی نہ کھانی پڑے تو دیکھنا۔"

"ٹھیک ہے پھر ہو جائے کسی دن۔" رمیز نے بھی غصہ سے ہاتھ لہرایا تو رامین کی جان پر بن آئی اور زین زیاد نے دعوی کرتے رمیز کی طرف دیکھا اور طنزیہ بولی۔

"مقابلے سے پہلے مسٹر ضیا خاکوانی ایک بار اس کا چیک اپ ضرور کروا لیجئے گا کیونکہ آپ سب کا لاڈلا بھائی صرف چھ ماہ کی زندگی رکھتا ہے۔"

"شٹ اپ بکواس مت کرو ذی ذی۔" وہ غصے سے چلائے تو رامین نے بھی زین کا ہاتھ چھوڑ دیا اور دل میں سوچا واقعی ذی ذی کو اس کی بیماری کا اس طرح ذکر نہیں کرنا چاہیے تھا اتنی سفاک تو وہ کبھی نہیں رہی تھی کہ کسی کے زخم کو کرید کرید کر خون رسنے کا تماشا دیکھتی وہ تو ہر اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے خبریں بن کر اخبار میں لگ جانے والے مظلوم کے لئے بے چین ہو جایا کرتی تھی لیکن یہاں پر وہ ایسا کیوں کر رہی تھی؟ اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔

"ذی ذی چلو گھر چلو تم اس وقت ہوش میں نہیں ہو۔"

"واقعی آپ کی یہ دوست اس وقت ہوش میں نہیں ہیں انہیں کسی معالج کو دکھایئے۔"

"معالج کو تو اہمل کو دکھایئے میں ایکدم فرسٹ کلاس ہوں۔" اس نے رمیز ضیا سے بھی زیادہ تنفر سے کہا اور مزید اس سے پہلے کہ ان میں لمبی ہی تو تو میں میں ہو جاتی اہمل ضیا اپنے دوست سمیت ان کے قریب چلا آیا۔

"ہونہہ جھگڑا کیا پھر ذی ذی نے۔"

"نہیں تو اہمل صاحب ہم تو یونہی باتیں کر۔۔۔"

رامین جملہ بھی پورا نہ کر پائی تھی کہ ذی ذی نے اس کی بات کاٹی۔

"ایکدم اسٹوپڈ ہو گھبرانے کی کیا ضرورت ہے ہاں مسٹر اہمل جھگڑا کیا ہے کر دو الرٹ اپنے ان نام نہاد باڈی گارڈز کو جنہیں انسانیت کے ہجے بھی نہیں معلوم۔"

"دراصل ذی ذی انہوں نے کبھی تمہاری جیسی لڑکی سے تعلیم ہی حاصل نہیں کی ورنہ انسانیت کی ہجے تو کیا انسانیت کا بائیو ڈیٹا تک انہیں حفظ ہوتا ویسے تم ہمارے باڈی گارڈ سے اتنا جلتی کیوں ہو کہو تو دس پانچ تمہارے گھر بھجوا دیں حفاظت کو۔"

"شٹ اپ اپنے گھر کی حفاظت میں خود بہتر کر سکتی ہوں وہ دور گئے جب لوگ نیچی دیوار دیکھ کر نقب لگایا کرتے تھے۔"

"لوگ نقب تو اب بھی لگا سکتے ہیں مگر تمہاری معصوم صورت پر رحم آجاتا ہے۔" یکدم رمیز بھیا پھر چہا بڑے تو اہمل ضیا ہنسنے لگا۔

"یعنی آگ دونوں طرف سے برابر لگی ہوئی ہے مس رامین آپ اپنی شستہ بیانی نرم خوئی سے اس آگ کو بجھا نہیں سکتی تھیں دیکھئے تو دونوں کے چہرے کیسے بگڑ رہے ہیں اگر لوگ غصے میں اپنا چہرہ آئینے میں دیکھ لیں تو آئی سویئر وہ کبھی ناک بھنویں نہ چڑھائیں۔"

"ہونہہ بکواس محض لفاظی۔"

"شکر ہے ہماری باتوں کو کسی قابل تو سمجھا گیا۔"

"خوش فہمی ہے تمہاری ورنہ میں تمہیں کبھی کسی قابل نہیں سمجھتی۔"

"اچھا۔۔۔" اہمل ضیا نے شرارت سے دیکھا۔

"جی ہاں تمہارا خاندان صرف فلرٹ کرنے کے علاوہ کچھ نہیں کر سکتا۔"

"اچھا۔۔۔" اہمل بے ساختہ قہقہہ لگا کر ہنسنے لگا۔ اور رمیز بھائی نے بور ہو کر کہا۔

"اہمل بند کرو یہ سب چلو گھر یہ لڑکی تو ہمیشہ ہی جانے کیوں انگارے چباتی رہتی ہے۔"

"یعنی آپ مجھے پاگل کہنا چاہتے ہیں۔" ذی ذی پوری قوت سے چلائی اہمل ضیا سنبھالنے کو آگے بڑھا تو اس نے پشت موڑ لی اہمل نے قدم موڑ لیے رمیز نعمان اور وہ کار میں بیٹھ کر ہوا ہو گئے مگر ذی ذی وہیں کھڑی سسکتی رہی۔

"ذی ذی۔۔۔" رامین نے اسے بروقت اس کی تمام تر مزاحمت کے باوجود کھینچ کر اپنے سینے سے لگا لیا تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

"میں چیخنے چلانے غصہ کرنے والی لڑکی نہیں ہوں مگر رامین ضیا فیملی کو جب بھی دیکھتی ہوں مجھ پر جیسے دورہ سا پڑ جاتا ہے میرا دل چاہتا ہے میں خوب چیخوں جو دل میں ہو بولے جاؤں نان اسٹاپ۔ تم مجھے سیل فش تنگ دل مت سمجھنا رامین ورنہ۔۔۔"

بات بات پر قہقہہ لگانے والی لڑکی ذرا سی دیر میں آنسوؤں میں ڈوب گئی تو رامین نے ساری توجہ اس کی طرف کر لی سو ذی ذی نے اس کی ان کہی باتوں اور توجہ سے خود کو بمشکل پھر سے جوڑا اور پھر جب وہ یونیورسٹی کے واش بیسن سے دوبارہ منہ دھو کر پلٹی تو رامین نے رومال سے اس کا منہ صاف کیا۔

"اب بالکل بچی بنا دو گی کیا۔۔۔؟"

"روتے ہوئے بالکل بچی ہی تو لگ رہی تھیں یہ آج اچانک کیا ہو گیا تھا تمہیں؟۔"

"بس ویسے ہی۔ کبھی کبھی دورہ پڑ ہی جاتا ہے۔"

"دورہ تو نہیں' یہ تو لگتا تھا جیسے بہت نفرت رکھتی ہو تم ضیا فیملی سے۔"

"نفرت! ضیا فیملی کے لئے نفرت بہت کم اور چھوٹا لفظ ہے رامین اگر میں قانون شکن ہوتی ناں تو ایک ایک کو گولی سے اڑا دیتی اور۔۔۔"

"اور بہت آرام سے پھانسی چڑھ جاتی اور رامین سکندر فلم کے اس اینڈ پر بے تحاشا تالیاں پیٹتی اور دیکھنے والے فلم کے رائٹر اور ڈائریکٹر کا پتا معلوم کر کے اسے اتنی بہترین فلم بنانے پر پوری چھ گولیوں کی سلامی دیتے مگر ریوالور کا رخ فضا کی طرف نہیں بلکہ۔۔۔"

"بکو مت۔۔۔" اس نے شرارت سے کہتی رامین کے کاندھے پر مکے مارنے شروع کر دیئے تو وہ کھل کھل کر ہنس پڑی جواباً اس کے ہونٹوں پر بھی مسکراہٹ بکھر گئی۔ اور رامین سکندر نے فضا خوشگوار دیکھی تو بولی۔

"تھینک گاڈ کچھ روشنی کچھ چمک تو آئی آپ کے چہرے پر چلیے گھر میں انکل انتظار کر رہے ہوں گے۔"

"ہاں چلو۔۔۔" وہ دونوں آگے بڑھ گئیں۔

*_*_*

رمیز بھائی نے پہلے تو نعمان کو اس کے گھر ڈراپ کیا اور پھر کار کا رخ یونہی ایک آئسکریم پارلر کی طرف کر دیا تو پچھلی سیٹ پر بیٹھا اہمل ضیا جلدی سے اگلی سیٹ پر چلا آیا۔

"ارے آج یہ خیریت تو ہے بھائی۔"

"بس یونہی سوچا تم سے دو باتیں کر لوں۔۔۔"

"صرف دو باتیں آپ دو ہزار باتیں کیجئے سر آج میں فارغ ہوں۔" اس نے غیر سنجیدگی سے کہا مگر رمیز بھائی کے چہرے پر وہی سکوت دیکھا تو آہستگی سے ان کے کاندھے کو چھوا۔

"یو آل رائٹ بھیا۔"

"ہوں۔۔۔" انہوں نے لمبی ہوں کر کے گاڑی پارک کی اور پھر آئسکریم کا آرڈر دے چکے تو یونہی سرسری سا بولے۔

"تم! تمہیں آخر ہوا کیا ہے اہمل۔"

"عشق۔۔۔ لیکن یہ تو موسمی بخار ہے آپ پریشان کیوں ہوتے ہیں بائی گاڈ خود بخود اتر جاتا ہے یہ سر سام۔"

"مگر وہ ذی ذی کہہ رہی تھی کہ۔۔۔"

"ذی ذی! کیا کہہ دیا پھر سے اس نے' ایک تو میں




WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اس آفت کی پرکالہ خالہ سے تنگ ہوں جب دیکھو ریپوٹیشن خراب کرنے کو کچھ نہ کچھ بیان دیتی ہی رہتی ہے اگر سیاست دان ہوتا نا تو لحہ بھر میں جینڈر کرواچکا ہوتا۔"

"اہمل تمہیں کیا بیماری ہے یار؟۔"

"ہیں۔۔۔ بیماری۔۔۔؟۔" اس کا دماغ چکرایا اور ذی ذی اور رامین سکندر کی ملاقات یاد آئی اور نعمان راؤ کی کلوش دل نے دوہرائی تو وہ جھوٹ یاد آیا جو رامین کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لئے اس نے باقاعدہ رامین کی لحہ لحہ کی رپورٹ رکھ کر اس وقت وہ ڈائیلاگ بولا تھا اور جس کا خاطر خواہ اثر بھی ہو گیا تھا مگر یہ رمیز بھیا۔

اس نے غور سے پھر سے رمیز بھیا کے ستے چہرے کو دیکھا دل میں آیا انہیں مطمئن کردے مگر وہی ازلی رگ شرارت پھڑکی اور منٹوں میں اس نے آئندہ کا لائحہ عمل ترتیب بھی دے لیا اپنے لہجے کو جوگیوں روگیوں والا کر کے بڑی تڑپ سے بھائی کو دیکھا۔

"اہمل کیا ہوا ہے تمہیں؟۔" رمیز بھیا جیسے بری خبر سننے کے لئے ہرگز تیار نہ تھے بے اختیار کہہ اٹھے تو اس نے ان کا ہاتھ تھام لیا پھر ان کی طرف دیکھے بغیر بولا۔

"کینسر ان بون میرو۔" رمیز بھیا نے سنا تو بے ساختہ آنکھیں میچ لیں۔

"نہیں۔۔۔" کا لفظ ان کے ہونٹوں پر ہی ٹھہر گیا چہرہ زرد ہونے لگا تو اس کے چھکے چھوٹ گئے۔

"بھائی گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے آج کل سائنس نے بہت ترقی کر لی ہے اور پھر کینسر اب مرض ہے بھی کہاں؟۔"

"مگر ذی ذی تو کہہ رہی تھی کہ تمہارے پاس صرف چھ ماہ۔۔۔"

"وہ تو پگلی ہے اور پھر آپ ہی سوچیں آپ سب کی محبتیں بھلا اتنی جلدی مرنے دیں گی مجھے آپ کی محبتیں اور سائنس دیکھئے گا کیا کرشمہ دکھاتی ہے۔" اس نے انہیں حوصلہ دینے کی کوشش کی رمیز بھیا نے آس نراش میں ڈوبے ہوئے اسے پھر سے دیکھا۔

"آپ یقین کریں مجھے کچھ نہیں ہو گا بھائی۔"

"تمہیں واقعی کچھ نہیں ہو گا اہمل۔" بھیا نے ایسے لہجے میں کہا کہ اس کا دل پسیجنے لگا اس مذاق کو ختم کرنے کا ارادہ کیا ہی تھا کہ رمیز بھیا کے مزاج کا خیال آگیا جو ہر معاملے میں شدت پسند تھے کبھی خفا نہیں ہوتے اور اگر کوئی بات دل کو لگا ہی لیتے تو دنیا کی کوئی طاقت ان کے خیالات نہیں بدل سکتی۔

اور اس وقت بہرحال وہ رمیز بھیا کی ناراضگی افورڈ کرنے کی پوزیشن میں نہیں تھا کہ سب بھائیوں میں رمیز بھائی ہی میں تو اس کی جان تھی۔

لیکن ان نادر خیالات کے ساتھ ساتھ اس وقت اس کی پریشانی حال جان بھی تو سلگ رہی تھی کہ رہ رہ کر اسے زین زیاد کی شکل یاد آ رہی تھی اور وہ غصے میں مٹھیاں بھینچے سوچ رہا تھا کہ یہ چھوٹی سی لڑکی واقعی کسی دن کوئی بڑا حادثہ کروا کر ہی دم لے گی۔

"خیر نمٹ لیا جائے گا ہر قسم کی سچویشن سے۔" دماغ کو پھر سے چارج کر کے وہ اس صورتحال کو ہینڈل کرنے کے بارے میں آئندہ کا لائحہ عمل طے کرنے لگا مگر جواب صفر کے علاوہ کچھ نہیں نکل رہا تھا سو اس نے رمیز بھائی کی طرف پھر سے توجہ کی اور انہوں نے دلداری سے پوچھا۔

"کیا سوچ رہے تھے جان؟۔"

وہ چونکا "کچھ نہیں بس ویسے ہی ذی ذی کے متعلق فکر میں تھا۔"

"ذی ذی! آئی ہیٹ ہر میرا بس چلے تو میں اسے شوٹ کر دوں۔"

"لیکن آج کل گولیاں بہت مہنگی ہو گئی ہیں میرا مطلب ہے آپ کارتوس ضائع کرنے کی بجائے ایک بار اسے غصے میں پکار ہی لیجئے کھڑاک سے وہیں دل بند ہو جائے گا بڑی ڈرپوک قسم کی لڑکی ہے نا۔"

"بکومت! اس لڑکی کی حمایت میں کسی صورت برداشت نہیں کر سکتا جانے اپنے آپ کو سمجھتی کیا ہے کس بات کا زعم ہے اسے۔"

"زعم! کسی بات کا زعم نہیں ہے اسے بس بعض



لڑکیوں کو اسنک رہنے کی عادت ہوتی ہے اور پھر زیاد انکل کی معذوری اور طویل علالت نے اگر اسے کچھ چڑچڑا اور مزاج کا سخت کر دیا ہے تو یہ اس کی مجبوری ہے ویسے بھی اس معاشرے میں جب تک لڑکی ریزرو اور سخت نہ رہے تو ہر کوئی آئسکریم سمجھ کر اسے ختم کر دے تنہا گھر کی ہر ذمہ داری سنبھالنے میں اگر وہ کچھ ال مینرڈ بھی ہو گئی ہے تو آپ کو اس کی غلطی درگزر کرلینی چاہیے جیسے میں اس کے ہر شعلہ بیاں جملے کو سن کر مکرر مکرر ارشاد ارشاد کر کے برابر کر دیتا ہوں۔"

"تم کر سکتے ہو اس کا رویہ اگنور مجھ سے نہیں ہوتا یہ سب۔"

"ٹھنڈے دماغ سے سوچنے تو ہر شخص تحمل سے کام لے کر بہت ہی غصیلہ شخص کو بھی رام کر سکتا ہے بس ایک کان سرا ایک کو لگا کرنا پڑتا ہے۔"

"ہونہہ۔" رمیز بھیا نے بےزاری دکھائی تو اس نے ویٹر کو اشارے سے بلایا رمیز بھیا نے بل پے کیا اور گھر پہنچے تو عامر بھیا کو صوفے پر بیٹھے ٹیبل پر ٹانگیں دھرے فون پر محو گفتگو پایا۔

"ہیلو عامر بھائی۔" وہ صوفے کی پشت پر ہاتھ دھر کر چھلانگ مارتا ان کے برابر صوفے پر آ بیٹھا بلکہ ان کے زانو پر سر رکھ کر لیٹ گیا۔

"آج آفس نہیں گئے؟۔"

"نہیں ایک کیس کی تیاری کرنی تھی۔" انہوں نے ریسیور پر ہاتھ رکھ کر جواب دیا پھر فون پر کہا۔

"اوکے اجمل پھر تم وہ ایف آئی آر حاصل کرو میں شام کو آتا ہوں تمہاری طرف۔۔۔ "خدا حافظ" کہہ کر فون رکھا پھر اس کے بالوں میں انگلیاں پھیرتے ہوئے اس کی ناک دبائی اور نگاہوں نگاہوں میں رمیز بھیا کے موڈ آف ہونے کی وجہ پوچھی اہمل شرارت سے ہنسنے لگا۔

"بس ایسے ہی شمیلہ بھابھی یاد آ رہی ہوں گی ویسے کتنا ظلم ہے نا کہ بندے کی زندگی کو ہجر کا مکمل پیریٹ ہی بنا کر رکھ دیا جائے۔"

"پٹ جائے گا بھائی سے۔" وہ کان میں بولے تو اس نے فخرے کالر اکڑایا۔

"رمیز بھیا مجھے کبھی ڈانٹ ہی نہیں سکتے مارنا تو دور کی بات ہے۔"

"بڑا زعم ہے خود پر۔"

"ہوں بہت۔" اس نے فخر سے کہا پھر ہنس کر انہیں دیکھا۔

"بیرسٹر روما خان کیسی ہیں؟۔"

"ایکدم فرسٹ کلاس تمہیں بڑا پوچھتی ہے۔"

"ظاہر ہے اکلوتا چھوٹا دیور جو ہوں ویسے بھائی یہ آپ تینوں کو صرف نکاح کا دورہ کیوں پڑا تھا ایک آدھ رخصتی بھی کروالیتا تو گھر میں کچھ رونق تو ہوتی۔"

"ہے تو رونق، تمہاری آواز ہمارے گھر کی سب سے خوش کن جھنکار ہے بندہ جینے کی تمنا کرتا ہے۔"

"اچھا اتنا اہم ہوں۔" اس کی آنکھ اور لہجے سے خوشی پھوٹنے لگی تو عامر بھائی اس پر جھک گئے پھر پیشانی پر بوسہ لیا اور بولے۔

"تم ہمارے اول اور تم ہمارے آخر ہو اہمل ہم تم سے پیار کرتے ہیں تو صرف اس لئے تم اس قابل ہو بائی گاڈ جس زندگی میں جس لمحے میں تم نہیں وہ لحہ میں جینا ہی نہیں چاہتا۔"

"چھن چھناک۔۔۔" گلاس ٹوٹنے پر دونوں نے چونک کر دیکھا رمیز بھیا نیچے جھکے ہوئے تھے۔

"خیریت بھائی۔" وہ تیزی سے اٹھا عامر بھائی بھی متوجہ ہوئے۔

"آئی ایم آل رائٹ گائز۔" انہوں نے ملازم کو آواز دی گلاس کے ٹکڑے اٹھانے کے لئے تو اہمل ضیا نے اپنا سر سہلایا۔

"پھر کوئی تازہ شرارت۔۔۔" رمیز بھیا کی پشت کو دیکھ کر عامر بھائی نے وکالت کے جوہر دکھائے تو وہ شرمندگی سے ہنسنے لگا۔

"یعنی واقعی تم نے کوئی گڑبڑ کی ہے اسٹوپڈ۔۔۔" انہوں نے اس کا کان موڑا تو اس نے الف سے لے کر یے تک سب بتا دیا۔

"ویری بیڈ تم! اہمل کسی دن تم واقعی پٹ جاؤ گے اس قدر خطرناک مذاق کرنے کی کیا ضرورت تھی اگر جو رمیز بھیا اس اطلاع کو بہت سیریس لے لیتے" "انہیں

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

کچھ ہو جاتا تو۔۔۔ جانتے نہیں ہو وہ تم سے کس قدر قریب ہیں تمہیں کتنا عزیز رکھتے ہیں۔"

"بس اب ہو ہی گئی غلطی پلیز کچھ کیجئے نا۔"

"تم ہی بتاؤ کیا کیا جائے؟۔"

"مجھے چھوڑیئے آپ بتایئے آپ کے خیال میں مجھے اس سچویشن میں کیا کرنا چاہیے؟۔"

"سنجیدگی سے پوچھتے ہو تو میرا مشورہ ہے اعتراف کرلو۔"

"اعتراف۔۔۔ نو۔۔۔ یعنی آپ چھ ماہ کی مدت سے پہلے ہی میرا چالیسواں۔۔۔"

"اجمل سوچ سمجھ کر بولا کرو جانتے ہو تمہاری اس معمولی سی بات سے جان نکل جاتی ہے ہماری۔"

"اوکے اوکے یہ اعتراف کا معرکہ آپ ہی سر کیجئے میں روبا بھابھی کے پاس جا رہا ہوں۔"

"ٹھیک ہے۔۔۔" عامر بھائی نے سر ہلا کر اجازت دی اور شام کی چائے پر جب عامر بھائی نے اپنا شام کا پروگرام کینسل کرکے اپنے نیوز پیپر کے لئے آرٹیکل لکھتے رمیز بھائی کو اجمل ضیا کی شرارت سے آگاہ کیا تو ان کا غصہ قابل دید تھا۔

"شوٹ کردوں گا اجمل کو میں۔" وہ دانت پیستے ہوئے بڑبڑائے تو عامر بھائی نے ان کے کاندھے پر ہاتھ رکھا۔

"بی ایزی بھائی دراصل وہ انجوائنمنٹ میں یہ حرکت کر بیٹھا ورنہ۔۔۔"

"ورنہ! عامر ہم کوئی سنکی سمجھتے ہیں کہ وہ ہم سے اس قسم کی حرکتیں کرے اور تم کہو یہ محض انجوائنمنٹ تھا محبت سے اس قدر کڑا مذاق قسم سے آج تک کی ساری محبت مجھے حماقت لگتی ہے۔"

"وہ اس لئے ہی خوفزدہ تھا بتانے سے اب اگر آپ یہی بی ہیو کریں گے تو بچہ ہے ناں بھائی۔"

"بچہ! فائنل ایئر میں ہے اور تم اسے بچہ کہہ رہے ہو آنے دو شرجیل بھیا کو نہ اچھی طرح گوشمالی کروائی تو کہنا۔"

"اس وقت بالکل بچگانہ گفتگو کرنے لگے ہیں آپ۔" عامر بھائی نے برا سا منہ بنا کر کہا رمیز بھائی نے تیز نظروں سے انہیں گھورا اور میگزین لے کر صوفے پر بیٹھ گئے۔

عامر بھائی ان کے چہرے سے فیصلہ جاننے کی تگ و دو میں تھے گو ماہر قانون داں ہو کر اس وقت وہ خود کو طفل مکتب محسوس کر رہے تھے ایک اچھا وکیل جج سے لے کر مجرم اور ملزم تک کی باتوں اور بیان سے زیادہ اس کے چہرے کے ایکسپریشن سے اپنے لئے لائحہ عمل اور اپنے فیصلے کے بارے میں حتمی رائے قائم کرتا ہے مگر یہاں تو ٹوٹل بلیک آؤٹ تھا۔

"رمیز بھائی پلیز بھول جایئے ناں یہ مذاق ہے۔"

"عامر ڈونٹ ڈسٹرب می، میں دفتر سے صرف اس لئے جلدی آیا تھا کہ میں گھر میں آرام کرنا چاہتا تھا مگر یہ اجمل آئی ہیٹ ہر۔"

"آپ اجمل سے نفرت کریں گے۔" انہوں نے تحیر سے دیکھا۔

"کروں گا کیا مطلب؟۔ کرچکا ہوں! اب میری زندگی میں اجمل نام کا کوئی شخص نہیں ہے یہ بات اسے بھی کلیئر کر دیجئے گا۔" میگزین پٹخ کر آرٹیکل کی فائل اٹھائے وہ اوپری زینے چڑھنے لگے تو عامر بھائی نے فوراً "فون کھڑکا دیا۔

"معاملہ سیریس ہو گیا جان عامر۔"

"یعنی۔۔۔!"

"یعنی ہی سیریسلی ہیٹ یو۔"

"ہنڈل رمیز بھائی اور مجھ سے۔۔۔"

"یہ آج کا سچ ہے کہ رمیز بھائی اور آپ سے۔۔۔ لہٰذا فوراً "چلے آؤ اس سے پہلے کہ بات بڑی سرکار تک جا پہنچے۔"

"کون شرجیل بھائی جان اوہ مائی گاڈ یہ تو میں نے سوچا ہی نہیں تھا میں آتا ہوں جب تک آپ بات سنبھالے رکھیئے پلیز۔" اس نے عجلت میں فون رکھ دیا تو عامر بھائی رمیز بھائی کے کمرے میں بھی ان کے ارد گرد منڈلاتے رہے بات شروع کرنے کے لئے موضوع ڈھونڈتے رہے لیکن جب فون کے دو گھنٹے بعد بھی وہ نہ پہنچا تو عامر بھائی کو تشویش ہونے لگی۔

"رمیز بھائی اجمل نہیں آیا ابھی تک؟۔"

"پھر میں کیا کروں۔" انہوں نے لکھتے ہوئے سر اٹھائے بغیر لاپرواہی سے کہا اس سے پہلے کہ عامر بھائی کچھ کہہ پاتے دو تین ملازم دوڑے ہوئے آئے۔

"غضب ہو گیا سرکار غضب ہو گیا۔"

"کیا ہو گیا۔۔۔؟۔" عامر بھائی نے پریشان ہو کر دیکھا۔

"چھوٹے سرکار بہت زخمی حالت میں۔۔۔"

"کیا اجمل۔۔۔؟۔" عامر بھائی تیزی سے نیچے دوڑے رمیز بھائی پیچھے تھے اور خود اجمل ایک صوفے پر آڑھا ترچھا پڑا تھا پیشانی اور گردن کے قریب سے خون تیزی سے بہہ رہا تھا۔

"ڈاکٹر کو بلاؤ۔" رمیز بھائی پوری قوت سے چلائے اور عامر بھائی اس پر جھک گئے۔

"کیا ہوا؟ کیسے ہوا یہ سب 'اجمل؟۔" مگر اجمل ہوش میں ہوتا تب جواب دیتا۔

"کیا کیا جائے عامر؟۔" رمیز بھائی نے بے قراری سے پوچھا۔ خون روکنے کی وہ خود کوشش کر چکے تھے۔

"اسے یہاں تک کون چھوڑ کے گیا۔"

"پتا نہیں صاحب میں نے تو بس گیٹ بجنے کی آواز سنی گیٹ کھولا تو چھوٹے سرکار زمین پر ایسی ہی حالت میں پڑے تھے۔"

"ہوں۔۔۔" رمیز بھائی نے غائب دماغی کی حالت میں تفصیل سنی پھر چلائے۔

"یہ ڈاکٹر کیوں نہیں آیا ابھی تک؟۔" عامر بھائی نے بھی بے قراری سے دیکھا تو راہداری سے کسی ملازم کی آواز سنائی دی۔

"آگئے سرکار ڈاکٹر صاحب آگئے۔" اور پھر ڈاکٹر کے کہنے پر رمیز بھائی اسے بانہوں میں بھر کر اس کے بیڈ روم میں لے کر گئے اور ایک گھنٹے کے اندر اندر ڈاکٹر اجمل کی ڈریسنگ سے فارغ ہو چکے تھے لیکن چلنے سے پہلے بولے۔

"ایکسیڈنٹ شدید ضرور تھا لیکن ہی از آل رائٹ یہ محض کمزوری اور اچانک جھٹکا لگنے سے بے ہوش ہو گئے ہیں نبض معمول کے مطابق چل رہی ہے۔"

"لیکن خون زیادہ بہہ جانے کی وجہ سے کوئی پریشانی کی بات تو نہیں ہے۔"

"خون گرچہ بہت بہا ہے لیکن خدانخواستہ اتنا زیادہ نہیں کہ جان پر ہی بن جائے اور ویسے بھی عامر تمہیں اس سے بہت انسیت ہے نا اس لئے اس کا معمولی سا زخم بھی تمہیں بہت اپ سیٹ کر سکتا ہے چاہے وہ محض خراش ہی کیوں نہ ہو۔"

"کہتے تو آپ ٹھیک ہیں لیکن پھر بھی اگر۔۔۔"

"اگر مگر شک لاتے ہیں ینگ مین جبکہ یہ میرا تجربہ اور یقین ہے کہ اسے دو تین گھنٹے میں ہوش آجائے گا ٹھیک ہے پھر کل ملاقات ہوگی۔" ہاتھ ملاتے ڈاکٹر احسان کمرے سے چلے گئے تو رمیز بھائی وہیں اس کے بیڈ پر قریب ہی بیٹھ گئے۔

"میں چاہوں بھی تو اجمل تم سے قطع تعلق نہیں کر سکتا آئی لو یو لو یو سو مچ یار۔" انہوں نے اس کی پیشانی چوم لی عامر بھائی نے ان کے کاندھے کو ہولے سے تھپکا اور اس سے پہلے کہ وہ کوئی حوصلہ افزا جملہ بھی کہہ ڈالتے یکلخت کمرے کا دروازہ کھلا ڈی ایس پی کے فل یونیفارم میں ناصر ضیا خاکوانی اندر آگئے۔

"کیا ہوا اجمل کو۔۔۔؟۔"

"یہ آپ کو کس نے پریشان کر ڈالا۔" عامر بھائی مڑتے ہوئے ہلکے سے ہنسے۔

"تھوڑی دیر پہلے مجھے اطلاع ملی کہ ففتھ اسٹریٹ پر اجمل کی کار ملی ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے لیکن جائے وقوع پر نہ ٹکرانے والی کار موجود تھی نہ خود اجمل اطلاع ملتے ہی میں نے گھبرا کر گھر فون کیا لیکن ابھی کچھ کہہ بھی نہیں پایا تھا کہ حشمت کہنے لگا کہ اجمل زخمی حالت میں کوٹھی میں موجود ہے فوراً دوڑا چلا آرہا ہوں کیسا ہے اب یہ ڈاکٹر کیا کہتے ہیں؟۔" انہوں نے اس کی پیشانی پر آجانے والے بال ہٹا کر دونوں سے پوچھا۔

"ڈاکٹر احسان کہہ رہے تھے یہ مکمل طور پر ٹھیک ہے۔" رمیز بھائی نے بتایا اور عامر بھائی کو فکر ہوئی۔

"شرجیل بھیا کو کس نے فون کیا؟۔"

"کہاں! کسی کو افراتفری میں یاد ہی کہاں رہا تھا۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"ٹھیک ہے پھر آپ بیٹھیے میں فون کر کے آتا ہوں ناصر بھائی آپ کافی پئیں گے۔" انہوں نے چلتے چلتے پوچھا دونوں نے سر ہلایا اور پھر جب وہ کافی پی چکے تو اہمل نے کراہ کر آنکھیں کھولیں تینوں بیک وقت اس پر جھک گئے۔

"ایک ایک کر کے آیئے ایک کا بھی چھو تو کس نہیں ہو رہا' ویسے ہی ہیڈلائٹ فیوز ہوتے ہوتے۔" اس نے جملہ ادھورا چھوڑا۔

"ہو گئی بکواس شروع۔" رمیز بھائی نے منہ بنایا تو اس نے دائیں ہاتھ سے کھینچ کر انہیں خود پر اور جھکا لیا پھر جذب سے بولا۔

"ایمان سے کہئے گا آپ بور نہیں ہو رہے تھے ہماری بکواس کے بنا۔"

"کوئی نہیں بڑی خوش فہمی ہے حضرت کو۔" انہوں نے صاف مکرنے کی کوشش کی تو اس نے ان کے ہونٹوں پر انگلی رکھی پھر مسکرایا۔

"آپ جھوٹ نہیں بول سکتے مجھ سے کہ دعائیں آپ کے ہونٹوں پر ابھی تک موجود ہیں۔"

"مگر خوشبو تو کافی کی ہے یار۔" عامر بھیا کھلکھلا کے ہنسے تو وہ زور سے ہنسا پھر برا سا منہ بنا کر رہ گیا۔

"ہنسنے سے بھی سر میں درد ہو رہا ہے عامر بھائی پھر بھی اس جملے کی داد پھر بھی۔۔۔!" اور ناصر بھائی نے اس کا مطمئن چہرہ دیکھا تو فوراً ہی جرح شروع کر دی۔

"کون تھا وہ جس نے تمہیں ٹکر ماری تھی۔"

"کوئی نیک ہی بندہ تھا جو گھر چھوڑ گیا ورنہ ابھی تک کار میں ہی پھنسے ہوتے اور آپ چاروں بیٹھے ہمیں۔۔۔"

"بس بس بہتر ہے بکواس کرنے کی بجائے آنکھیں بند کر کے سو جاؤ تم۔" رمیز بھائی نے کان ہلکا سا موڑا اس نے بنا پس و پیش آنکھیں بند کر لیں اور پھر اسے سوئے کچھ ہی دیر ہوئی ہو گی کہ شرجیل بھیا بدحواس سے چلے آئے۔

"کیسا ہے میرا اہمل۔۔۔؟"

"ایکدم فرسٹ کلاس سو رہا ہے۔" ناصر بھائی نے تسلی دی شرجیل بھیا نے تینوں کے چہرے باری باری دیکھے تسلی نہ ہوئی تو کمرے میں چلے گئے ہلکی روشنی میں وہ پر سکون لیٹا تھا۔

"کس نے ماری یہ ٹکر؟" شرجیل بھائی نے ناصر بھائی کو دیکھا۔

"فی الحال کچھ کہا نہیں جا سکتا جب تک اہمل واقعہ تفصیل سے نہ بتائے۔"

"ہوں۔۔۔" شرجیل بھیا نے اثبات میں سر ہلا کر ناصر بھائی کی تائید کی۔ اور پھر چاروں نے ساری رات جاگ کر گزار دی وہ سوتے میں کبھی پانی مانگتا تھا کبھی تکلیف سے کراہ رہا تھا لیکن صبح کی کرن پھوٹنے پر جب شرجیل بھیا نے اس کے بالوں میں انگلیاں پھیر کر اسے جگایا تو پٹ سے آنکھیں کھولے وہ انہیں دیکھے گیا۔

"آپ کب آئے؟ کیا ٹائم ہو رہا ہے؟" اس نے چونک کر وال کلاک پر نگاہ ڈالی پھر پھسلتی نگاہ پورے کمرے میں گھوم گئی تو وہ ہنس دیا عامر بھائی صوفے پر آڑھے ترچھے پڑے تھے رمیز بھائی ایزی چیئر پر سینے پر کتاب دھرے محو خواب تھے اور ناصر بھائی۔۔۔

"یہ ناصر بھائی کہاں ہیں۔۔۔؟"

"ناشتہ بنوانے گیا ہے۔"

"گیا تھا لیکن اب آ چکا ہوں چھ گائز منہ ہاتھ دھو کر آ جاؤ شرفو ناشتے کی ٹرالی لاتے ہی ہو گا۔" ناصر بھائی نے دونوں کو جھنجوڑ کر اٹھایا اور پانچوں نے ایک ہی جگہ بیٹھ کر ناشتہ کیا شرجیل بھیا چائے اور توسٹ اپنے ہاتھ سے اہمل کے منہ میں بقول خود اس کے ٹھونس رہے تھے ورنہ تو اسے قطعاً بھوک نہیں تھی۔

"بس پلیز بھائی۔" اس نے ہاتھ کے اشارے سے منع کیا مگر اس کی ایک نہ چلی۔

"کھاؤ ابھی یہ پورا آملیٹ ختم کرنا ہے تم نے۔"

"آملیٹ! بھائی جان سنا ہے کہ چوٹ میں صرف دودھ دلیہ بتایا جاتا ہے نرم نرم غذا مگر یہ ڈاکٹر احسان خدا سمجھے ان سے۔" اس نے نوالہ منہ میں رکھا تو ناصر بھیا ہنس پڑے۔

"ڈاکٹر احسان دراصل بندہ کے ڈیفنسز کو پاور فل رکھنے اور مریض کو یہ باور کروانے کے لئے کہ وہ درحقیقت ہر بیماری پر قابو پا سکتا ہے یہ طریقہ علاج تجویز کرتے ہیں جو کہ ایک کامیاب طریقہ علاج ہے۔"

"بیماری میں تو چلتا ہے مگر یہاں تو خون بہایا گیا ہے میرا اف بھائی جان ذرا سی دیر اور ہو جاتی تو رمیز بھائی تو پاگل ہی ہو جاتے۔"

"کیا مطلب۔۔۔؟" رمیز بھائی نے اسے گھورا عامر بھائی نے بھی دیکھا تو وہ نان اسٹاپ ہنسے گیا سر کا درد پہلے سے بہت بہتر تھا ابھی زبان جولانی پر تھی۔

"مطلب یہ کہ جب شرف اور حشمت ہمیں اٹھا رہے تھے اس وقت ہم باہوش تھے کیونکہ آخر کو باڈی بلڈر یوگا کے ماہر جو ٹھہرے ڈیفنسز بڑے مضبوط ہیں ہمارے لیکن جب یہ اٹھا لینے پر ہی کمربستہ تھے تو ہم نے بھی آنکھیں بند کر لیں بیچ ایک قدم بھی چلنے کو دل نہیں چاہ رہا تھا۔"

"یعنی وہ طویل بے ہوشی سب ڈرامہ تھا چار سو بیس کہیں کے۔" رمیز بھیا نے خفت سے اس کا کان موڑا عامر بھائی ان کی کیفیت دیکھتے ہوئے ہنسے۔

"دراصل ہم میں سے کوئی اس سے روٹھ ہی نہیں سکتا۔"

"ایکسیلنٹ یہی تو میں کہتا ہوں مگر رمیز بھائی تو خوامخواہ انرجی ضائع کرتے ہیں۔" اس نے چائے کا سپ کیا تو شرجیل بھیا نے سوالیہ انداز میں دیکھا۔

"آخر ہوا کیا تھا؟"

"بس کیا بتاؤں بھائی جان میں نے کہیں کہہ دیا کہ میں رمیز بھائی سے زیادہ عامر بھائی کو لائک کرتا ہوں بس مائنڈ کر گئے ہتھے سے ناراض ہو گئے کہنے لگے اب میں بھی تم سے بات۔۔۔"

"کیا اہمل ٹھیک کہہ رہا ہے رمیز؟" شرجیل بھیا نے اس کا جملہ اچک لیا۔ اور رمیز بھائی سے سوال کرنے لگے ان کے لہجے میں حیرت تھی جب کہ رمیز بھائی سر جھکائے بیٹھے تھے اہمل کو معمولی سی ڈانٹ بھی پڑے کسی سے وہ برداشت نہیں کر سکتے تھے سو اہمل اس کا پورا فائدہ اٹھا رہا تھا۔

"میں سمجھتا تھا اب تم بڑے ہو چکے ہو مگر میں دیکھتا ہوں کہ نیوز پیپر کے مالک ہونے کے باوجود تم ابھی صرف بزم اطفال چلانے کے قابل ہوئے ہو ابھی تک بچپن والی اٹکھیلیاں فرما رہے ہو۔"

"بھائی جان اٹکھیلیاں کا سلیس ترجمہ کیجئے۔" سنجیدگی سے کہتے ہوئے اس نے دودھ کا گلاس اٹھایا شرجیل بھائی نے دیکھا تو مسکرایا۔

"دراصل اس وقت ٹھنڈے پانی کی سخت ضرورت محسوس ہو رہی تھی لیکن ٹرالی میں صرف دودھ کا جگ ہی پایا جاتا ہے اس لئے رمیز بھائی میں آپ کی اتنی ہی مدد کر سکتا ہوں۔" اس نے ادب سے جملہ مکمل کر کے گلاس رمیز بھائی کی طرف بڑھا دیا سو شرجیل بھیا جو پانی کے لیے ملازم کو آواز دے چکے تھے پلٹ کر اسے گھور رہے تھے۔

"خدا بچائے تمہاری زبان سے پندرہ منٹ میں کوئی پندرہ ہزار جملے تو بول چکے ہو گے تم!!۔۔۔"

"پندرہ ہزار ایک سو بھیا۔" اس نے تصحیح کرنا ضروری سمجھی پھر ملازم کی شکل دیکھتے کے ساتھ ہی ہاتھ کے اشارے سے ٹرالی لے جانے کا حکم دیا شرجیل بھیا ملازم کو برتن سمیٹتے دیکھ کر اہم میٹنگ کا کہتے ہوئے باہر نکل گئے سو ملازم کے ٹرالی لے جاتے ہی تینوں بھائیوں نے بیک وقت اس ننھی سی جان پر حملہ کر دیا۔

"بھیا کے سامنے کیسی زبان چلتی ہے اگر موصوف کی شرارت بتا دیتا ناں تو پورا ایک مہینہ ناک رگڑنی پڑتی پھر بھی بھیا مانتے نہیں۔" رمیز بھیا نے کشن مارتے ہوئے سرزنش کی تو وہ ہنسنے لگا۔

"میرا کیا جاتا نہیں مانتے تو میں کسی چلتی ٹرین کے سامنے جا لیٹتا لیکن رمیز بھائی اس کام میں ایک پرابلم ہے کہ ٹرین کبھی صحیح ٹائم پر نہیں آتی اس لئے نو بجے کی ٹرین کے لئے بندہ فجر تک انتظار کرتا رہے گیا' اور اگر بھوک لگ گئی تو آپ تو جانتے ہیں میں بھوک کا کتنا کچا ہوں اور۔۔۔"

"بس بس بکواس بند اب کام کی بات کرو

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

۔۔۔" ناصر بھیا نے ہاتھ لہرا کر دفتری نوٹ بک نکال لی اور اس سے کار کا ماڈل نمبر اور بندے کا حلیہ پوچھنے لگے۔

"اہمل تم بے ہوش نہیں ہوئے تھے پھر تم نے خون روکنے کی کوشش کیوں نہیں کی تھی۔" ناصر بھائی کی بات کاٹ کر عامر بھائی نے سوال داغا تو وہ ہنسنے لگا۔

"دراصل وہ شخص ایک تو خود بہت محتاط تھا دوسرے میں نے یہ سوچا گھر میں اتنے لوگ ہیں اگر ایک ایک بندہ بھی مرہم پٹی کرتا تو میری اچھی خاصی ڈریسنگ ہو جاتی اور پھر مجھے ایک پامسٹ نے بتایا تھا میرے ہاتھ میں زندگی کی لکیر کرپشن کی طرح لمبی ہے اوے۔"

"اور یہ کہ تم بہت بکواس کرتے ہو میں نے تم سے کچھ پوچھا تھا اہمل۔" ناصر بھائی پھر سے پرانے موضوع پر لوٹ آئے تو اس نے اپنا سر تھام لیا۔

"ایک تو میں اپنی زبان کے پھسلنے سے بہت تنگ ہوں لیکن بھائی ایکسیڈنٹ کے وقت اچانک جھٹکا لگنے سے بقول ڈاکٹر احسان میں بے ہوش ہو چکا تھا پھر بھلا کار کا ماڈل نمبر کیسے دیکھ پاتا ویسے ڈاکٹر احسان ایک مشہور و معروف ڈاکٹر ہیں ان کی رائے سے اختلاف کیا ہی نہیں جا سکتا کہ اگر وہ نبض پکڑ کے کہہ دیں "یہ مر چکا ہے" تو آئی سویئر ان کی بات کو مانتے ہوئے میں واقعی مر جاؤں گا آپ سوچنے کتنے بوڑھے ہیں ڈاکٹر احسان ان کا دل رکھنا تو عین عبادت ۔۔۔ ہائے بھائی جان۔" ناصر بھائی نے کان موڑا تو چلتی زبان تو رک گئی مگر ہونٹ بنا آواز کے بولے گئے۔

"اہمل اتنا مت بولا کرو کہ تمہارے منہ پر ٹیپ چپکانا پڑے۔" اہمل نے سنا تو ہونٹ بھینچ گئے نہ صرف ہونٹ بلکہ آنکھیں بھی بند کر لیں تکیے پر سر رکھا اور ان تینوں کی طرف سے پشت کر لی۔

"اہمل پلیز یار بتا دو کون تھا وہ تمہارے بیان پر ہی ہماری تفتیش آگے بڑھے گی بیٹے۔" ناصر بھائی چمکارنے لگے تو اس نے چہوان کی طرف کیا پھر بولا۔

"یہ آپ کی تفتیش سے مجھے اب تشویش ہونے لگی ہے۔" پھر ذرا کی ذرا رکا اور مسکرایا۔

"اگر آپ انسانی سلوک کرنے کا وعدہ کریں تشدد نہ کرنے کا پرامس کریں تو نام بتا سکتا ہوں میں۔"

"تم نام بتاؤ یہ میں پھر سوچوں گا کہ اس سے کیسا سلوک کرنا چاہیے۔"

"سلوک ۔۔۔ آ گئے ناں آپ اپنی مخصوص ٹون پر چاہے کسی عہدے پر چلے جائیں آپ کے محکمے کا ہر شخص دل سے فیوڈل لارڈ ہی رہتا ہے تھرڈ ڈگری ہر معاملے میں کارآمد نہیں ہوتی بھائی کبھی کبھی بندہ محض اچھے اخلاق سے بھی ۔۔۔"

"اچھے اخلاق ہونہہ ۔۔۔ میں خدمت خلق کمیٹی کا ممبر نہیں اس قصر آشوب کا ڈی ایس پی سی ہوں اسٹوپڈ اور مزید یہ کہ یہ پولیس کا شعبہ بھی تم جیسے عوام کے افراد ہی سے مل کر بنتا ہے اور پھر پولیس پر کشف نہیں ہوتا نہ ہی روشن ضمیری کا ہنر ہم جیسے گناہ گاروں کے پاس ہے اس لئے ہمیں معاملے کی تہہ تک پہنچنے کے لیے اپنے اختیارات میں رہتے ہوئے ہر حربہ آزمانا پڑتا ہے۔"

"اختیارات میں رہتے ہوئے شاید آپ اخبارات نہیں پڑھتے۔"

"پڑھتا ہوں مگر وہ ایک الگ بحث ہے جس میں میں اس وقت پڑنا فضول سمجھتا ہوں فی الحال تم سے صرف اس وقوعے کی انویسٹی گیشن چاہتا ہوں۔"

"تو چاہتے رہیے نام میں تو ہوں ہی اتنا پیارا کہ ہر کوئی مجھے دیکھتے ہی چاہنے لگتا ہے لیکن فار گاڈ سیک کوئی نظم سنانے کو مت کہیے گا جیک اینڈ جل 'بابا بلیک شیپ' اور 'بے بی بے بی یس ماما' عرصہ ہوا میں بھول چکا ہوں۔"

"اہمل ۔۔۔" ناصر بھائی سنجیدہ ہوئے تو اس کا چہرہ ان سے بھی زیادہ سنجیدگی کا شاہکار تھا۔

"میں اس کیس کی انویسٹی گیشن نہیں چاہتا تم سے میرے محکمے کا کوئی اور آفیسر بھی یہ سوال کر سکتا ہے شہر میں ہونے والے ہر واقعے کی تفتیش پولیس کے فرائض منصبی میں شامل ہے۔" وہ سمجھانے لگے۔

"لیکن میں نہیں چاہتا کہ مجھے اس معاملے میں تنگ کیا جائے کار کا ایکسیڈنٹ میری اپنی بھول سے ہوا تھا۔"

"لو کے تم گھر کیسے پہنچے۔" انہوں نے اس کی بات سے نیا نقطہ نکال لیا۔ تو لمحہ بھر کو وہ بوکھلایا پھر نہایت دورشانہ لہجے میں بولا۔

"یہ سب اللہ کی رحمتوں کے کرشمے ہیں جناب وہ چاہے تو تنکے میں بھی جان ڈال دے کسی زخمی کو کسی عقاب کے پنجوں سے اس کے گھر میں پھنکوا دے۔"

"عقاب کے بچے اور تم! اہمل کچھ عقل سے کام لو۔" ناصر بھیا نے پھر سے ڈانٹا تو اس نے سنجیدگی سے انہیں دیکھا۔

"بس بھائی میں اس بات کو یہیں ختم کرتا ہوں پلیز اب اس معاملے میں مجھے مت گھسیٹا جائے میں کسی سوال کا جواب نہیں دینا چاہتا۔" اس نے کہہ کر آنکھیں بند کر لیں تو عامر بھائی ناصر بھائی کا کاندھا تھپکتے ہوئے رمیز بھائی کے ساتھ باہر کی طرف بڑھ گئے۔

ابھی انہیں باہر نکلے پانچ منٹ نہیں ہوئے تھے اس نے بیڈ سے چھلانگ لگائی جلدی سے لباس بدلا پھر کھڑکی سے باہر نکل گیا کیونکہ دروازے سے نکلتا تو کوئی جانے نہ دیتا سو اس نے دائیں بائیں دیکھ کر گیرج سے بائیک نکالی قریب سے گزرتے ملازم نے تحیر سے اسے دیکھا۔

"بابا صاحب آپ تو زخمی تھے؟۔"

"اچھا مجھے دراصل کچھ ٹھیک سے پتا نہیں تھا ذرا بھاگ کر اخبار تو لانا۔"

"اخبار کیوں ۔۔۔ صاحب؟۔"

"یار بابا جی دراصل میں اخبار میں دیکھنا چاہتا تھا کہ حادثہ درحقیقت شدید کتنا تھا اور میں کس قدر زخمی ہوا ہوں۔"

"جی جی ۔۔۔؟۔" اس نے حیرت سے آنکھیں پھاڑیں مگر حکم حاکم کے تحت اخبار لینے آگے بڑھ گیا اور اہمل ضیا کو ایسا موقعہ خدا دے سو فوراً "موٹر سائیکل" کو کک ماری اور دیگر گاڑیوں کے سیل رواں میں بہنے لگا اور ایک جگہ رک کر ٹیلی فون بوتھ میں ریسیور تھامے سکہ ڈالا دوسری طرف سے انگیج ٹون آ رہی تھی پھر اس نے کتنے ہی سکے ڈالے مگر ہر بار لائن کٹ جاتی یہاں تک کہ کوئی پانچویں مرتبہ جب تیل ملی۔

"مل جا یار ورنہ ابھی سڑک پر سکے جمع کرنے کے لئے گداگری کرنا پڑے گی اور بزنس ٹائیکون کیا سوچیں گے اہمل ضیا خاکوانی اور فقیری یہ مارا ۔۔۔ ہاں مل گیا ٹھینک گاڈ جی۔" اس نے بوتھ کی چھت کو گھور کر شکر ادا کیا پھر نمبر ڈائل کر کے دوسری طرف کی آواز سننے لگا۔

"آئی ایم اہمل ضیا زمان جمیل سے کہو اب کی دفعہ کسی اور طریقے سے حملہ کروائے یہ اوچھے ہتھکنڈے اسے سوٹ نہیں کرتے ہاں کہہ دینا اسے بزنس اور رشتے دو مختلف کیٹگری ہیں اور یہ بھی بتا دینا کہ میرے مرنے سے شرجیل بھائی جان اس قدر ڈسٹرب نہیں ہو سکتے کہ بزنس ہی چھوڑ دیں۔ ویسے ایک ٹپ ہے حملہ کروانے میں کبھی اپنے ذاتی ملازم استعمال نہیں کرنے چاہئیں ورنہ پہلی دفعہ ہی میں پولیس دروازہ کھٹکھٹا دیتی ہے یعنی آپ تو کافی جینئس ہیں ناں اس لئے مسٹر زمان جمیل کو بستر رائے دیجئے گا۔" اس نے فوراً "فون ڈسکنکٹ کر دیا منیجر کی آواز یا جواب سننے کی ضرورت ہی نہ سمجھی اور فون بوتھ سے نکلتا چلا گیا۔

اب اس کا رخ نعمان راؤ کے گھر کی طرف تھا صبح ہی صبح نعمان باتھ روم میں کھڑا شیو میں مصروف تھا اماں جان تخت پر بیٹھی تھیں اور ربیعہ بھابھی دائیں بائیں گھومتے ہوئے اندر ناشتا سرو کر رہی تھیں چونکہ صحن کے ہی ایک حصے میں بنا ہوا تھا اس لئے اس کی نگاہ بار بار اندر یا ہر جاتی بھابھی کی طرف ہی لگی ہوئی تھی۔

"ان کا کام نہیں ختم ہونے کا میری تو آنکھیں تھک گئیں بھئی۔" اس نے بسور کر اماں جان کو دیکھا جو تخت پر بیٹھی ناشتے کے بعد پان کی گلوری بنانے میں محو تھیں۔

"بیلو اماں جان ۔۔۔" بلا آخر وہ کھنکار انعمان نے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

بے ساختہ باتھ روم سے جھانک کر اس کا چوکھٹا ملاحظہ کیا اور بے اختیارانہ پوچھا۔

"ارے۔! یہ کیا کر آئے جان نعمان۔"

"معمولی سا کار ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا۔" وہ تھک کر تخت پر بیٹھ گیا اور نعمان نے حیرت سے کہا۔

"یہ معمولی ایکسیڈنٹ ہے۔" اس نے سنا تو بے ساختہ ہنسنے لگا۔

"بس ایویں شوق ہو رہا تھا' یونیورسٹی سے چھٹی کرنے کا بھیا تو قطعاً" اجازت نہیں دیتے' اس لئے میں نے سوچا۔"

"ارے اہمل بھائی آئے ہیں۔" نعمان سے چھوٹا مظفر گرمجوشی سے چلایا تو اس نے جملہ ادھورا چھوڑ کر اسے سینے سے لگا لیا۔

"دیکھ لو میں ہی ہوں جو ہر دوسرے دن چکر لگا لیتا ہوں تمہیں یا تمہارے ان بھائی جان کو تو توفیق ہی نہیں ہو گی میرے گھر آنے کی۔" اس نے ہمیشہ کا شکوہ کیا تو وہ شرمندہ ہو گیا۔

"وہ بس بھائی فرصت نہیں ملتی کالج' کلب کے بعد ٹیوشن یقین کریں گھر آ کر اتنا تھک جاتا ہوں کہ پھر۔"

"ہاں ہاں کیوں نہیں بس ان نعمان کے بعد آپ ہی کو تو انتظام حکومت چلانے کی کڑی ذمہ داری سونپی گئی ہے باقی تو سب ٹھہرے فضول۔"

"پلیز اہمل بھائی ایسا تو نہ کہیے آپ آتے ہیں آپ کی محبت ہے اور محبت کرنے والے سنا ہے کبھی خفا نہیں ہوا کرتے۔"

"ہاں پتا ہے ناں وِیک پوائنٹ کا بس ہو گئے شروع۔" اس نے اس کا کان پکڑ کے موڑا وہ ہنسنے لگا اور کمرے میں ناشتہ کروا کے ربیعہ بھابھی کچن سے پکاریں۔

"ناشتہ کر کے آئے ہو اہمل یا ٹیبل پر لگاؤں۔"

"کر کے تو آیا ہوں لیکن اپنی ربیعہ بھابھی کے ہاتھ کے پکے پراٹھوں کی کیا ہی بات ہے لیکن ٹیبل کی بجائے میرا ناشتہ ادھر تخت پر لے آئیے آج میں اماں کے ساتھ ناشتہ کروں گا۔"

"مگر میں تو کر چکی ہوں چندا۔"

"تو کیا ہوا ناشتا تو میں بھی کر چکا ہوں لیکن ربیعہ بھابھی کو گارڈ آف آنر دینے کے لئے یہ ٹرائل تو لینا ہی پڑے گا چھوڑیں ناں اماں' ناشتا کریں۔" وہ اماں کے ہاتھ سے سرو مار کھ کر دو زانو ہو گیا تو باتھ روم سے منہ ہاتھ دھوتا نعمان چلایا۔

"میرا ناشتہ بھی یہیں لے آئیے بھابھی۔" تولیے سے منہ پونچھتا وہ بھی وہیں آ بیٹھا بالکل اس کے سامنے اور پھر مسکرایا۔

"آج بڑا ڈیشنگ لگ رہا ہے خیریت" اس نے تو فوراً" کالر اکڑا لیے پھر مسکرایا۔

"یونیورسٹی جا رہا ہے نا؟"

"ہاں کیوں ۔۔۔؟" اس کے سوال پر اس نے آنکھوں ہی آنکھوں میں اسے دیکھا نعمان بے سبب مسکرا دیا اور اس نے تکیے کے نیچے دبا بڑا سا پیکٹ نکال کر اسے تھما دیا۔

"یہ گفٹ باحفاظت اس طوفان بدتمیزی تک پہنچا دینا کہ جاہل میں تو اس اسٹوپڈ کو اپنی ڈیٹ آف برتھ بھی یاد نہیں رہتی۔"

"ہاں اور آپ کو تو اس کی سالگرہ منانا فرض ہے کہ نہ منائی تو گناہ ہو گا۔" اس نے جل کر کہا تو وہ پھر سے ہنسنے لگا اور اماں دونوں کو دلچسپی سے دیکھے گئیں جب کہ ربیعہ بھابھی قریب ہی کرسی پر بیٹھی ان کی یہ اینٹی گفتگو سن کر سر ہلا رہی تھیں۔

"بعض اوقات تم دونوں جاسوسوں والی زبان استعمال کرنے لگتے ہو۔" بلا آخر اماں کا پیمانہ صبر لبریز ہو گیا تو وہ جو ہنسی یکلخت قہقہے میں بدل گئی۔

اہمل کا قہقہہ نعمان سے بلند تھا اسے کھل کر قہقہے لگانے کی پرانی عادت تھی اور اس گھر میں تو اس کے قہقہے بچپن سے گونجتے آ رہے تھے سو نہ [illegible] آج کا پیز خون کا تھا نہ اردگرد کی فضا بس سب نے کر اس کے چہرے کی بلائیں لی تھیں اماں بھابھی سمیت کہ ان دونوں کو شروع سے اس کے قہقہوں سے خوف آتا تھا۔

"کم کم ہنسا کر اس طرح ہنستا ہے تو اتنا اچھا لگتا ہے کبھی نظر لگ گئی کسی کی تو۔۔؟" اماں نے صرف



ایک بار کہا تھا اور اس نے اس جملے کو بھی قہقہے میں برابر کر دیا تھا سو اس وقت دونوں خاموشی سے ان دونوں "ڈیول اوِ سیون" کی ٹیم کو دیکھ رہی تھیں۔

"اماں یہ دیکھو نعمان کا بچہ اس حلوہ پر میرا حق ہے میں مہمان ہوں ناں۔"

"شکل دیکھو کہاں سے مہمان لگتے ہو ثابت کرو۔"

"ثابت۔۔۔ تمہیں تو میں کسی دن ٹکڑے ٹکڑے کروں گا چیٹر کہیں کے۔" وہ بسورا تو بھابھی بے ساختہ ہنسیں۔

"میں لائی ہوں تمہارے لئے حلوہ یہ نعمان میٹھے کے معاملے میں واقعی بہت ندیدہ ہے۔" بھابھی اندر کو بڑھیں تو وہ ہنستا ہوا اٹھ گیا نعمان نے اسے اٹھتے دیکھ کر ساری پلیٹ ہی اس کی طرف بڑھا دی۔

"پہلے دے دیتا بچی کو پریشان کرنے کی عادت نہیں جاتی تمہاری۔" اماں نے نعمان کو ڈانٹا تو اس نے اس کے کاندھے سے سر ٹکا دیا۔

"یہ پریشانی نہیں محبت تھی اماں اور یہ نعمان یہ تو میری جند جان ہے رہا یہ حلوہ تو اس سے نہ اسے اس قدر دلچسپی تھی نہ مجھے' بس چھینا جھپٹی کر کے کھانے کا بھی الگ ہی مزا ہے ناں۔" کہتے ہوئے اس نے چھوٹا سا ٹکڑا اٹھا کر اپنے منہ میں رکھا اور بڑے ٹکڑے سے پورا اس کا منہ بھر دیا وہ کچھ بولنا چاہ رہا تھا لیکن منہ ہی بھرا ہوا تھا اس کی حالت زار دیکھ کر وہ پھر قہقہہ لگائے بغیر نہ رہا۔

"اوکے اس سے پہلے کہ یہ اس پرابلم سے نکلے میں چلتا ہوں ورنہ میری شامت ہے بائے اماں۔" اس کے بال بگاڑ تا وہ باہر کی طرف دوڑا اسے اس قدر تیزی سے جاتا دیکھا تو بھابھی چلائیں۔

"یہ حلوہ نہیں کھا رہے اہمل؟"

"اس نعمان کو کھلا دیجئے میں سمجھوں گا میں نے ٹھونس لیا۔" وہ کہتا ہوا نکلتا چلا گیا اور پھر جب واپسی بھی کھڑکی کے ذریعے ہوئی تو سب کچھ ٹھیک لگ رہا تھا لیکن سامنے بیٹھے ناصر بھائی کو دیکھ کر اس کی سٹی گم ہو گئی۔

"کہاں سے آ رہے ہو پیارے۔۔۔؟"

"وہ بس یہیں باہر تک گیا تھا جو تم ختم ہو گئی تھیں بھائی۔"

"بکو مت۔" انہوں نے ڈانٹا تو وہ چپ ہو کے بیڈ پر بیٹھ گیا موزے جوتے اتارے پھر کراہنے لگا۔

"ہائے سر میں درد' ہائے میری یادداشت"

"اہمل تم آخر نام بتا کیوں نہیں دیتے۔"

"مجھے ایسے ہر واقعہ سے انکار ہے جس کی آپ انویسٹی گیشن کر رہے ہیں۔"

"ہوں گھی سیدھی انگلیوں سے ہرگز نہ نکلے گا مگر یاد رکھو میرا بھی نام ہے ناصر ضیا خاکوانی۔"

"پلیز انگلش میں بھی دوہرائیے بڑا سرور مل رہا ہے۔" اس نے آنکھیں بند کر کے کہا۔

"شٹ اپ۔" ناصر بھائی غصے میں اٹھ گئے تو اس کا خاص ملازم اشرف آ گیا۔

"صاحب صبح سے کتنی ہی بار کسی رحمان جمیل کا فون آ چکا ہے۔"

"رحمان جمیل! اوکے تم جاؤ لیکن سنو کافی بھجوا دو۔"

"جی اچھا۔۔!" ملازم چلا گیا تو اس نے فون اپنی طرف کھسکایا پھر نمبر ڈائل کرنے کا سوچ ہی رہا تھا کہ فون بیل خود ہی بج اٹھی اس نے آواز پہچانی تو کر بھونی کم طنزیہ لہجے میں زیادہ پوچھا۔

"ہیلو مسٹر رحمان جمیل مزاج شریف کیسے ہیں؟"

"تم اس قدر عزیز نہیں ہو کہ تمہیں اپنا مزاج بتاؤں اور رہی فون کال تو یہ صرف اس دن کی بات کے جواب کے لیے ہے جو تم نے میرے دفتر کیا تھا اپنی رائے بتائی تھی میرا نقطہ نظر نہیں سنا تھا۔" دوسری طرف سے کاٹ دار لہجے میں کہا گیا۔

"کیا مطلب۔۔۔؟" وہ ہمہ تن گوش ہو گیا۔

"مطلب یہ کہ جس ملازم کی بابت تم نے سنا وہ ایک عرصے سے میری کمپنی سے خرد برد کے الزام میں نکالا جا چکا ہے وہ جرائم پیشہ افراد کا آلہ کار ہے اور دوسری بات تم پر حملہ صرف اس شخص نے [illegible] جس میں تمہاری مس زین زیاد بے تحاشا [illegible]



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہیں۔"

"کیا اشارہ ملے گا کچھ۔" اس کا لہجہ سنجیدہ ہو گیا تو دوسری طرف بھی گہری سنجیدگی چھا گئی۔

"تمہاری یونیورسٹی کا باا ثر گروپ لیڈر شیرازی۔"

"آپ کی معلومات کا شکریہ اور ہاں صبح کے لہجے کی بہت زبردست سوری رحمان بھائی۔" دل صاف ہوا تو بے ساختہ ہی اس کے لہجے میں حلاوت در آئی مگر دوسری طرف سے بنا کسی ردعمل کے فون رکھ دیا گیا تھا وہ کتنی دیر تک فون ہاتھ میں پکڑے خاموش بیٹھا رہا مگر جب خلش زیادہ ہی ہونے لگی تو پھر سے جوتے پہننے لگا۔

"کہاں چلے بابا صاحب؟۔"

"مشن امپاسبل پر ایک شریف آدمی کو منانے۔"

"کیا مطلب ۔۔؟۔" کافی کا کپ ملازم نے اس کی طرف بڑھایا تو وہ مسکرایا۔

"مطلب یہی کہ کافی بنانا کوئی ہمارے ڈرسٹ شریف سے سیکھے۔" وہ غٹاغٹ کافی چڑھا گیا پھر کپ واپس دیتے ہوئے تھوڑی سی اسمائلنگ دی کاندھا تھپکا "اوکے پھر ملیں گے" کہہ کر باہر کی طرف قدم بڑھا دیئے۔

*_*_*

نعمان یونیورسٹی پہنچا تو اس کی جان ہی جل گئی ذی ذی آج پھر شیرازی کے ساتھ بیٹھی تھی دونوں کے ہاتھ میں برگر اور کوک تھی۔

"آج ساری کلاسیں بینک کردیں مس زین۔"

"کیوں نہیں ہمارا بس چلتا تو ہم پوری یونیورسٹی بند کروا دیتے لیکن بہرحال برتھ ڈے منانے کی اس سے اچھی صورت نہیں ہوسکتی شام کو آیئے گا ہلٹن وہاں برتھ ڈے یادگار کرنے کا اس سے بھی زیادہ اچھا انتظام ہے۔"

"نو تھینکس مجھے عموماً" اس قسم کی پارٹیز سے الرجی ہے۔" اس نے منہ سکیڑ کر کہا پھر ہاتھ میں پکڑا گفٹ پیک اس کی طرف بڑھا دیا۔

"دوستی کی پہلی شرط تحفہ اور تھیوری ہے اہمل ضیا کی۔" ذی ذی نے گفٹ تھاما تو شیرازی نے اسے گھور کر دیکھا سو وہ جان جلانے کو کچھ زیادہ ہی جاندار انداز میں مسکرایا ذی ذی نے بنا کچھ کہے گفٹ رکھ لیا تو وہ "سی یو" کہتا آگے بڑھ گیا پھر ایک کلاس کے سامنے اسے رامین مل گئی تو اس نے بے ساختہ کہا۔

"اپنی دوست کو کہیے شیرازی کوئی اچھا آدمی نہیں بچ کے رہے اس سے۔"

"جی اچھا۔" اس نے گھبرا کر تنہا ہونے کی وجہ سے کچھ زیادہ ہی سعادتمندی دکھائی تو نعمان کو اس معصوم سی لڑکی کی کیفیت پر بے ساختہ ہی ہنسی آ گئی۔

"مس رامین یہ آپ کی ذی ذی سے دوستی کیسے ہو گئی کہاں آپ کہاں وہ شعلہ جوالا۔"

"بھئی ایسی تو کوئی بات نہیں ہے ذی ذی تو بہت پیاری لڑکی ہے نعمان صاحب۔"

"ہوں وہی اپنی دوستانہ حمایت ویسے یہ بات میں سنجیدگی سے کہہ رہا ہوں کہ ذی ذی کو شیرازی سے دور رکھو فلرٹی ہے لڑکیوں کے معاملے میں کوئی ایسا غلط کام نہیں جو وہ نہیں کرتا۔"

"جی' ای' ای۔" متوحش تحیر زدہ سی وہ اسے دیکھنے لگی تو اس نے ذی ذی کو آتا دیکھ کر اس کی طرف سے اپنی پشت کرلی۔

"مسٹر نعمان احمد راؤ یہ گفٹ اپنے ان اہمل ضیا کو لوٹا دیجئے گا میں اس قدر غریب بھی نہیں کہ اس طرح کا لباس نہ خرید سکوں اور یہ نظم کے ٹکڑے' انہیں لوٹاتے وقت پلیز مسکرانا ضرور۔" عجیب برا نیت تنفر لہجہ تھا اس کا نعمان کی جان اندر تک سلگ کر راکھ ہوگئی تھی لیکن پھر بھی اس نے اپنا لہجہ سنبھالے رکھا۔

"آپ ایسا کیوں نہیں کرتیں مس زین کہ یہ سلوک یہ جواب خود ہی اسے دے دیجئے گا ویسے ہی بے چارہ کل مرتے مرتے بچا ہے۔"

"کیا ہوا نعمان بھائی؟۔" یکلخت رامین نے گھبرا کو پوچھا تو ذی ذی اس کا ہاتھ پکڑ کر حقارت سے بولی۔

"مجھے اس کی کسی بات پر یقین نہیں اور پھر بھی اگر کچھ ہو ہی گیا محترم کو تو تم کہو ایک اول درجے کے فلرٹی اور برے شخص کے مرنے پر دنیا کو کیا فرق پڑتا ہے۔"

"یاد رکھیے گا مس زین اس برے شخص کے مرنے پر آپ ہی روئیں گی گڑگڑا کر اس کی زندگی کی دعائیں مانگیں گی لیکن اس دن آسمان دعائیں بھی لوٹا دے گا کہ کفران محبت کرنے والوں کے ساتھ ایسا ہی ہوتا آیا ہے۔" اس کے لہجے میں جوابا" نہ جانے کہاں سے اتنا درد آ گیا کہ رامین اس کے لہجے سے اس کی باتوں سے گھبرا اٹھی۔

"پلیز نعمان بھائی مت کہیے ایسے آخر کو وہ بھی تو کسی کی آنکھ کا نور ہیں۔"

"نور ۔۔!" یکلخت اس کا بگڑا موڈ سنورنے لگا۔

"کس قدر اچھی ہیں آپ مس رامین مگر کس قدر غلط شخص کے ساتھ دوستی میں پھنسی ہوئی ہیں۔"

"رامین از تو بچ تم چل رہی ہو میرے ساتھ یا یہیں سے تمہارا میرا رشتہ جدا ہوتا ہے۔" مٹھیاں بھینچتے ہوئے وہ پکاری تو رامین کی جان پر بن گئی۔

"کیسی باتیں کرتی ہو ذی ذی میں نے بھلا تم سے الگ ہو کر کیا کرنا ہے۔" اس کے تیز قدموں کا ساتھ دیتے ہوئے وہ بھی لمبے لمبے قدم اٹھانے لگی اور بلا آخر اس کے برابر پہنچ گئی اور نعمان دیوار سے ٹیک لگائے اس چھوٹی مگر آفت کی پرکالہ لڑکی کو دیکھے گیا جس کے دل میں محبت کے بارے میں بہت زیادہ زہر بھرا ہوا تھا شک۔

"کیا ہوا مسٹر نعمان یہاں کیوں کھڑے ہیں آپ؟۔" پروفیسر عباس نے شستہ انگریزی میں سوال داغا تو وہ ۔

"کوئی خاص بات نہیں سر" کہہ کر اپنی اگلی کلاس اٹینڈ کرنے چل پڑا اور پھر دن بھر بقول اس کے جھک مار کے تھک گیا تو یونیورسٹی آف ہونے پر اس کے قدم گھر کی طرف اٹھتے ہوئے عجیب طرح کا سرور اور خوشی محسوس کررہے تھے ایسے جیسے کسی قید خانے سے چھوٹا ہو سو وہ ہر طرح کی سوچیں بھلائے گھر میں داخل ہوا۔

مگر اہمل ضیا تو اس سے بھی پہلے گھر میں براجمان تھا بلکہ شور کررہا تھا ربیعہ بھابھی کو اس نے "مغلئی چکن روسٹ" کا حکم دیا تھا سو اماں کے تخت پر بیٹھا ان کے پاندان سے سونف نکال نکال کر پھانکتے ہوئے انہیں اسی بابت ہدایات بھی دے رہا تھا اس لیے صبر کا پیمانہ لبریز ہونے پر بلا آخر ربیعہ بھابھی اس کے سر پر آکھڑی ہوئیں۔

"خدا کے واسطے اہمل مجھے اپنی رسپی سے پکانے دو تم نے نہ جانے کتنی ترکیبیں مکس کرڈالی ہیں یاد رکھو اس ترکیب کو استعمال کیا ناں تو مغلئی روسٹ نہیں ملغوبہ بنے گا ملغوبہ۔" ان کی جھنجلاہٹ عروج پر تھی سو اہمل ضیا کا قہقہہ بار ہونا لازمی تھا ۔۔

"آپ نہیں جانتیں میں کچن کے حالات حاضرہ پر کس قدر عبور رکھتا ہوں لیکن ہائی گاڈ بھابھی یہ سب شور بک بک تو میں صرف اس لئے کررہا تھا آپ اپنے اس حجرے سے باہر آئیں تو میں آپ کو بتا سکوں کہ میٹھے میں مجھے صرف رس ملائی مرغوب ہے۔"

"میں نہیں بنا رہی رس ملائی بہت بکھیڑا ہے اس میں۔"

"مگر یار بھابھی ٹی وی پر تو کہتے ہیں چٹکی بجایئے رس ملائی تیار۔" اس نے نہایت معصومیت سے دیکھا بھابھی نے جوابا" پلٹ کر کچھ کہنے کو سر اٹھایا تو ان کا جملا وہیں دم توڑ گیا۔

"تم اپنی شکل بدل لو اہمل اسے دیکھ کر انکار نہیں ہوتا عجیب مسکین سی صورت ہے۔"

"مسکین اور کچھ یتیم سی بھی اس لئے آج کھلایئے روز محشر کے لئے ثواب کمایئے کہ یتیموں کی خبر گیری کرنے والے تو سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے ہیں ناں۔" اس نے ڈھٹائی دکھائی تو بھابھی ہنستی ہوئی واپس کچن کی طرف بڑھ گئیں اور نعمان کپڑے بدل کر ہاتھ منہ دھو کر تخت پر ہی آبیٹھا۔

"کیسا رہا آج کا دن؟۔" اس نے ربیعہ بھابھی سے بات منوا کر ڈائریکٹ نگاہ اس پر جمادی تو اس کا منہ کڑوا ہو گیا۔

"اس کا مطلب ہے پٹ کر آیا ہے اس ہٹلر سے۔"

"اتنی ہمت ہے اس کی؟۔"




WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"پھر گفٹ کا کیا رہا۔"

"منہ پر دے مارا۔"

"ہیں کون بداخلاق ہے یہ، جو میرے بچے کا تحفہ ٹھکرا دیا۔"

"ہے اماں ایک ہے ایسا دوست جسے محبت سے الرجی ہے مگر جسے محبت کی قدر کروا کر ہی دم لیتا ہے جسے رشتوں کی اہمیت اور ضرورت کی تھیوری پڑھانی ہے۔" اماں نے سنا مگر نہ سمجھنے والے انداز میں سرہلا دیا۔

اور بھابھی نے بے تحاشا خاموشی محسوس کی تو جھٹ پٹ چکن روسٹ اس کے سامنے لا رکھا نعمان نے اچانک نعمت غیر مترقبہ دیکھی تو ندیدوں کی طرح منہ چلانا شروع کردیا اس نے دیکھا تو زور زور سے نفی میں سرہلانے لگا۔

"نو نیور یہ صرف میرے لیے ہے اور اسے میں ہی کھاؤں گا۔"

"اہمل اتنا سارا چکن تم کھاؤ گے بیمار پڑ گئے تو۔"

"تو کچھ نہیں تیمارداروں کی ایک لمبی فہرست ہے میرے پاس میں ایک سال تک بھی بیڈ ریسٹ لے سکتا ہوں۔"

"زیادہ فضول مت بولا کرو اہمل۔" اماں نے ڈانٹا

"اب اتنے ندیدے پن سے مجھے دیکھو گے تو میرا تو ہو گیا ناں کام یہ لو چلو تم بھی تناول کر ہی لو۔" چھری کانٹے سے مزے دار چکن روسٹ کے پرخچے اڑاتے ہوئے اس نے آفر کری تو دروازے سے داخل ہوتا مظفر بھی جوتوں سمیت اس دعوت خاص میں شامل کیا کچھ ہی دیر بعد ربیعہ بھابھی نے اس کے سامنے رس ملائی لا رکھی۔

"ہیں یہ کیا تیار رکھی تھی۔" اس نے حیرت دکھائی۔

"دراصل آج ہماری ویڈنگ اینورسری تھی اور رس ملائی تمہارے بھائی کو بھی بہت مرغوب ہے اس لئے ان کی پسند پر بنا رکھی تھی۔"

"بھیا کے لئے بنائی ہے تو ان سے پہلے ہم ٹھونستے اچھے لگیں گے رکھیے اسے فریج میں شام کو جب آؤں گا تو گفٹ کے بدلے ایک پلیٹ رس ملائی۔"

"بالکل مفت۔" مظفر بے ساختہ پکارا تو اس نے اس کا کان مروڑ دیا۔

اچھی طرح پیٹ بھر گیا تو اس نے جانے کے لیے کمر باندھی۔

"چلتا ہوں اب تمہیں تو پتہ ہے بیمار ہوں" وہ کراہنے لگا تو نعمان نے بے ساختہ اس کی معصوم صورت دیکھی اور وہ گھر جانے کے لیے اٹھ کھڑا ہوا۔

گھر پہنچا تو ڈاکٹر احسان کو پہلے سے موجود پایا۔

"کہاں تھے تم۔ میں کب سے تمہارا انتظار کر رہا ہوں صبح ہی صبح شرجیل میاں کا فون آیا تھا کہ ڈریسنگ کر جاؤں چلو ادھر آؤ اسٹول پر بیٹھو۔" انہوں نے میڈیکل بکس کھولا تو وہ مسکراتا ہوا ان کے سامنے بیٹھ گیا پرانی پٹی ہٹائی تو ڈاکٹر احسان کی سرزنش کمرے میں گونجی۔

"کس قدر لاپرواہ ہو اہمل میاں یہ دیکھو خون پھر سے کیسے بہہ رہا ہے، اس قدر لاپرواہی برتی تو زخم خراب بھی ہو سکتے ہیں اہمل، اپنا بھلا چاہتے ہو تو اب بالکل بداحتیاطی مت کرنا۔" اس نے سنا تو سعادت مندی سے سرہلایا اور پھر واقعی بیڈ پر لیٹا تو لگا تھکن سے جسم ٹوٹ رہا ہو۔

شام کو عباس بھائی کی ویڈنگ اینورسری ہے لیکن شاید گول کرنی پڑے کی اپنی تو ہمت نہیں ہو رہی یار اس نے بےبسی سے سوچا پھر شریف کو آواز دی پھر جیب سے قلم نکال کر ایک چٹ پر کچھ لکھا۔

"ابھی شاپنگ مال جاؤ یہ پرفیوم پیک کرواؤ اور ایک کارڈ اور دو گلدستوں سمیت ٹھیک پانچ بجے نعمان کے گھر دے آؤ عباس بھائی میرا پوچھیں تو کہنا میری طبیعت کچھ اچھی نہیں ہے۔"

"آپ کی طبیعت اچھی نہیں ہے میں صاحب کو بلاؤں۔" شریف گھبرا گیا تو وہ ہنسنے لگا۔

"بس کچھ تھکن سی محسوس کر رہا ہوں ویسے بالکل ٹھیک ہوں چلو اب جاؤ مجھے سونے دو رات کے کھانے پر مت اٹھانا۔"

"جی کھانے پر مت اٹھانا کیا مطلب۔" وہ حیرت سے بولا۔

"اس کا مطلب یہ ہے کہ میرا گلا خراب ہے اس لیے تمہیں ٹھہری داور انہیں سنا پاؤں گا او شریف کبھی تو سنجیدگی اور دھیان سے بات سن لیا کرو۔" اس نے گھور کے دیکھا پھر دوبارہ بات سمجھائی تو وہ چٹ اور پیسے جیب میں ڈال کر باہر نکل گیا۔

اس کے جاتے ہی اہمل نے کروٹ لی فون پر نظر پڑی تو بے ساختہ ذی ذی کا خیال آیا فون نمبر گھمایا تو گھنٹی بجی پر اس نے ریسیو کیا اس کی آواز سنی تو کتنی دیر تک سوچتا رہا پھر آہستگی سے بولا۔

"میرے ہاتھ سے لکھی نظم پسند نہیں آئی۔"

"کون اہمل؟"

"جی اہمل ضیا آپ کا باڈی گارڈ۔"

"لیکن مجھے کسی باڈی گارڈ کی قطعاً ضرورت نہیں۔"

"آخر ذی ذی تم کیوں مان نہیں جاتیں کہ تمہیں کسی سہارے کی ضرورت ہے انکل زیاد اپنی طویل بیماری کی وجہ سے زندگی کی طرف سے ناامید ہو چکے ہیں اس لئے وہ چاہتے ہیں کہ حقداروں کو ان کی امانت سونپ دی جائے۔"

"لیکن میں کسی ایسے حق دار کو نہیں جانتی جس نے ساری زندگی خبر نہیں لی اور اب اپنا حق جتانے چلا آیا۔"

"میں نے تمام عمر تمہیں تلاشا ہے ذی ذی ایک ایک پل کی خبر رکھی ہے تمہاری پلیز اب اور مت ستاؤ مان جاؤ کہ مان جانا محبت کی پہلی کڑی ہے اور پھر میں کوئی غیر تو نہیں اسی باپ کا بیٹا ہوں جس کی تم۔"

"مجھے انکار ہے ہر اس سچ سے انکار ہے جو تم کہو مجھے ضیا خاکوانی کے ہر حق سے انکار ہے باپ صرف بچوں کا وجود دنیا میں لا کر بے یارو مددگار چھوڑ دینے والے کا نام نہیں نہ ہی دولت کے بل پر ایک ملازم کو اپنی بے سہارا بیوی اور بچی کا سرپرست بنا دینے کو کہتے ہیں۔

اور اہمل ضیا خاکوانی باپ اس رشتے کو بھی نہیں کہتے جو اپنے جھگڑوں سے ایک مخلص شخص کے پاؤں محض اس لیے توڑ دے کہ کہیں وہ تاریکی میں اس کی سابقہ بیوی اور بچی کو تمام دولت سمیٹ کر تنہا چھوڑ کر نہ بھاگ جائے۔

ضیا خاکوانی مجھے نفرت ہے اس نام سے کہ اس شخص نے کبھی انسان کو انسان نہیں سمجھا، ہر شخص کی عزت نفس دولت سے خریدنی چاہی مگر میں تمہیں بتا دوں ابن ضیا کہ ہر چیز نہ بکاؤ ہوتی ہے نہ اتنی سستی کہ ایک نام ایک حوالے کے عوض خرید لی جائے۔

ضیا خاکوانی کے بغیر بھی میری ایک شناخت ہے "زیاد" میرے نام کے ساتھ میری ہر دستاویز پر وہی درجہ رکھتا ہے جو تمہارے لئے ضیا خاکوانی کا نام بس فرق ہے تو اتنا کہ تمہارے باپ کا نام بہت مہنگا ہے ملٹی ملینر زمیں بہت بکنے والا۔

اور زیاد احسان محض ایک کالم نگار مگر میرے شفیق سے محافظ جسے میں اپنا باپ سمجھتی ہوں جس کو تمہاری تمام دولت بھی نہیں خرید سکتی کیونکہ وہ قلم کی آبرو اور اپنے منہ بولے رشتوں کی ناموس پر قربان ہوتا اور ان کی حفاظت کرنا خوب جانتا ہے اوور اینڈ آل آئندہ فون مت کرنا یہاں" اپنی بات ختم کر کے اس نے کھٹاک سے فون بند کر دیا تو اہمل نے ایک طویل سانس لیا سامنے ہی ضیا خاکوانی کی بڑی سی تصویر آویزاں تھی۔

"پاپا! آپ نے یہ جانے کیا کیا کیا اور نہ جانے کتنے جرم ہیں جو محض آپ کے انتظام آپ کی حکمرانی کے نام منسوب کر دیئے گئے شاہ کے وفاداروں نے آپ کو کس کس طرح نہیں کیش کروایا کیسے کیسے نہیں۔" اس نے آنکھیں بند کیں تو وہ آنسو تکیے میں جذب ہو گئے۔

شام گئے جب عامر بھائی اس کے کمرے میں داخل ہوئے تو وہ سو رہا تھا سو وہ واپس لوٹ گئے اور پھر ہر طرف اندھیرا تھا جب اس کے گیٹ پر پہلی بار نعمان راؤ کی بائیک رکی اتنی عالی شان کوٹھی کو دیکھ کر نعمان نے ایک بار پھر سے اپنے لباس کو دیکھا کلف لگے کالر کو پھر سے سیٹ کیا بٹن چیک کیے کھلے بٹن بند کیے چہرے سے پسینہ صاف کیا اور شاپنگ بیگ میں اچھی

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

www.paksociety.com

www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

طرح بند ٹفن کو دیکھا۔

"ممی نے کتنا منع کیا مگر سب سر ہو گئے اب اتنے عالی شان گھر میں کیک کے چند ٹکڑے اور دو پلیٹ رس ملائی کیا جچے گی اگر جو کسی نے کچھ کہہ دیا تو ضروری تو نہیں گھر میں سب اہمل کی طرح ہوں۔"

"کس سے ملنا ہے صاحب؟۔" گارڈز میں سے ایک شخص نے اپنے پتھریلے لہجے میں نرمی پیدا کرنے کی کوشش کی تو وہ ہکلا گیا۔

"اہمل صاحب سے ملنا ہے میں دوست ہوں ان کا۔"

"شٹ! بوکھلاہٹ دیکھو اہمل سے اہمل صاحب بنا دیا اے اسٹوپڈ۔" گارڈ کے مڑنے پر اپنی کمزوری پر زور سے پیر زمین پر مارا گارڈ نے واپس آ کر گیٹ کھولا۔

"صاحب آپ کا اپنے کمرے میں انتظار کر رہے ہیں شریف آپ کو ان کے کمرے تک لے جائے گا۔" گارڈ نے ایک ملازم کی طرف اشارہ کیا اس نے سر ہلا کر گیٹ سے اندر قدم رکھا لیکن ابھی ملازم کی رہنمائی میں مزید ایک قدم بھی نہ چلا ہو گا کہ دو مضبوط بانہوں نے اسے تھام کر اپنے سینے سے لگا لیا۔

"ہائے میری قسمت آج اتنی طویل دوستی میں پہلا موقعہ ہے کہ تم میرے گھر آئے۔" بے تحاشا خوشی میں اس سے بات بھی نہیں ہو رہی تھی اور وہ ملازم کے ہاتھ میں پکڑے ٹفن کیریئر کو تک رہا تھا کس قدر چیپ لگ رہا ہے اس وقت یہ ٹفن اس نے کوفت سے برا سا منہ بنایا تو اس کی بھٹکتی نگاہ بھی شاپنگ بیگ پر جا رکی۔

"اچھا تو جناب آج بھی آئے نہیں بلکہ زبردستی بھجوائے گئے ہیں کس قدر خیال ہے اماں بھابھی کو میرا۔" ملازم سے شاپنگ بیگ لے کر اس کا ہاتھ تھاما اور اندر بڑھتا چلا گیا وال ٹو وال کارپٹ ایسا کہ قدم دھنستے تھے دیواروں پر بیش قیمت و نادر تصاویر اور جانے کیا کیا ایک نگاہ میں تو سب سماتا ہی نہیں تھا یہ اہمل یہاں رہتا ہے اسے اس کی امارت کا اندازہ تو تھا مگر اس قدر۔۔۔"

"کیا ہوا میرا گھر پسند نہیں آیا کیا؟۔" وہ گنگنایا تو وہ ہنسا۔

"یہ گھر ہے یا کوئی محل اتنی راہداریاں اتنے کمرے اہمل تم تو کراؤن پرنس ہو یار پلک جھپکتے ہی ہر خواہش پوری کر لینے والے۔"

"ہو سکتا ہے ایسا ہو لیکن نعمان انسان خواہشات اس وقت کرتا ہے جب اس کے پاس محبت کے بعد وقت بچے جب کہ میرے پاس تو چاہنے والوں کی اتنی بڑی لسٹ ہے کہ میں ان سب کی محبت دل میں جمع کرتے کرتے کوئی خواہش کرنا ہی بھول گیا ہوں یا شاید میری محبت رکھنے والے میرے دل و نظر کو اس قدر جان چکے ہیں اس قدر حفظ کر چکے ہیں مجھے کہ زبان سے کہنے سے پہلے ہر خواہش خود بخود پوری کر دیتے ہیں جیسے تم ربیعہ بھابھی، عباس، مظفر بھائی اور۔۔۔" وہ نام گنواتا گیا پھر تھما تو مسکرایا۔

"کمرے میں چلو وہیں بیٹھ کر اطمینان سے مزید بکواس کروں گا۔" اس نے دروازہ کھولا پھر داخل بھی نہ ہوا تھا کمرے میں کہ رمیز اور عامر بھائی سے اچانک سامنا ہو گیا نعمان نے انہیں دیکھا تو سمٹ گیا اور رمیز بھائی نے اس کی کیفیت بھانپی تو گرمجوشی سے اس سے بغل گیر ہو گئے۔

"پزل ہونے کی کیا ضرورت ہے یار اسے اپنا ہی گھر سمجھو۔"

"ہی از رائٹ۔" عامر بھائی نے پیشانی چوم لی تو اہمل نے بے ساختہ کہا۔

"دیکھا کتنے اچھے ہیں میرے بھائی۔"

"بس بس بتاؤ مت تالی بوائے" رمیز بھائی نے سنورے بال بکھیرے تو وہ ہنستا ہوا نعمان کو لیے بیڈ روم کے اندر بڑھ گیا۔

"یہاں بیٹھ میں ابھی منگواتا ہوں پلیٹیں مل کر کھائیں گے۔" دروازے تک گیا شریف کو آواز دی پلیٹیں لانے کا کہا اور واپس جھٹکے سے بیڈ پر آگرا پھر مسکرایا۔

"یہ تھوڑا کیوں ایسا ہو رہا ہے کیا بہت زبردستی بھیجا گیا ہے۔"

"نہیں تو بس ویسے ہی کچھ تیری امارت کا رعب ہے شاید۔"

"آئندہ مت کہنا ایسا دوستی دل سے ہوتی ہے رشتے امارت سے نہیں محبت سے تعمیر ہوتے ہیں اور دوستی میں کلاس نہیں صرف سچائی اور خلوص [illegible] ہوتا ہے سمجھے کچھ۔"

"مجھے فخر ہے اہمل کہ میں تمہارا دوست ہوں۔"

"یقیناً ہر شخص ہم سے شرف ملاقات کر کے یہی کہتا ہے ہم تو ہیں ہی وی وی آئی پی۔"

"لیکن اس وی آئی پی کی صرف ایک لڑکی کے سامنے دال نہیں گلتی ہے ناں۔" اس نے ہنستے ہوئے ملازم کے ہاتھ سے پلیٹیں پکڑیں پھر شاپنگ بیگ سے ٹفن نکال کر کیک اور رس ملائی پلیٹوں میں ڈالنے لگا تکیے سے لگا اس جملے سے اپ سیٹ خاموش سا اہمل کام کرتے نعمان کو دیکھ رہا تھا۔

دوپہر کی گفتگو ایک بار پھر سے اس کی سماعت میں گونج رہی تھی اور وہ دو آنسو جو تکیے پر بہہ گئے تھے وہ آنسو پھر سے اس کی پلکوں تک ہلکورے لے رہے تھے بڑی مشکل سے خود کو نارمل کیا تھا اس نے مگر نعمان نے نا سمجھی میں اس کے اتنے گہرے گھاؤ کو کھرچ ڈالا تھا۔

"یہ لیجئے اب ٹھونسیے بھابھی اور اماں نے کہا تھا اپنے ہاتھ سے کھلا کر آنا اور یہ کہ یہ بھی پوچھ لینا محترم کے مزاج شریف اب کیسے ہیں 'مزاج شریف' مجھے تو ٹھیک لگتے ہیں اس کے تھوں کا صرف بی ڈرائیو سے جان بچائی تھی حضرت نے ورنہ ارے اہمل کیا ہوا یہ اچانک۔" پلیٹ دیتے ہوئے پہلی بار اس نے اس کی طرف غور سے دیکھا دو آنسو پلکوں سے امنڈ آئے تھے اہمل بیڈ سے اٹھ کر اس کی طرف سے پشت کر کے کھڑا ہو گیا تھا۔

"اہمل واٹ ہیپنڈ یار۔" اس نے بازو تھاما تو ہولے ہولے لرزتا جسم اس کے کاندھے سے لگا وہ بے آواز رو رہا تھا اور نعمان اس کی تو جان پر بن گئی تھی آج تک اس نے اہمل کو صرف قہقہے لگاتے دیکھا تھا مگر آج یہی اہمل کتنی بے بسی سے رو رہا تھا۔

"کیا ہوا اہمل۔۔۔ بتاؤ ناں یار ہم تو دوست ہیں ناں۔" اس نے چونک کر اسے دیکھا پھر بدقت خود کو سنبھالا دونوں ہتھیلیوں سے آنکھیں رگڑیں پھر ہنسنے لگا۔

"تمہارے ہنسنے سے میرا سوال ختم نہیں ہو گا۔"

"آج کل پانی سے لکھنے کی مشق کر رہا ہوں۔" کہہ کر وہ پھر مسکرایا "دوستی تیری جان و دل لیکن جان من بات تو کچھ بھی نہیں تھی۔"

"پھر روئے کیوں تھے وہ بھی اتنی بے قراری سے۔"

"تیری شکل ہی ایسی ہے اچھا خاصا بندہ ملول ہو جائے اور کے مذاق ایک طرف دراصل آج دوپہر کو ذی ذی سے بات ہوئی تھی۔۔۔"

"پھر کیا کہا اس فتنہ پرداز نے؟۔"

"کیا کہنا تھا ہر قدم ہر موڑ پر جو کہتی ہے وہی کہا بہت سفاکی بہت تنفر سے مگر ہم بھی ہمت ہارنے والے نہیں۔"

"ہمت کے ابا آخر یونیورسٹی میں ذی ذی کے علاوہ بھی تو کئی لڑکیاں ہیں پھر تجھے صرف وہ ہی کیوں نظر آتی ہے۔"

"اس لئے کہ ذی ذی میری۔۔۔" وہ ذرا سا رکا پھر مسکرایا "چھوڑ یار ذی ذی دل کی بہت اچھی لڑکی ہے اور ہاں آج بتا دوں کہ میرا اس کا وہ رشتہ نہیں جو تو سمجھ رہا ہے۔"

"مطلب۔۔۔؟" اس نے سوالیہ انداز میں دیکھا۔

"بتاؤں گا تجھے سب سے پہلے بتاؤں گا لیکن اس وقت جب وہ بے وقوف لڑکی میری بات میرے سچ کو مان جائے گی۔" نعمان نے توجہ سے دیکھا پھر اچھے دوستوں کی طرح کاندھے اچکا دیئے۔

"ایز یو لائک۔" پھر پلیٹ کی طرف اشارہ کیا۔

"اب انہیں ٹھونس بھی لو اماں بھیا بھابھی سب میرا انتظار کر رہے ہوں گے شہر کے حالات تو از رہیں ناں؟"

"جی ہاں اس لئے محترم نعمان احمد راؤ کو بادولت خود گھر چھوڑنے جائیں گے ہاں بھئی شکریہ بھی تو کہنا



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

جب چاہے آسکتا ہے آپ کو کوئی مطلب نہیں ہونا چاہیے۔"

"کیوں نہیں ہونا چاہیے تم نے حرف غلط کی طرح ہمیں مٹایا ہوگا ہم نے نہیں میں زین ضیا تم چاہو بھی تو اس بیچ کو نہیں جھٹلا سکتیں کہ تم میری بہن ہو اور۔۔۔ اور بہت عزیز ہو مجھے۔"

"ہاعزیز بہن۔ چھوڑیے مسٹر اہمل ضیا محبت وفا کے یہ خوش کن لفظ اور جذبے آپ کی نوک زبان سے ادا ہوتے اچھے نہیں لگتے۔" وہ چیزیں اٹھا کر کچن کی طرف بڑھ گئی تو زیاد انکل نے اس کا ہاتھ تھام لیا۔

"بابا صاحب شیرازی یہاں صرف آج ہی آیا تھا اس کے بابا کے آفس میں کوئی ویکنسی ہے زی زی کا آخری سال ہے یونیورسٹی میں اس لئے وہ زی زی بیٹا کے لئے اپنے اس آفس جاب کی آفر لے کر آیا تھا ابھی فیصلہ نہیں ہوا آپ جو کہیں میں وہی فیصلہ دوں گا۔"

"میرا فیصلہ؟۔ زیاد انکل زی زی کو تو میرے ہر فیصلے ہر بات سے نفرت ہے پھر بھلا وہ میرا کہا کیوں مانے گی لیکن اسے بتا دیجئے کہ شیرازی بہت برا انسان ہے۔"

"ہے برا انسان لیکن اہمل ضیا تم سے بہت کم کیونکہ وہ جیسا ہے اسی طرح دکھاتا ہے خود کو تمہاری طرح روپ بدل کر ماسک لگا کر لوگوں کو نہیں لوٹتا۔"

"انکل دیکھ رہے ہیں آپ کس قدر ہرٹ کرتی ہے یہ مجھے" مگر اس سے پہلے کہ انکل زیاد کوئی حرف تسلی مرہم کی طرح رکھتے وہ چلنے کے لئے اٹھ کھڑا ہوا ایک قدم بڑھایا پھر واپس پلٹ کر اس کے بالوں کو ہولے سے چھوا اور کہا۔

"زی زی بچپن کی طرح تمہارے بال آج بھی بہت سلکی اور بہت نازک ہیں مگر تمہارا دل بہت سخت ہو چکا ہے اتنا کہ اس پر کوئی ناویل کوئی دلیل کوئی محبت اثر نہیں کرتی لیکن پھر بھی زی زی جب بھی تمہیں میری یا اپنے بھائیوں میں سے کسی کی بھی ضرورت محسوس ہو تو پکارنا ضرور پاؤ گی ہمیشہ ہم سب کو اپنے لئے دیدہ و دل فرش راہ کئے پاؤ گی۔" زی زی نے بنا کچھ کہے نخوت سے پشت موڑی تو انکل زیاد کی آنکھوں میں بھی آنسو آگئے۔ وہ خاموشی سے باہر نکل آیا۔

*—*—*

ان کے امتحانات ختم ہو گئے مگر زی زی نے اپنی روش نہ بدلی بلکہ محض اہمل کو دکھ دینے میں وہ شیرازی سے اور کلوز ہونے کی کوشش کرتی یہاں تک کہ اس کی مخالفت میں وہ انکل زیاد کو ناراض کرکے یونیورسٹی کے بعد شیرازی کے بابا کا آفس جوائن کر بیٹھی رامین نے اسے یہ خبر سنائی تو وہ چلا پڑا۔

"تمہاری یہ دوست انسانوں والی زبان کیوں نہیں سمجھتی بہت بری طرح پیش آؤں گا میں۔" رامین نے اس کا غصہ دیکھا تو گھبرائی اور نعمان سے پوچھنے لگی۔

"اہمل اس قدر حساس کیوں ہے زی زی کے معاملے میں۔" نعمان کو خود پتا نہیں تھا تو کیا بتاتا سو صرف کندھے اچکا کر رہ گیا اور اہمل نے اپنے ہر عمل کا ردعمل صرف نفرت کو دیکھا تو چپ سادھ لی رامین نے یونیورسٹی کے بعد شرجیل بھائی کے دفتر میں بحیثیت سیکریٹری جاب کر لی تھی۔

زی زی کی پروموشن ہوئی تھی شیرازی اب بھی اس سے ملتا تھا بلکہ اب تو وہ کچھ زیادہ ہی فری ہوتا جا رہا تھا اور وہ باس کے بیٹے کی حیثیت سے کچھ نہ کہہ پاتی تمام تلخی دھری رہ جاتی۔

بلکہ کبھی کبھی دل کے کسی گوشے میں یہ خیال جڑ پکڑنے لگتا کاش ایسے میں کہیں سے اہمل بھائیوں والا حق جتاتا دندناتا ہوا دفتر میں داخل ہو اور شیرازی کو کالر سے پکڑ کر دفتر کی پانچویں منزل سے نیچے پھینک دے اور اس شیرازی سے جان چھوٹے۔ لیکن وہ انا اور نفرت جو بھی اس کا کیا ہوتا سو وہ اپنے ان الی جذبات کو دل میں رکھے مصروف رہتی۔

مگر دفتر کے ماحول میں اس نے کچھ عجیب سی پراسراریت کو محسوس کر ہی لیا رامین بھی بہت مصروف تھی سو وہ بے انتہا ڈسٹرب تھی کافی دنوں تک سوچ بچار کرنے کے بعد وہ چھٹی والے روز رامین سے مشورہ لینے کے لئے چل پڑی۔

لیکن وہ ابھی ڈرائنگ روم کے باہر ہی کھڑی تھی اندر داخل ہونے کے بارے میں سوچ ہی رہی تھی کہ اس



کی سماعت میں بے شمار جانی پہچانی آوازیں گونجیں۔

عامر رمیز اور شرجیل بھیا سب ڈرائنگ روم میں موجود تھے معاملہ تھا رامین کے تعلق کو رشتے داری میں بدلنے کا ناصر بھائی جو بقول اہمل کے اس وبائی نکاح کی زد سے بچ گئے تھے سب کو ان کی خیریت کھلنے لگی تھی۔

اس لیے شرجیل بھائی نے رامین کی عادات و اطوار اور خود اہمل کی ذاتی خواہش اور ناصر بھائی کی پسندیدگی کو دیکھتے ہوئے اسے ہمیشہ کے لئے اپنے گھر کو سنوارنے والی منتظمہ کے طور پر قبول کر لیا تھا اور آج اس کے لئے رشتہ لے کر آئے تھے رامین کے گھر میں اس کے انکل ہی تھے جو اس رشتے کے لئے تیار تھے صرف رامین سے پوچھنا باقی تھا سو اہمل دوست بنا اس کے کمرے میں جا کھڑا ہوا۔

"ناصر بھائی کے ساتھ پر تمہیں کوئی اعتراض تو نہیں ڈی ایس پی ہیں معقول تنخواہ اور شرافت نجابت پر تم آنکھ بند کرکے یقین کر سکتی ہو کہو کوئی اعتراض تو نہیں۔"

"اہمل زی زی۔۔۔ وہ اس رشتہ پر خوش نہیں ہوگی میری بچپن کی دوست ہے اگر وہ ناراض ہوئی تو۔۔۔" نیم رضامندی دے کر اس نے خدشہ ظاہر کیا۔

"زی زی۔۔۔ اسے ساری دنیا سے ناراض ہونے کے علاوہ آتا ہی کیا ہے اب آخر کوئی کب تک کسی کے لئے اپنی خوشیاں اور وقت اور جذبات تیاگ دے زی زی کو چھوڑو کوئی اور دوست بنا لینا بلکہ میں نے سوچا ہے چاروں بھائیوں کی ایک ساتھ ہی رخصتی کروا لوں تاکہ تم چاروں مل کر مجھ گلفام کے لئے ایک حور پری ڈھونڈ سکو۔"

"مگر پھر بھی وہ زی زی اہمل بھائی۔"

"ایک تو تم پر زی زی سرسامی کیفیت کی طرح چھائی ہوئی ہے اچھا سنو میں اسے پھر سے منانے کی کوشش کروں گا۔" وہ باہر نکلا سب کو اس کے فیصلے سے آگاہ کیا پھر مبارکباد سمیٹتا وہ کاریڈور میں آیا تو زی زی کے مخصوص پرفیوم کی مہک سونگھ کر اس کے قدم تھم گئے۔


بیوٹی بکس کا تیار کردہ

سوہنی ہیئر آئل




• گرتے ہوئے بالوں کو روکتا ہے
• نئے بال اگاتا ہے
• بالوں کو مضبوط اور چمکدار بناتا ہے
• مردوں، عورتوں اور بچوں کے لیے یکساں مفید
• ہر موسم میں استعمال کیا جا سکتا ہے

سوہنی ہیئر آئل 12 جڑی بوٹیوں کا مرکب ہے اور اس کی تیاری کے مراحل بہت مشکل ہیں لہٰذا یہ تھوڑی تعداد میں تیار ہوتا ہے یہ بازار میں یا کسی دوسرے شہر میں دستیاب نہیں کراچی میں دستی خریدا جا سکتا ہے ایک شیشی کی قیمت صرف 50/ روپے ہے

قیمت 50/ روپیہ

دوسرے شہر والے منی آرڈر بھیج کر رجسٹرڈ پارسل سے منگوالیں رجسٹری سے منگوانے والے منی آرڈر اس حساب سے بھجوائیں

ایک شیشی کے لیے ـــ 70/ روپے
2 شیشیوں کے لیے ـــ 120/ روپے
3 شیشیوں کے لیے ـــ 170/ روپے

نوٹ: اس میں ڈاک خرچ اور پیکنگ چارجز شامل ہیں۔

منی آرڈر بھیجنے کے لیے ہمارا پتا:
بیوٹی بکس 53 اورنگزیب مارکیٹ، سیکنڈ فلور ایم اے جناح روڈ، کراچی

دستی خریدنے والے حضرات سوہنی ہیئر آئل ان جگہوں سے حاصل کریں
بیوٹی بکس، 53 سیکنڈ فلور، اورنگزیب مارکیٹ ایم اے جناح روڈ، کراچی

ـــ یا ـــ

مکتبہ عمران ڈائجسٹ
37 اردو بازار کراچی




WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

کا حصہ بنا ہوا تھا کہ اچانک فون کی بیل بجی۔
"اس وقت میں کسی قسم کے کام کے موڈ میں نہیں ہوں سر کیوں کہ آج ہم نے نیو ایئر منانا ہے اور اس کا سب سے خاص آئٹم ایک ضدی لڑکی کی واپسی ہے۔" اس نے ریسیور اٹھا کر دوسری طرف کی بات سنے بغیر کہا۔
"اہمل بھائی یہ میں ہی بول رہی ہوں آپ کی ذی ذی۔" دوسری طرف سے بوکھلائے ہوئے لہجے میں کہا گیا تو وہ سر سہلا کر رہ گیا۔
"دراصل آج صبح سے ناصر بھائی نے تنگ کر رکھا تھا آج شیرازی کو اریسٹ کرنے کا پروگرام ہے میں نے کہہ دیا کہ آج ہم اس دھواں دھار میں ہرگز شامل نہ ہوں گے بلکہ آج ہم صرف نیا سال سیلبریٹ کریں گے اپنی سب سے پیاری دوست اور لٹل سسٹر کو زندگی کا پیغام دیں گے کہ زندگی محض محبت کے سوا کچھ نہیں۔"
"اور کچھ کہنا باقی ہے تو وہ بھی کہہ ڈالیے اہمل بھائی آپ بہت بولتے ہیں۔" یکلخت دوسری طرف سے روہانسی آواز سنائی دی تو وہ چونکا۔
"بکواس اب بالکل بند تم بتاؤ کیوں فون کیا تھا؟" وہ نہایت سنجیدہ لہجے میں پوچھنے لگا تو وہ حد روانہ لہجہ بن کر رونے لگی۔
"آپ کہہ رہے ہیں کہ شیرازی کو گرفتار کرنا ہے، لیکن شیرازی تو۔۔۔" اس نے اتنا ہی کہا تھا کہ لائن کٹ گئی، وہ دیوانہ وار دروازے کی طرف لپکا۔
"یہ یکدم کہاں کا قصد کر لیا کس کا فون تھا۔" رمیز بھائی نے پوچھا تو وہ ذی ذی کہہ کر آگے بڑھ گیا سب کم گو کیفیت میں بیٹھے رہ گئے رمیز بھائی سے پوچھنے لگے مگر وہ جواب دینے کی بجائے فون کرنے لگے پتہ چلا ناصر بھائی ذی ذی کی طرف کب کے روانہ ہو چکے ہیں۔
"ارے او کے سب ٹھیک ہے کچھ پریشانی کی بات نہیں۔" رمیز بھائی نے سب کے پریشان چہرے دیکھ کر مطمئن لہجے میں کہا۔
"ناصر تو ڈی ایس پی ہے مگر یہ اہمل یہ کس قانون سے ہر خطرے میں کود پڑتا ہے۔" شہنا بھابھی نے بے بسی جھنجلاہٹ دکھائی تو رمیز بھائی مسکرا دیئے۔
"کچھ اختیارات ہیں اس کے پاس جو ناصر نے تو اسے دے رکھے ہیں۔"
اہمل ضیا جب ذی ذی کے کالج پہنچا تو اسے پتا چلا کہ شیرازی کا چھوٹا بھائی عرفان گرفتار ہو گیا ہے تو شیرازی نے ذی ذی کو یرغمال بنا لیا ہے۔
ناصر بھائی مائیکروفون پر شیرازی کو ہتھیار پھینک کر سرینڈر کرنے کا حکم دے رہے تھے اہمل عقب سے اس راستے کے ذریعے اندر داخل ہوا جو کچن کے اندر کھلتا تھا وہ اندر داخل ہوا تو عجب منظر سامنے تھا ذی ذی شیرازی کے ریوالور کی زد میں تھی۔ شیرازی پریشان حالت میں کھڑا تھا کہ اسے پشت سے آواز آئی۔
"یار شیرازی ہر موقعہ پر ہر چال کامیاب نہیں ہوتی میں جانتا ہوں پہلے سے انفارمیشن مل جانے کی وجہ سے تم نے یہ جذباتی قدم اٹھایا ہے لیکن صد افسوس کہ تم نے جس چیز کے لئے یہ قدم اٹھایا وہ چیز یعنی وہ فائل یہاں نہیں بلکہ پولیس سے ہوتی منسٹری آفس تک پہنچ چکی ہے۔
اس لئے ذی ذی یا مجھے مارنے کے بعد بھی تم قانون سے بچ نہیں سکتے اور نہ ہی تمہارا بھائی رہا ہو سکتا ہے لہٰذا اگلے کسی مزید جذباتی اقدام سے قبل ۔۔۔"
اس کا جملہ پورا ابھی نہیں ہوا تھا کہ وہ چیخا۔
"بکواس مت کرو میرا یہاں سے نکل جانا کوئی مسئلہ نہیں بہت لمبے ہیں میرے ہاتھ اور تم آگے نہ آنا۔" جواباً اس کا لہجہ چٹانوں کی طرح سخت تھا اور اہمل کا مقصد اس کا دھیان ہی توڑنا تھا دھیرے سے مزید آگے بڑھا اس گلدان کی طرف جو سینٹرل ٹیبل پر رکھا تھا۔
"شیرازی جس کے ہاتھ جتنے لمبے ہوں اس کا قد اتنا ہی چھوٹا ہو جاتا ہے جرائی معنی میں اخلاقی کردار۔" یکدم کہتے کہتے اس نے اس کے اس ہاتھ پر گلدان مارا جو ذی ذی کی طرف اٹھا ہوا تھا اس کے ہاتھ کو جھٹکا لگا ریوالور دور جا گرا اور موقعہ سے فائدہ اٹھا کر ذی ذی صوفے سے فوراً چھلانگ مار کر پیچھے ہو گئی۔



سب کچھ منٹوں میں ہو گیا تھا ناصر بھائی کی فورس کے افراد نے اس کے گرد گھیرا ڈال دیا تھا اس کے ہاتھ میں ہتھکڑی لگ گئی تو ذی ذی بھاگتی ہوئی اہمل کے سینے سے آ لگی۔
"اہمل بھائی میں شرمندہ ہوں۔"
"یعنی تم نے مزید نفرت کرنے کا فیصلہ ملتوی کر دیا۔"
"ہاں کیوں کہ میں جان گئی ہوں کہ مجھے واقعی اب آپ جیسے بھائیوں کے سہارے کی ضرورت ہے میں اب تنہا نہیں چل سکتی۔" اہمل نے سنا تو مسکراتا ہوا جیت زدہ کھڑے ناصر بھائی کے قریب آ گیا۔
"ان سے ملیے یہ ہیں زین ضیا پاپا کی بیٹی اور ہماری آپ کی اکلوتی پاگل لٹل سسٹر ابھی تو میں شیرازی کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جس کی معمولی سی جلد بازی نے مجھے اتنی سرعت سے اس پاگل اور احمق لڑکی کو منانے کا موقعہ فراہم کر دیا ورنہ تو صدیوں پر محیط تھا یہ سفر کہ تم بھی چلو گی ذی ذی شیرازی کا شکریہ ادا کرنے۔" اس نے ہاتھ آگے بڑھایا تو ذی ذی بنا محبت کا اس کے ساتھ چل پڑی۔
وہ بنگلہ سے کچھ ہی فاصلے پر آئے تھے کہ اہمل نے شیرازی کو شرارت سے مخاطب کیا۔
"تھینکس شیرازی ذی ذی کا دل ہماری طرف سے صاف کرنے میں تم نے کلیدی کردار ادا کیا میں تمہیں ایک اچھے دشمن کی طرح ہمیشہ یاد رکھوں گا ذی ذی تک۔۔۔" کہتے کہتے اچانک اس نے ذی ذی کو دھکا دے دیا اندھیرے میں اچانک شعلہ سا لپکا ذی ذی کی چیخیں نکل گئیں اہمل اوندھا گرا پڑا تھا اور شیرازی دیوانوں کی طرح قہقہے لگا رہا تھا۔
"یہی پلان تھا میرا میں ادھار نہیں رکھتا۔"
"تم نے اس کے دونوں ہاتھوں میں ہتھکڑی کیوں نہیں لگائی تھی۔" ناصر بھائی اپنے ماتحت پر چلا رہے تھے پھر تیزی سے اہمل کی طرف بڑھے ذی ذی بے قراری سے اسے جھنجھوڑ رہی تھی مگر وہ بے سدھ تھا۔
"یہ اہمل کو کیا ہو گیا ہے زخم بھی نہیں ہے کہیں یہ ہل کیوں نہیں رہا ناصر بھائی" وہ اہمل کا چہرہ ہاتھوں میں لے کر رونے لگی تو ناصر بھائی بھی اس کا جسم ٹٹولنے لگے بلٹ پروف جیکٹ تھی شرٹ کے نیچے مگر اہمل کی نبض بھی چل رہی تھی۔
"اہمل۔۔۔" گھبرا کر چونک کر خود وہ بھی ذی ذی کی طرح اسے اٹھانے لگے۔
وہ اپنی سی کوششوں میں مصروف رہے اور وہ خالی خالی نگاہوں سے اسے دیکھتی رہی، کتنی ہی باتیں اس کے ذہن میں گونجنے لگی تھیں کبھی نعمان نے کہا تھا۔
"دیکھئے گا مس زین ایک دن آپ اس برے شخص کے مرنے پر خوب روئیں گی گڑگڑا کر اس کی زندگی کی دعائیں مانگیں گی لیکن اس دن آسمان دعائیں بھی لوٹا دے گا۔"

پاک و ہند میں یکساں مقبول و معروف شاعر
خمار بارہ بنکوی
کی غزلوں کا مجموعہ
آہنگِ خمار
شائع ہو گیا ہے
بھولے ہیں رفتہ رفتہ انہیں مدتوں میں ہم
قسطوں میں خودکشی کا مزا ہم سے پوچھیے
آغازِ عاشقی کا مزا آپ جانیے!
انجامِ عاشقی کا مزا ہم سے پوچھیے
قیمت 150/ روپے
سول ایجنٹ:-
مکتبہ عمران ڈائجسٹ، 37، اردو بازار، کراچی
فون نمبر 216361
نوٹ: ایڈوانس 150/ روپے منی آرڈر بھجوانے پر پیکنگ اور ڈاک خرچ بذمہ ادارہ



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

میں [illegible] اور کہیں سے وہ خود پکارا۔

"تم ہر کام میں بہت دیر لگاتی ہو سنو گڈ گرل کہیں ماننے میں اتنی دیر مت لگا دینا کہ تمہارا یہ دوست یہ بھائی محض یاد ہو کر رہ جائے۔"

"نہیں اہمل بھائی۔" اس نے پھر سے سر جھکا لیا تو ناصر بھائی نے اسے کاندھوں سے پکڑ کر اٹھایا اپنے بے کراں سینے سے لگا لیا اور پھر کہا۔

"مجھے اہمل سمجھو میں بھی تو اہمل کی طرح تمہارا بھائی ہوں نا۔"

"مگر اہمل کو کیا ہوا؟۔" وہ بے قراری سے آگے بڑھنے لگی تو ناصر بھائی نے پھر سے اس کا سر اپنے سینے سے لگا لیا۔

"صبر کرو ذی ذی اہمل نئے سال کی اس ساعت میں اب ہمارے ساتھ نہیں رہا کھو دیا ہم نے اسے۔"

"جھوٹ بلف ذی ذی قطعاً یقین مت کرنا۔" یکدم وہ چلاتا ہوا اٹھ کھڑا ہوا تو قریب کھڑا انسپکٹر گھبرا کر دو قدم پیچھے ہٹ گیا اور ناصر بھیا تو قہقہہ لگا کر ہنس پڑے کہ وہ شرارت میں اس کا ساتھ دے رہے تھے لیکن ذی ذی نے اسے بری طرح پیٹ ڈالا۔

"تمہیں ہمارے دلوں سے کھیلتے شرم آنی چاہئے تھی اہمل۔"

"شرم ہی تو آئی وگرنہ تو گھر بھی ایسے ہی خصوصی انداز میں پہنچنے کا ارادہ تھا۔" اس نے شرارت سے کہا لیکن ذی ذی خفا ہی رہی اس سے۔

"مان رہی ہو یا میں چلتی جیپ سے چھلانگ لگا دوں۔" کوئی رسپانس نہ ملا تو پچھلی سیٹ پر بیٹھے بیٹھے کراہنے لگا۔

"بہت خراب نشانہ تھا ظالم کا بس غلطی ہو گئی اس کے سامنے ہی آجاتا تو اچھا تھا یہاں تو کسی کو ہماری ضرورت۔۔۔۔"

"بکواس بند کرو گے یا۔۔۔" ناصر بھائی غصے میں پلٹے ذی ذی نے بھی گھورنے کی کوشش کی مگر اس کی مسکین صورت دیکھ کر دونوں ہی کی ہنسی نکل گئی۔

"تم اس قدر اسٹوپڈ کیوں ہو۔" ناصر بھائی نے جیپ ایک کنارے روکی اس کے بال مٹھیوں میں جکڑ کے پوری قوت سے کھینچے اس کے آنسو نکل آئے تو چیخ کر سینے سے لگا لیا۔

"تم تو بلی میڈ مین ہو اہمل۔"

"ہوں مگر آپ سے کم سارے بالوں کی جڑیں ہلا کر رکھ دیں۔" ناصر بھائی ہنسنے لگے خفت زدہ سے تو اس نے جیکٹ کی بالکل اندرونی جیب سے ایک کارڈ نکال کر ذی ذی کے حوالے کیا۔

"آج بڑا زبردست پروگرام ہے تمہاری شان میں۔" ذی ذی نے کارڈ کھولا تو صرف ایک چھوٹی سی نظم لکھی تھی۔

نئے سال کا
بہترین تحفہ
ایک مسکراہٹ
جو
میری دوست
تیرے لب اچھالیں

اس نے پڑھ کر نگاہ اٹھائی تو دونوں بھائیوں کو اپنی طرف دیکھتے پایا۔

"آپ سب میری کسی نیکی کا ثمر ہیں وگرنہ میں نے تو محبتیں ٹھکرانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی تھی مجھے فخر ہے آپ سب پر۔"

"اور ہمیں بھی تم پر بہت مان ہے ذی ذی۔" ناصر بھائی نے اسے کاندھے سے لگا لیا اور اہمل ضیا تمام تر شوخی اور سر میں نئے سال کے استقبال کے نغمے گنگنانے لگا۔

جیپ پوری رفتار سے خاکوانی ہاؤس کی طرف اڑی جا رہی تھی جہاں بے شمار دل اور ہاتھ ان کے لئے مصروف دعا اور نگاہیں دید کی منتظر تھیں۔ محبت اور خوشیاں منتظر تھیں۔ نیا سال اس خوش کن یقین کے ساتھ ان کے گھر اور دلوں پر دستک دے رہا تھا۔

اور وہ سب اس کے استقبال کے لئے ہار پھول لئے تیار کھڑے تھے نیا سال جو بس چند لمحوں بعد آیا ہی چاہتا تھا خوشی کی اس نئی رت کو لیے ہمیشہ رہنے کے لئے۔

*_*



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سعدیہ عزیز آفریدی

# محبت ایسا دریا ہے

"تمہاری نظر میں محبت کیا ہے۔۔۔؟" بھرے نیلے آسمان کو دیکھتے دیکھتے یکدم اس نے پلٹ کر اس سے پوچھا تو وہ گڑبڑا گیا۔

"جی نہیں۔ میں نے آج تک محبت نہیں کی۔۔۔" کتنا مختصر جواب تھا اور کتنا مکمل مگر سمیع افضل نے اس لائن میں کئی نشیب و فراز کا منٹوں میں پتا لگالیا تھا آخر کو سارے دوستوں میں وہ زیرو زیرو سیون مشہور تھا۔

اس کی نگاہیں ابھی تک جنید عثمان پر ٹکی ہوئی تھیں۔ وہ بہت مطمئن تھا مگر جنید عثمان کا دل چاہ رہا تھا کہ وہ اٹھے اور بس اچانک اس کی نظروں سے اوجھل ہوجائے۔

"تم نے کبھی محبت نہیں کی' یہ تم کہتے ہو۔۔۔" وہ دھیرے دھیرے چلتا اس کے سامنے آرکا۔

"ہاں' یہ میں کہتا ہوں تو پھر۔۔۔"

اس نے ساری قوت اٹھنے پر لگادی' مگر اس کے ہاتھ اس کے کاندھوں پر آجمے تھے۔

"تم یہ کہتے ہو مگر تمہاری آنکھیں وہ کہتی ہیں' مجھے کسی کی چاہ نے رول دیا۔"

"اچھا حیرت ہے! یہ میری آنکھیں تم سے اتنا جھوٹ کیوں کہتی ہیں۔" اس نے شرارت میں بات برابر کرنی چاہی اور وہ ریلنگ سے پشت ٹکا کر واپس اپنی پہلی پوزیشن پر جاکر کھڑا ہوگیا اس بات پر اس نے ایک لفظ نہیں کہا تھا اور جنید عثمان خود کو آکورڈ پوزیشن میں کھڑا محسوس کرنے لگا تھا۔

"یہ آخر تمہیں سرسام کیوں چڑھا کہ مجھے کھوجو اور دریافت کرو کہ مجھے کسی سے محبت ہوئی تھی یا نہیں' کیا محبت کرنا ضروری ہے۔"

"ہاں تم جیسے انسان کے لیے جس کا دیکھنا ملنا سب محبت کا ایک بہاؤ لگتا ہے' یہ کیسے ممکن ہے تم نے محبت کی نہ ہو اور تمہارا وجدان محبت پر اس قدر تسلسل سے گفتگو کرسکتا ہو۔ جنید عثمان! ہم سورج دیکھے بغیر اس کی روشنی کا فاصلہ نہیں ناپ سکتے' ہم جانیں گے کہ یہ سورج ہے تب ہی ہمیں روشنی کا ادراک ہوگا۔"

"مگر روشنی کی کرن اپنا ادراک خود ہوتی ہے۔ اسے ہم دیکھیں یا نہ دیکھیں' یہ کسی نہ کسی درزسے خود اندر داخل ہوجاتی ہے اور خود کہتی ہے۔ میں روشنی ہوں تاریکی مٹانے والی۔ کیا میرے ہوتے ہوئے بھی اندھیرا تمہاری آنکھوں پر پٹی باندھ سکتا ہے۔"

سمیع افضل نے اسے دیکھا اور متبسم ہونٹوں کے درمیان میں بات روک لی جیسے وہ اسے ابھی کچھ اور آزمانا چاہتا تھا۔

"تم مجھے بے اعتبار نظروں سے کیوں دیکھ رہے ہو۔"

سمیع افضل نے دونوں بازو سینے کے گرد باندھ لیے پھر شرارت سے بولا۔

"صرف اس لیے کہ تمہاری آنکھیں آئینے کو چور لگنے لگی ہیں۔"

"کہاں ہے آئینہ۔۔۔؟" وہ جان کر انجان بنا اور





بتانے والا اتنا کائیاں تھا' بڑی بڑی آنکھیں اس پر گاڑ کے چپ کا چپ رہا۔ آئینے میں عکس تھرتھرا رہا تھا' ایسے جیسے کسی ویران سرائے میں گئے ہودیں کے لوٹنے کا انتظار کرتا کوئی بے کس رہا۔

اندر باہر ہر طرف اتھل پتھل مچ گئی تھی۔

"محبت میں نے کبھی محبت کی کوئی تعریف نہیں سنی مگر اسے اپنے اندر بستے پایا۔ یوں جیسے نئی تحقیق پر لوگ کہتے ہیں' مٹی کے کئی فٹ نیچے اب بھی کھاکھرا اور سرسوتی بستے ہیں۔ اتنے فٹ نیچے پانی تو ہے مگر اس میں باس آگئی ہوتی' مگر مجھے محبت بھی باسی نہیں لگی نہ میں نے یہ گراف بنایا کہ یہ مجھے ملی بھی یا نہیں اور میں نے کبھی اس کا دکھ بھی نہ دیکھا کہ اتنے خالص انداز میں محبت کرنے کے باوجود مجھے کبھی یہ پوری طرح چھو کر بھی نہ گزری۔ مجھ میں سماکر مجھے مہکایا کیوں نہیں' یہ سوال تو بہت بعد میں آتا ہے۔" وہ لمحہ بھر کو رک گیا اور سمیع افضل پھر سے اس کے قریب آگیا۔

"کون تھی وہ۔۔۔؟" سراپا بنانے کے لیے اس نے پزل پیس سامنے بکھرا لیے تھے مگر وہ کیا کہتا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

"ارے تو کیا میرا شمار بھی ان ہی دلوں میں ہوتا ہے۔" سمیع افضل اتنا شوخ کب تھا۔

وہ اسے دیکھنے لگا' وہ اس کے علاوہ کبھی کسی پر اتنا نہیں کھلتا تھا۔ نائلہ گردیزی کی نظروں کا حصار اس کے اطراف تھا سو وہ مفتوح ہونے کی شان سے بے حال آگے بڑھ گیا اور وہ محفل سے اٹھ کر بنا رخصت لیے باہر آگیا۔

"تو جنید عثمان تم جسے سمجھتے رہے کہ وہ تمہیں بیچے گا وہ تو تمہارے جیون کو فاریسل کرنے پر آمادہ ہے' کیا محبت ہے؟ خود محبت کرنا جائز حق نہیں مگر تم پر تمہارے دل کا بھی تو حق ہے؟ تم نے آنکھیں بند کرکے پورے دس برس گزار دیے' اتنے طویل برس کتنی سردی میں پھیلی نرم دھوپ روٹھی کتنی بہاروں نے تم سے گلہ کیا مگر تم نے کسی ایک کے لیے بھی در نہیں کھولا' تم انتظار بنے دروازے کے اس طرف کھڑے رہے اور دروازے کے اس طرف وقت نے کتنے موسم بجھائے' کتنے موسم لٹائے تم نے در بند کرکے کسی کے آنے کا گمان کیا۔ بند دروں پر تو ہجر بھی دستک نہیں دیتا۔ کون بتا سکتا تھا کہ بند دروں کے پیچھے دل زندہ ہے سب تمہیں مردہ سمجھ کر تمہارے قریب سے گزر گئے اور تم سمجھتے رہے۔ تم محبت کرتے رہے ہو۔۔۔ محبت موت نہیں ہے' آزردگی نہیں ہے یہ نئے نئے روپ میں اپنا احیا کرتی ہے تاکہ تم جینا سیکھو یہ کہتی ہے تم خلوص دو اور وہ تمہیں محبت دے گی مگر یہ کبھی نہیں کہتی کہ خلوص سے محبت کیے جانے کے باوجود محبت نہ ملنے پر بھی تم باقی محبتوں کی راہ میں گلیشئر کھڑے کردو۔ برف جیسا دو محبت نرم دیا ہے دل میں روشن ہو تو بجھتا نہیں ہے مگر انسان کوتاہ نظر انسان اس دیئے کو چھپا کر ہر سائل کو لوٹا دیتا ہے یہ نہیں جانتا کہ خلوص وسرو محبت کے باوجود محبت حاصل نہ ہو تو غلطی دوسری طرف ہوتی ہے پھر کسی اور کی غلطی پر اپنی زندگی کو سزا دینا کہاں کی عقلمندی ہے۔۔۔ اس کے قدم تیز رفتار تھے' وہ بس چلا جا رہا تھا' بے سمت پھر بہت شاموں کے بعد ایک شام تھی وہ ایک محبت کے انتظار میں دروازے سے کان لگائے دل کی سمت تن رکا۔

"میں برسوں بعد جو بہت ساری شاموں' بہت سارے دنوں سے خود کو چھڑا کر لایا ہوں۔ کیا یہاں میرا انتظار قائم ہے یا میں یہاں بھی رائیگاں گیا۔"

سامنے کھڑی آنکھوں میں دیپ جل اٹھے' دل کے مدھم دیئے سے ان دیئوں نے لو مستعار لی تھی مگر محبت میں قرض ادھار کب برا ہوا تھا جو آج حرف تنقید اٹھاتا۔ ثومیہ جمال پورے دل سے اس کے سامنے کھڑی تھی۔ تو بھی سانسوں کا بوجھ ایک خوشگوار احساس میں ڈھل گیا تھا۔ ایک ٹھنڈا میٹھا دعا بھرا پورا سانس' فضا میں بکھر رہا تھا جب بہت اچانک ثومیہ جمال کی پشت سے جھانکتے سمیع افضل کو دیکھ کر وہ ٹھٹک گیا۔

"تم یہاں۔۔۔؟"

سوال میں حیرت کا عنصر کم' کھوج لیے جانے کی سنسنی زیادہ تھی۔ وہ اس کی کیفیت بھانپ کر اس کے قریب چلا آیا۔

"میں یہاں بہت عرصے سے ہوں' تمہارے دل میں ہو کر ناممکن تھا کہ میں یہاں نہ آسکتا' ہاں بس اس کا شکر کیا ہے کہ اب تم سے اگر کوئی پوچھے تمہاری نظر میں محبت کیا ہے' تو تم اس پر جھوٹ نہیں گھڑو گے' بہت آسانی سے بے حد ملامت آمیز جواب ہوگا تمہارے پاس۔۔۔"

"سمیع افضل تم۔۔۔ تم۔۔۔"

"تم کتنے اچھے ہو! مجھے معلوم ہے' تم مجھے ایسا ہی خراج تحسین پیش کرو گے' اس لیے میں پہلے سے ہی دیدہ دل فرش راہ کیے کھڑا ہوں۔" وہ قریب گیا ارادہ تھا اسے مار بیٹھے گا کہ اتنے دنوں تک اسے بنائے جانے پر یہ اس کا حق بھی ہوتا' لیکن اس کے قریب جاتے ہی اس کے بازو خود بخود وا ہو گئے۔ سمیع افضل کے سینے سے لگ کر اس نے محبت کو پہلی بار کسی خوف' کسی وہم سے ہٹ کر سراہا تھا اور محبت نے اس یقین پر اسے ہاتھ بھر بھر کر دیا تھا اتنا کہ کبھی گھٹ سکتا تھا نہ مٹ سکتا تھا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM



FIAZ AHMED
Friends Corner.com

سعدیہ عزیز آفریدی


# محبت سورج کی پہلی کرن

ہر شخص یہی سمجھتا ہے اگر زندگی کو کوئی چیز یکسر بدل سکتی ہے تو وہ زندگی ہے کیونکہ زندگی ہر لمحہ ارتقاء پذیر رہتی ہے مگر جب ہم زندگی جینا شروع کرتے ہیں تو ہمیں پتہ چلتا ہے موت بھی ایک چیز ہے، جو زندگی کو سب سے زیادہ بدل سکتی ہے اتنی تیزی سے اور اتنے حتمی انداز میں کہ انسان چاہ کر بھی پہلے جیسا نہیں ہو سکتا اور پھر کچھ اور وقت گزرتا ہے تو اس کے دل پر الہام اترتا ہے کہ زندگی کا ایک تیسرا پہلو بھی ہے اور وہ ہے عالم برزخ، جس میں انسان اٹک جائے تو نہ جینے والوں کے ساتھ ہوتا ہے نہ مرنے والوں کے ساتھ مگر یہ عالم برزخ کی کیفیت بھی زندگی کو ہر کونے سے بدل ڈالتی ہے اور زندگی کا یہ دائرہ کہیں سے بھی کہیں تک نکلنے نہیں دیتا۔

اس لمحے اسے بھی ایسا لگ رہا تھا وہ عالم برزخ میں لٹکا دی گئی ہے۔ ابھی کچھ دن پہلے ہی تو اس نے اپنے دل کے اندر اسے ایک جذبہ کھوج نکالا تھا اور بہت سارے خواب دیکھے تھے اور ابھی اچانک سارے خواب جیسے کسی زلزلے نے ہلا کر رکھ دیے تھے زندگی جب ہاتھوں سے سرک رہی ہو تو پتا چلتا ہے کیا کیا کچھ ہے جو ہم چھوڑے جا رہے ہیں۔ کسی کی باتیں، گلابی شامیں، خواب بھری آنکھیں اور کسی کے ساتھ گزارے جانے والے ہر لمحے کی حسرت مگر زندگی کو ان ساری باتوں سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

”میرا دل چاہتا ہے میں تمہارے ساتھ بہت سارا

مکمل ناول



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

وقت گزاروں۔" یہ جملہ کل ہی تو مونس شہباز نے اس کی سماعتوں میں انڈیلا تھا اور آج اتنا اچانک۔

"میرے مولا! رحم رحیم ...." اس نے آنکھیں خوف سے بند کر کے کھولی تھیں اور اپنے کپکپاتے وجود کو اس منظر میں پھر سے شامل کیا تھا۔

"مام! مجھے برین ٹیومر ہے۔" پانچ فٹ گیارہ انچ کا متناسب وجود' بڑی بڑی گہری آنکھیں' متناسب ہونٹ اور ان پر ہلکی ہلکی مونچھیں۔ یہ سچ جھوٹ جیسا تھا اور اس نے سو بار سوچا تھا وہ جھوٹ بول رہا ہے بھلا اتنے ایکٹو بندے کو ایسی بیماری کیسے ہو سکتی ہے' یہ شخص جسے میں نے اس اجنبی ماحول میں چپکے چپکے اپنائیت سے زندگی ایک بار پھر سے جینا سکھائی تھی' وہ خود کیسے زندگی سے دور جانے کے قصے گھڑ رہا تھا۔

"ماما! آپ نے سنا۔ مجھے کیا بیماری ہے۔" سامیہ حسام الدین دھڑکتے دل کے ساتھ ایپرن سے ہاتھ صاف کرتی اس گھر کے کچن سے باہر آگئی تھی۔ وہ دیکھنا چاہتی تھی سرد مزاج سی اس کی ممانی کا اس خبر پر کیا رد عمل ہو سکتا تھا اور اس کی ممانی اسی محویت سے چینل دیکھ رہی تھیں وہ ان کے اور ٹی وی کے درمیان آگیا تھا۔

"تین دن بعد میرا آپریشن ہے۔ ڈاکٹرز کا خیال ہے میرے زندہ رہنے کا صرف دس فیصد چانس ہے۔" ممانی زینب نے پہلی بار نظریں اٹھا کر دیکھا تھا۔ ایک لمحہ کے لیے ان کے چہرے کا رنگ اڑا تھا۔

"تمہیں ایسا کیا لگا کہ تم میرے لیے زندہ بھی ہو۔" ایسا جملہ' مونس شہباز کا رنگ یکدم سے پیلا پڑ گیا تھا۔

"مام! آپ کو مجھ سے محبت کیوں نہیں ہوتی۔؟" سامیہ حسام الدین سرک کر اس کے قریب آگئی تھی اسے لگ رہا تھا وہ اس وقت بالکل اکیلا پڑ گیا ہے اور ممانی نے ٹی وی بند کر کے اسے دیکھ کر کہا تھا۔

"اس سوال کا تم مجھ سے بہتر جواب دے سکتے ہو کہ مجھے تم سے محبت کیوں نہیں ہو سکی۔"

"میں نہیں جان سکا مام! میں نے تو ہمیشہ ہر چیز سے آپ کو اولیت دی ہے جو آپ چاہتی تھیں میں نے ہمیشہ وہی کیا پھر کیوں نہیں ہوا دل آپ کا میرے حق میں۔"

"میں ظفر کی موت کبھی نہیں بھول سکتی۔"

"وہ صرف حادثہ تھا مام!" وہ بے قراری سے ممانی زینب کے قریب ہو گیا۔

"وہ حادثہ نہیں تمہاری بے وقوفی تھی اور تمہاری بے وقوفی کی سزا ہماری ساری زندگی پر محیط ہو گئی ہے' میرے سارے خواب بکھر کر رہ گئے۔"

"مام ––––" وہ شخص بے قراری سے ممانی زینب کو تک رہا تھا۔

"تم مجھے مت ستاؤ اور جاؤ اپنے دوستوں کے پاس جو تمہیں ہر چیز سے زیادہ عزیز ہیں۔"

وہ جو صوفے کے پاس بے چارگی سے بیٹھا تھا ایک دم کھڑا ہو گیا تھا۔

✲ ✲ ✲

وہ کمرے میں کھڑی تھی اور وہ اپنے سر درد کی وجہ سے بے حال بیڈ پر بیٹھا تھا۔

"یہ سب کیسے ہوا؟"

"جب انسان زندگی کے میدان میں اترتا ہے تو صرف رشتے اور محبت ہی اس کا حوصلہ اور ہمت ہوتے ہیں مگر یہ میرے پاس کبھی نہیں تھے میں اپنے وجود کی جنگ اتنے برس تک لڑ سکا یہ ہی بہت تھا سامیہ۔"

"آپ کو ایسا کیوں لگتا ہے آپ ہار گئے ہیں۔"

اس نے پورے چار سال چھ ماہ بعد اس شخص کے کندھے پر ہاتھ دھرا تھا۔

اور اس نے پلٹ کر اسے دیکھا تھا "پلیز سامیہ! ایسا مت کرو میں اکیلا جانا چاہتا ہوں مجھے اپنی یادیں دے کر درماندہ مت کرو۔"

"سامیہ حسام الدین' مونس شہباز کو دیکھتی رہ گئی تھی' اس نے تو صرف احساس دوستی سے اسے پکارا تھا اس کے لہجے میں یہ محبت کہاں سے لپٹ آئی تھی' یہ محبت جسے وہ گہرے پاتال میں دھکیل آئی تھی اور اسے لگتا تھا اگر زندگی میں پھر کبھی کسی نے پوچھا "محبت کیا ہے" تو شاید وہ صرف خاموشی کے سوا کچھ نہ کہہ سکے گی مگر یہ محبت اس کی پوروں سے برقی لہر بن کر اس کے وجود میں کیوں سرائیت کر رہی تھی۔

کیا واقعی وہ اس سے محبت کرنے لگی تھی؛

"آپ کی دوا کہاں ہے؟" وہ اس کے بیڈ کی سائیڈ درازوں میں اس کی دوا ڈھونڈ رہی تھی۔

"یہ ٹیبلٹس بہت ہائی پوٹینسی کے ہیں۔ ایک گلاس دودھ لا دو گی؟" اس نے اپنے کمرے کی الماری سے اپنی دوائیں نکالی تھیں اور وہ آندھی طوفان کی طرح کچن میں جا کر دودھ گرم کرنے لگی تھی۔ مگر دودھ کھولانے کے بعد ٹھنڈا کرنا کارِ دشوار تھا اسے وہ دن یاد آگئے تھے جب بھابھی جی چھ ماہ کے بچے کو چھوڑ کر جاب پر جانے لگی تھیں اور اس بچے کو سنبھالنے کے لیے وہ اسی طرح دودھ کو گرم کر کے ٹھنڈا کرتی تھی' وہ ایک کپ سے گرم دودھ اونچائی سے دوسرے کپ میں ڈال رہی تھی۔

"سامیہ۔" اس کی کراہتی آواز پر دودھ دوسرے کپ میں ڈالتے ہوئے اس کا ہاتھ بہک گیا تھا' ہاتھ کی اوپری جلد سرخ ہو گئی تھی اس نے پروا کیے بغیر دودھ کپ میں ڈالا تھا اور تیزی سے اس کے کمرے میں پہنچی تھی۔

وہ اب لیٹا ہوا تھا اس نے کپ کی گرمائش سے اندازہ کیا۔ دودھ اب بھی گرم تھا۔

"آپ اسے پی لیں گے۔؟" مونس نے آنکھیں کھول کر اسے دیکھا تھا۔

بہ دقت اٹھا تھا پھر ٹیبلٹ اسی دودھ سے نگلی تھیں۔

"سوری! میں نے بہت کوشش کی مگر اتنی جلدی ٹھنڈا نہیں کر پائی اسے۔"

وہ ہلکا سا مسکرایا تھا۔ "کمال ہے سامیہ! مجھے لوگ اسکیوزز نہیں دیتے۔ نظر انداز کرنے کے لیے' بے عزت کرنے کے لیے اور آپ صرف دودھ ٹھنڈا نہ کر پانے پر معذرت کرنے بیٹھ گئیں۔ ادھر دیکھیے میری ساری روح آبلہ در آبلہ ہے۔ میں زندگی کو فیس کر رہا ہوں نا تو یہ ہلکی سی جلن گرمائش میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتی۔"

"آپ کو یہ کس بے وقوف نے کہا کہ آپ کو یہ بیماری ہے۔" اس نے جان کر نام نہیں لیا' ساری بیماری کی سنگینی جیسے خود پینے کی کوشش کی اور وہ ہنس پڑا۔

"کیا اسے پتا ہے' وہ قہقہہ لگا کر ہنستے ہوئے بہت اچھا لگتا ہے۔"

اس نے سوچا اور وہ کراہ کر پھر سے تکیے پر سر ڈال کر لیٹ گیا تھا۔

"جو چیز استعمال نہیں ہوتی اسے فنگس تو لگے گا نا بقول پاپا کے مجھے زندگی گزارنے کی سمجھ نہیں میں ہمیشہ ایڈیٹ قسم کی فیلنگز کی بات کرتا ہوں مجھے دونوں ہاتھوں سے زندگی کمانی نہیں آتی تو اچھا ہے میرے ساتھ جو ہوا' سو ہونا ہی چاہیے تھا۔"

"آپ اتنا فضول کیسے سوچ لیتے ہیں۔؟"

اس کے ہونٹ ہلکا سا مسکرائے تھے "دیکھ لیجیے آپ کو بھی ایک شکایت ہو ہی گئی مجھ سے۔"

"یہ شکایت نہیں بہت معصوم سا دفاع ہے آپ کی ذات کے لیے میرا۔"

"یہ آپ کو میری ذات کیوں یاد آگئی چار سال چھ ماہ میں شاید پہلی بار اتنی بے تکلفی سے ہم بات کر رہے ہیں۔"

"وہ بس ویسے ہی۔" اس نے سر جھکا لیا تھا۔

اور مونس شہباز نے دھیرے سے کہا تھا۔

"آپ کو لگتا ہوگا۔ اسے اس کے گھر والے منہ نہیں لگاتے تو آپ کو کیا ضرورت ہے توجہ صرف کرنے کی' شاید میں ٹھیک طرح سے آپ کی جگہ بھی تو نہیں بنا سکا یہاں۔" برملا شکوہ تھا اور شاید مونس شہباز نے پہلی بار کسی سے شکوہ کیا تھا اتنا اپنا بن کر۔





WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"کیا واقعی آپ کو لگا میں نے آپ کو قابل توجہ نہیں جانا۔" اس نے پتا نہیں کیوں جواب شکوہ کیا اتنے دنوں کا ابال وہ سمیٹ نہیں پائی تھی۔ اس خبر کے آگے اور مونس اس کی کیفیت پر مسکرانے لگا تھا۔

"چلیں میری بیماری کسی کام تو آئی۔ آپ کے شکوے گلے اور مجھ سے ناراضی ختم تو ہوئی' مجھے بھی احساس ہوا کہ کوئی تو مجھ سے دل سے روئے گا۔"

"آپ فضول نہ بولیں۔ کچھ نہیں ہوا آپ کو' سب ٹھیک ہو جائے گا۔"

"ہاں شاید واقعی سب ٹھیک ہو جائے گا۔" وہ تکیے پر سر ڈال کر لیٹ گیا تھا۔

اور سامیہ حسام الدین نے اسے پھر متوجہ کیا تھا۔

"کیا واقعی آپ کو لگا مجھے آپ کی پروا نہیں ہے؟"

وہ مسکرانے لگا تھا کیونکہ وہ کیسے جانتا تھا اس کے کمرے کی ہر چیز اگر ترتیب میں تھی تو وہ اسی لڑکی کے مرہون منت تھی۔ اس دیار غیر میں اگر کوئی تھا' جو اس کا اس گھر کے کسی نہ کسی کونے میں انتظار کرتا رہتا تھا تو وہ یہ لڑکی ہی تو تھی سامیہ حسام الدین جو دیکھنے میں کہیں سے قابل توجہ نہیں لگتی تھی اور وہ چیز تھی بھی کہاں وہ تو ایک بہت خاص انسان تھی — جسے اس کے دل نے پہلی بار دیکھ کر ہی اپنا مان لیا تھا۔

"آپ سو جائیں میں اب ٹھیک ہوں سامیہ! درد میں کافی کمی ہے۔"

"آپ واقعی ٹھیک ہیں نا۔" وہ ہراساں ہو گئی تھی۔

"جی میں واقعی ٹھیک ہوں۔ آپ سو جائیں ملتے ہیں نا انشاء اللہ!" سامیہ اٹھ گئی تھی۔

☼ ☼ ☼

سامیہ حسام الدین کے پہلے قدم اور پہلی آمد اور اپنی زندگی میں یاد آ کر رہ گئی تھی' جب یہ لڑکی اس کے پاپا کے ساتھ کھڑی تھی اور اس کی امی اپنی دیورانی سے چلا چلا کر بات کر رہی تھیں۔

"عجیب لوگ ہیں' تین' تین بھائیوں کے ہوتے ہوئے ایک بہن نہیں سنبھال سکتے۔ اماں جی کیا مریں ہمارے لیے تو زندگی ہی عذاب کر دی ہے' اب کسی لڑکی کی ذمہ داری لینا آسان ہے کیا' پردیس میں لڑکی اگر آنکھیں چار کر لے' ہمارے کہنے سننے میں نہ رہے تو ہم تو مفت میں بدنام ہو جائیں گے نا' صفیہ! یہ غریب رشتہ دار بھی بس جان کا عذاب ہوتے ہیں کاش ہم بھی گوروں کی طرح اپنے رشتوں سے مکر سکتے مگر بہن مشکل یہ ہے کہ ہمارا خون چاہ کر بھی سفید نہیں ہو سکتا اللہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم بھی تو قرابت داری نبھانا سکھاتا ہے۔"

اور اس کی آنکھیں کیسے ندی کی باڑ توڑ کر بہنے کو بے تاب ہو اٹھی تھیں۔

اس دن وہ گھر میں تھا آج یونیورسٹی سے چھٹی کی تھی۔

"یہ سامیہ حسام الدین ہیں آپ کی کزن۔"

"مونس شہباز کو پتا تھا پاپا یہ اطلاع اسے نہیں' اپنی بیٹی ارم اور ساری توجہ کے مرکز عمر شہباز کو دے رہے ہیں مگر اس نے یہ اطلاع چپکے سے نوٹ کر لی تھی اور آج یہ لڑکی اس طرح اس کے سامنے بہت ان کہے جذبوں کو بہت ان کہے انداز میں سمیٹے بیٹھی تھی۔

"مجھے وہ دن نہیں بھولتا' جب تم یہاں آئی تھیں۔"

اس نے سوچنے کی اداکاری کی حالانکہ اسے وہ دن آج بھی پورے سیاق سباق سے یاد تھا۔ گلابی رنگ کے سوٹ میں اس کا رنگ نکھر الگ رہا تھا۔ یہ دادی کی پسند تھی اور یہاں آنے کے لیے یہ ہی واحد سوٹ نیا سلا ہوا تھا سو اس نے نہا کر پہن لیا تھا مگر یہاں گلابی گلابی رنگتیں اسے خوامخواہ کنفیوز کر رہی تھیں۔

وہ سانولی سلونی تھی مگر یہاں وہ کالی لگ رہی تھی اس نے ڈرتے ڈرتے ارم سے ہاتھ ملایا۔ اس کی مخملیں جلد نے اس کے ہاتھ کی سنولاہٹ پر مسکراہٹ اچھالی ایسا لگا تھا اسے' ورنہ سامنے کھڑی لڑکی کے چہرے پر نہ بیزاری تھی' نہ گرم جوشی وہ صرف اپنے پاپا کی وجہ سے اس محبت پریڈ میں شامل کھڑی تھی' ممانی زینب کی صفیہ مامی سے کی جانے والی باتوں کو غور سے سن کر اپنے وجود کا اہمیت کا اندازہ ہو گیا تھا سامیہ حسام الدین کو۔

"جوس۔" وہ صوفے پر بیٹھی تھی جب ایک مسکراتے چہرے نے دل سے اس کو روحانی طور پر گلے لگایا' اس کے چہرے کی مسکراہٹ بہت جان دار تھی بہت دوستانہ سی۔

"آج آپ گھر میں کیسے پائے جاتے ہیں۔" کالج بوائے عمر شہباز نے طنز کیا۔

اور وہ مسکرایا۔

"جہاں اچھے اور خوبصورت لوگوں کے ملنے کا موقع ہو میں اپنی مصروفیت میں سے وقت نکال ہی لیتا ہوں کل ذکر سنا تھا کہ کوئی جھونکا بہار کا آنے والا ہے میں نے سوچا ہم بھی تو ملیں پاکستان کی اس دلاری سامیہ حسام الدین سے۔"

وہ اس وقت تینوں ہی تھے اس لیے وہ کھل کر بول رہا تھا اور سامیہ حسام الدین خاموشی سے اس کے ہونٹوں کی جنبش کو دیکھ رہی تھی۔

"آپ بالکل بڑے بھیا کی طرح بولتے ہیں۔"

عمر شہباز اور ارم ہنسنے لگے اور مونس شہباز جھینپ گیا۔

"آپ نے تو بھیا کا پروگرام ہی سبوتاژ کر دیا۔"

"مطلب عمر بھائی۔" وہ سہم گئی اور وہ مسکرانے لگا۔

"بکواس کرتا ہے یونہی آپ ساتھ رہیں گی تو آپ کو پتا چلے گا کہ اس گھر میں اگر کوئی بے کار کی باتیں نان اسٹاپ گھڑ سکتا ہے جھوٹ کی طرح تو وہ ہمارا عمر شہباز ہے۔"

"پلیز مونس بھائی۔" عمر شہباز نے آنکھیں دکھائیں اور وہ سہمنے کی اداکاری کرنے لگا۔ اسے یک دم لگا وہ اپنے ماضی میں چلی گئی ہے۔

وہ بڑے بھیا اور عاصمہ ایسے ہی تو باتوں کے چرخے گھماتے تھے کہ کبھی کبھی رات سے صبح کر جاتے تھے۔

"آپ گونگی ہیں یا چپ کا روزہ رکھا ہے۔" مونس نے ہنس کر کہا اور تب وہ مسکرائی تھی۔

"میں بہت کم بولتی ہوں۔ ہاں آپ مجھے ایک اچھا سامع سمجھ سکتے ہیں۔"

"پھر میرے لیے ایک اچھی خبر ہے۔ مجھے بولنے کا بہت شوق ہے۔" وہ قریب آ بیٹھا تھا' وہ سکڑی سمٹی بیٹھی تھی مگر اس کا دوستانہ رویہ اسے تسلی دے رہا تھا۔

"ماموں جان کہاں گئے ہیں۔" بہت ہلکی نم آواز برآمد ہوئی حلق سے پتا نہیں اسے بار بار رونا کیوں آ رہا تھا۔

مونس اسے دیکھے جا رہا تھا۔ عمر اور ارم جا چکے تھے وہ قطعی مونس کے رحم و کرم پر تھی۔

"آپ اتنا کیوں گھبرا رہی ہیں سامیہ! میں کوئی شیطان نہیں ہوں۔"

"مگر ماموں۔" وہ بس اتنا کہہ سکی' تب مونس شہباز نے اس کا سامان اٹھایا تھا "یہ آپ کے ماموں کا گھر

خواتین ڈائجسٹ
کی طرف سے بہنوں کے لیے ایک اور ناول



بساطِ دل
آمنہ ریاض
قیمت ---- -/500 روپے
منگوانے کا پتہ:
مکتبہ عمران ڈائجسٹ: 37 - اردو بازار، کراچی۔ فون نمبر: 32735021




WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہے' یہاں آپ کو رہنے کا اتنا ہی حق ہے' جتنا میرا۔" وہ اٹھی تھی مگر زینب ممانی کے تیور دیکھ کر وہ پھر سے ڈر گئی تھی۔

"اگر میرے اختیار میں ہو تو میں کبھی بھی تمہیں یہاں رہنے کا حق نہ دوں ہر لمحے ایک اذیت ہوتی ہے مجھے' تمہیں دیکھ کر میرا دل چاہتا ہے میں تمہارا ہاتھ پکڑوں اور ہر رشتے ہر محبت سے آزاد کردوں۔"

مونس شہباز مسکرایا تھا پھر ان کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر بولا تھا۔

"اور میں چاہتا ہوں میں ہمیشہ اس محبت پلس اذیت میں قید رہوں۔ میں آپ سے دور نہیں رہنا چاہتا ماما!"

"اور مجھے تمہارے ساتھ رہنا دشوار لگتا ہے۔" انہوں نے اس کا ہاتھ جھٹک دیا تھا۔

"چلیں' ناپسندیدہ ہی سہی میرے لیے یہی کافی ہے کہ میری ذات آپ کے لیے آپ کی ذات میرے لیے ضروری ہے' تھی اور رہے گی۔"

وہ زرد چہرے سے ماں بیٹے کی اس گفتگو کو دیکھ رہی تھی' تب اس نے مڑ کے کہا تھا۔

"سامیہ چلیے میں آپ کو آپ کا کمرہ دکھا دوں۔"

"یہ کوئی گیسٹ ہاؤس نہیں ہے کہ میں اسے الگ کمرہ دوں۔" اس کے ہاتھ ٹھنڈے پڑ گئے تھے اور مونس کا چہرہ پھیکا۔

"ماما! میں اپنا کمرہ انہیں دے دوں گا۔ سارا دن تو میں باہر رہتا ہوں' سونا ہوگا تو کہیں بھی لیٹ کر سو جاؤں گا میرے نخرے نہیں ہیں۔"

"تو اس کے نخرے بہت ہیں' کبھی اپنے گھر میں بھی الگ کمرے میں سوئی ہے یہ' مجھے اتنے مزاج پسند نہیں۔"

"میں نے تو کچھ نہیں کہا ممانی! آپ جہاں کہیں گی' میں وہاں رہ لوں گی۔" میری آواز نے اس کے زندہ ہونے کا پتا دیا' ورنہ مونس نے کوئی دل تھا جو اندر مرتے ہوئے دیکھ لیا تھا۔ وہ اس کا پوری طرح ساتھ دینا چاہتا تھا مگر وہ نہیں چاہتی تھی کہ اس کی وجہ سے ماں بیٹے میں کوئی جنگ چھڑ جائے۔ "وہاں انیکسی میں گل کے ساتھ رہ لو۔"

"ماما' گل شادی شدہ ہے۔" وہ حیران ہو گیا تھا' اس فیصلے پر لیکن زینب ممانی دو ٹوک لہجے میں بولی تھیں "انیکسی میں چار کمرے ہیں دو گل کے پاس ہے۔ دو خالی ہی پڑے رہتے ہیں۔ یہ ان میں سے کسی ایک کمرے میں شفٹ ہونا چاہے تو ہو سکتی ہے باقی اس کی مرضی ہے صرف شہباز ہی اس کے اکیلے ماموں نہیں ہیں۔" اس جملے پر اس کی روح فنا ہونے لگی تھی باقی دونوں ممانیاں زینب ممانی سے کہیں زیادہ جلاد تھیں' ایک کو تو وہ پاکستان میں چھوڑ کر آگئی تھی اور ایک یہاں ہی رہتی تھیں' نمائشی' اذیت پسند' ذلیل کرنے میں ماہر۔

وہ اپنا سوٹ کیس گھسیٹتی ہوئی پارک سے گزر کر انیکسی کے سامنے کھڑی تھی۔

سامنے کھڑی عورت اسے کینہ توز نظروں سے دیکھ رہی تھی "تمہارا پاکستان میں کوئی نہیں تھا کہ جو یہاں چلی آئی ہو۔" اسے عجیب سے لگا تھا وہ ملازم ہو کر اس سے مالک کے لہجے میں بول رہی تھی' بند دروازے کے تالے کو اس نے ناپسندیدگی سے کھولا تھا۔ "جب سے تمہارے آنے کا مالکن نے سنا ہے تب سے ٹرٹر کر رہی ہیں' میں بھی سوچتی تھی۔ ایسی کون لڑکی ہے جسے بیگم صاحب اتنا ناپسند کرتی ہیں کہ سمندر میں پھینک دینے کی بات کرتی ہیں تم اتنی بری تو نہیں ہو۔"

"تو کیا تمہیں اچھی لگ رہی ہوں۔" وہ بے حس بن کر ان سارے جملوں کی تلخی کو پی گئی اور وہ غور سے اسے دیکھنے لگی پھر نرمی سے بولی۔

"دیکھنے سے تو بہت اچھی لگتی ہو۔ باقی کوئی کسی کے اندر تو نہیں اتر سکتا۔"

"واقعی کسی کے اندر بہت اترنا بھی نہیں چاہیے کبھی کبھی چھوٹی چھوٹی باتیں بہت بڑی بڑی تکلیفیں بن جایا کرتی ہیں۔"

"وہ کم فہمی سے کندھے اچکا کر کمرے کی چیزوں پر ڈھکی چادریں اتارتے اسے دیکھنے لگی۔ "تمہاری کوئی مدد کروں؟"

وہ مڑی پھر مسکرا کر بولی "میں اس وقت تمہارے ساتھ تمہارے برابر کھڑی ہوں' تمہیں یہاں ملازمت کرتے سات برس ہو گئے ہیں اور میں آج ہی رنگروٹ بھرتی ہوئی ہوں مجھے تم سے ہی سیکھنا ہے ملازم' مالک کبھی نہیں ہوتا گل!"

"آپ بہت سمجھ دار لگتی ہیں۔" سامیہ حسام الدین ہنس پڑی تھی' پتا نہیں خود پر یا زندگی پر' پھر دھیمے لہجے میں بولی تھی۔

"کوئی سمجھ دار نہیں ہوتا' زندگی خود سکھا دیتی ہے۔ اور جسے زندگی سکھاتی ہے' بہت سفاکی سے سکھاتی ہے وہ ساری عمر نہیں بھولتا۔"

"جی صحیح کہا آپ نے۔" وہ "تو" والے تیور لے کر کھڑی تھی اور یک دم سے "آپ" کے باعزت خطاب سے نواز رہی تھی مگر وہ ان باتوں پر زیادہ تر دھیان نہیں دینا چاہتی تھی۔ اس لیے خاموشی سے اس کمرے کو سمیٹ رہی تھی مگر دھار ہی تھی فرنیچر سے اپنی مرضی سے چیزوں کی ترتیب بدل رہی تھی یہاں تک کہ کمرے کی گرد ہٹی تو وہ خود بھی گرد گرد تھی اور اسی وقت گل اس کے لیے ٹرے میں کھانا لے کر آئی تھی مگر یہ وہ کھانا نہیں تھا جس کی مہک انیکسی کے کچن میں پھیلی ہوئی تھی۔

"زینب ممانی نے بھیجا ہے۔" وہ بیسن پر ہاتھ منہ دھوتے ہوئے بولی پھر الگنی سے تولیہ اتار رہی تھی کہ اس کی خاموشی پر پلٹ کر دیکھا۔

"آپ نے کچھ بولا نہیں گل۔؟"

وہ اس کی خاموشی کو معنی پہنانے لگی تھی' تب اچانک مونس شہباز کمرے میں داخل ہوا تھا اور اسے پتا چلا تھا یہ صرف مونس شہباز کا جذبہ خیر سگالی تھا ورنہ زینب ممانی کے لیے اس کی اہمیت ملازمہ کے برابر یا شاید اس سے کئی درجے کم تھی کیونکہ گل کے پاس ان کے گھر میں نوکری کرنے کا سات سالہ تجربہ تھا جب کہ وہ آج ہی آئی تھی۔

"گل! یہ آپ کھالیں مجھے سی فوڈ کی عادت نہیں۔ آپ نے جو دال بنائی ہے۔ وہ لادیں پلیز۔"

مونس اسے دلچسپ نظروں سے دیکھتا رہا۔ گل کھانا اور سلاد ساتھ لائی تھی۔

"سلاد نہیں' ایک پیاز ملے گی' مجھے صرف پیاز کے ساتھ ہی دال اچھی لگتی ہے۔"

گل بھی تھکی ہوئی تھی مگر وہ پھر بھی اٹھنے کے پوز میں تھی کہ مونس کچن سے پیاز پلیٹ اور چھری لے آیا تھا۔ گل اور وہ منع کرتی رہ گئیں مگر مونس شہباز پیاز کاٹنے لگا تھا یہ اور بات کہ اس کی دھواں دار برستی آنکھوں نے سامیہ کو شرمندہ کر دیا تھا۔

"آپ نے ناحق تکلیف کی مونس صاحب۔" وہ کھانا کھاتے ہوئے نرمی سے بولی اور اس سے پہلے کہ وہ کوئی جواب دے پاتا۔ زینب ممانی سامنے آ کھڑی ہوئی تھیں۔

"تمہیں انیکسی میں بھیجنے کا مطلب تھا کہ تمہیں اپنی اوقات یاد رہے۔"

انہیں ارم نے کچن سے کھانے کی ٹرے لے جاتے مونس کی بابت بتا دیا تھا۔ تب ہی وہ تن فن کرتی یہاں آئی تھیں مگر سامیہ کو دال سے روٹی کھاتے دیکھ کر ان کا موڈ خراب ہو گیا وہ تو بہت سارا غصہ کرنے کا سوچ کر آئی تھیں اور واپس پلٹ جانا' ان کے مزاج کے خلاف تھا اس لیے پھر بھی اپنے غصے کی دھاک بٹھانے کو ایک جملہ کہہ دینا ضروری سمجھا تھا اور وہ سامیہ حسام الدین تھی یک دم اٹھ کر ان کے سامنے آ کھڑی ہوئی تھی۔

"آپ نے جس طرح محبت سے مجھے اس بے دیاری میں اپنائیت' محبت اور سلوک سے اپنے گھر میں پناہ دی ہے یہ میرے لیے اعزاز کی بات ہے ممانی! میں آپ کا یہ احسان کبھی نہیں بھولوں گی اور کوشش کروں گی کہ یہ بار آپ پر بہت دیر تک برقرار نہ رہے۔"

مٹھاس میں کھٹاس کا مزا۔ مونس شہباز کے اندر کئی قہقہے ابل کر اپنی موت آپ مر گئے تھے اور زینب ممانی کا منہ اتنا سا نکل آیا تھا اور سامیہ حسام الدین تھی کہ اب ان کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر مزید مٹھاس سے بولی





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

تھی۔

"مجھے اپنی اوقات، اپنا حسب نسب کبھی نہیں بھولتا زینب ممانی! میں کہیں سے بھی کہیں چلی جاؤں نہیں بھول سکتی کہ میرے ابا کے مرنے کے بعد اگر کسی نے میری اماں کی مدد کی تھی تو وہ صرف آپ اور شہباز ماموں ہی تھے، میں بھی نہیں بھول سکتی کہ میرا ہاتھ ہمیشہ لینے والا ہاتھ رہا ہے اور آپ کا ہاتھ ہمیشہ دینے والا ہاتھ رہا ہے۔"

بات سنجیدگی کی طرف چلی گئی تھی اس بار مونس کا رنگ پھیکا پڑ گیا تھا اس نے کہا تھا۔

"پاپا نے جو کیا، وہ آپ کا حق تھا سامیہ!"

"اس کی ماما نے کینہ توز نظروں سے مونس شہباز کو گھورا تھا۔

"کسی کا کسی پہ کوئی حق نہیں ہوتا مونس صاحب! یہ تو آپ کے دل کی نرمی، آپ کے اندر کی اچھائی ہے، جو آپ کسی رشتے کو عزت و توقیر دیتے ہو۔ اس رشتے کو زندگی کی طرح نبھاتے چلے جاتے ہو بھلے وہ رشتہ آپ کے لیے کتنا ہی باعث تکلیف رہا ہو۔" وہ تلخی کی حد تک سچائی پسند لڑکی تھی۔ اور تب اچانک اس کے دل نے سامیہ حسام الدین کو کچھ سیڑھیاں اور اپنے دل میں اترتے محسوس کیا تھا۔ زینب ممانی بدمزہ ہو کر جا چکی تھیں اور مونس شہباز اس کے سامنے کھڑا تھا۔

"آپ مما کو غلط مت سمجھیے گا بس غصے کی تیز ہیں دل کی بہت اچھی ہیں وہ۔"

"مالک کا مزاج تیز ہو یا بہت تیز۔ ملازم کا کام سر جھکا کر سننا ہوتا ہے مونس صاحب۔"

مونس شہباز کو لگا، وہ ایک منٹ کے ہزاروں حصے میں اس سے بہت دور جا کر کھڑی ہو گئی تھی۔ مالک اور ملازم کا رشتہ۔ اس کے دل میں اس کی آنکھ کا دکھ پھانس کی طرح چبھنے لگا تھا، ایک لڑکی اس کے دل کے کونے میں کھڑی باتوں کی بارش میں بھیگنے لگی تھی۔

"آپ ہماری کزن ہیں۔ ملازمہ نہیں۔ سامیہ! آپ اپنے دل کو منفی رخ کی طرف مت لے جائیں۔ اس گھر پر جتنا حق میرا ارم اور عمر کا ہے۔ اتنا ہی آپ کا ہے

"آخر کو آپ کے پاپا نے اس کامیابی کی بنیاد میں اپنے خواب دبائے تھے۔"

"آپ تو دل رکھنے میں مبالغہ آرائی میں حد سے ہی گزر جاتے ہیں مونس صاحب۔" وہ ہنسی تھی مگر مونس کو لگا وہ رو پڑی تھی۔

"آپ آرام کریں۔ ہم کل ملیں گے۔"

"جی ضرور۔" وہ سر ہلا کر ٹرے کچن میں رکھنے چلی گئی تھی اور مونس شہباز نے اس کی پشت کو دیکھا تھا اور محسوس کیا تھا کہ کوئی ناراض سا دل تھا جو زندگی کے سورج کی طرف پشت کر کے کھڑا ہو گیا تھا وہ گہرے اور لمبے سائے گننے لگا تھا۔

مگر اسے اس گہرے لمبے سایوں سے نکال کر زندگی سے متعارف کروانا تھا۔ وہ عزم کر کے لوٹا تھا۔

☆ ☆ ☆

غیر متوقع ماما کو اپنے کمرے میں پا کر حیران رہ گیا تھا۔

"تم آخر میرے مخالف چلنے کو ہی سب کچھ کیوں سمجھتے ہو۔"

"ماما میں آپ کے مخالف کبھی نہیں چلا ہوں۔ میں تو صرف اسے تسلی اور ڈھارس دینے گیا تھا کہ وہ خود کو اکیلا نہ سمجھے۔"

"وہ تمہاری ذمہ داری نہیں ہے۔ نہ ہی وہ کوئی چھوٹی سی بچی ہے، بائیس، تیئس برس کی لڑکی ہے، ہم صرف کچھ عرصے اسے یہاں رکھیں گے اور پھر تمہیں نہ کہیں اس کی شادی کرا کے اس عذاب سے چھٹکارا پانے کی کوشش کریں گے۔ اس لیے تمہیں سمجھانے آئی ہوں کہ اس سے زیادہ میل ملاپ بڑھانے کی ضرورت نہیں۔ تمہیں ہر ایک سے ہنوالو ہونے کی جو بری عادت ہے اس سے جان جاتی ہے میری۔"

وہ سر جھکا کر کھڑا ہو گیا تھا۔ "محبت کرنا کیا میری عادت ہے ماما! کسی کا خیال رکھنا، پروا کرنا جب کہ وہ ہمارا اپنا ہو۔"

"تمہیں تو دنیا کا ہر شخص اپنا ہی لگتا ہے پاکستان



میں بھی یہی حالت تھی اور اب یہاں آ کر ہر پاکستانی تمہیں اپنا بھائی بہن لگتا ہے۔ تم نے اس بے وقوفی میں جتنا پیسہ ضائع کیا ہے۔ اس سے کئی بزنس شروع ہو سکتے تھے۔"

"بزنس ہی سب کچھ نہیں ہوتا ماما! انسانیت بھی کوئی چیز ہے پھر آپ جانتی ہیں جب میں کسی پاکستانی کو مجبور اور بے کس دیکھ کر اس کی مدد سے نہیں چوکتا تو میں سامیہ سے کیسے دور رہ سکتا ہوں، وہ تو ہماری پھوپھو کی بیٹی ہے۔ پاپا کے لیے اگر کسی نے قربانیاں دی ہیں تو وہ پھوپھو جان ہی تھیں۔ آپ کو یاد ہے جب پاپا کے بزنس میں نقصان ہوا تھا، ہمارا گھر بک گیا تھا ہم انگلش اسکول سے ایک دم سے گورنمنٹ اسکول میں کھڑے کر دیے گئے تھے تو پھوپھو جان ہی تھیں، جنہوں نے اپنا زیور بیچ کر پاپا کو نئے سرے سے کاروبار کے لیے پیسہ دیا تھا پھر جب پاپا کو انگلینڈ آنے کے لیے سرمایہ کم پڑ رہا تھا تب بھی انہوں نے سامیہ کے جہیز کے لیے انکل کی فکس ڈپازٹ میں رکھی ہوئی رقم کو نکال کر پاپا کا مسئلہ حل کیا تھا اور اب اگر آج ہم اس مقام پر ہیں تو یہ سب اسی لڑکی کے نصیب کا ہے۔"

وہ کہتے کہتے مڑا مگر ماما وہاں تھیں ہی نہیں۔

"پتا نہیں ماما! آپ کو ہر اس شخص سے کیوں چڑ ہو جاتی ہے، جو آپ کا خیر خواہ، آپ کا سچا دوست ہوتا ہے۔"

☆ ☆ ☆

وہ بیڈ پر آ کر بیٹھا تھا پھر سونے کا سوچ ہی رہا تھا کہ اس کا دروازہ بجا۔

"اندر آ جایئے۔ پلیز دروازہ کھلا ہے۔"

اس نے کتاب ہاتھ سے رکھ دی تھی اور پانچ سیکنڈ بعد پاپا کھڑے تھے ان کا چہرہ اچھے تاثرات نہیں رکھتا تھا۔

"جی پاپا خیریت۔؟" وہ یک دم کھڑا ہو گیا تھا۔

اور پاپا اس کے کمرے کے صوفے پر بیٹھ گئے تھے پھر آہستگی سے بولے "میں سمجھتا تھا آپ میرے بچوں میں سب سے سمجھ دار بچے ہیں مگر کیا آپ کو پتا ہے آپ کی زبان کی تیزی کی وجہ سے آپ کی ماما کے دل کے زخموں میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔"

مونس کا چہرہ اتر گیا۔ "میں نے انہیں کچھ بھی نہیں کہا پاپا آپ کو پتا ہے میں ہمیشہ چپ رہتا ہوں۔"

"ہاں مگر جب بھی آپ بولتے ہو، بہت سارے چہروں پر زخم اور تکلیف چھوڑ جاتے ہو۔"

"ماما نے کیا شکایت کی میری؟"

"وہ آپ کی ماما ہیں، وہ شکایت کیوں لگائیں گی۔ آپ اپنی ماما کو اپنا دشمن کیوں سمجھتے ہیں۔ وہ آپ کی سگی ماما ہیں اگر آپ کو کچھ کہتی ہیں کچھ سمجھاتی ہیں تو آپ کے بھلے کے لیے کہتی ہیں نا مگر آپ ان کی ہر بات کو غلط کیوں لے جاتے ہیں۔ آپ نے اپنی ماما سے یہ کیوں کہا کہ سامیہ کے نام پر ڈپازٹ کیے پیسوں سے میں یہاں انگلینڈ آیا تھا آپ کو یہ بات کیسے پتا چلی؟"

"دادا جان سے سنی تھی۔ ایک بار وہ آنٹی صفیہ کے لیے۔ بہت پریشان ہو رہے تھے۔"

پاپا نے اسے نظروں میں رکھ کر ایک گہری سانس لی تھی۔

"کچھ چیزیں ساری عمر نظروں سے اوجھل رہیں، یہی اچھا ہے، آپ کو پتا ہے آپ کی ماما کی انا کتنی توانا ہے، ایک گھر میں رہتے ہوئے بھی دوسرے بھائیوں کے پکے ہوئے کھانوں کی ڈش میں سے ایک چمچہ نہیں لیتی تھیں جب تک دوسری بھابھیاں منتیں کر کے ان کی پلیٹ میں سالن نہ ڈال دیتیں پھر ان کے لیے یہ بات کتنی سوہان روح ہوگی کہ وہ جو لائف اسٹائل جی رہی ہیں، اس کے لیے بنیاد سامیہ کے پیسوں سے رکھی گئی ہے۔ آپ کو پتا ہے آپ نے جلد بازی میں اس بچی کے لیے زندگی اور مشکل کر دی ہے۔ اب آپ کی ماما بلاوجہ اسے اٹھتے بیٹھتے باتیں سنانے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیں گی۔"

"میں تو صرف یہ چاہتا تھا، ماما اس بے ریا لڑکی کی قدر کرنے لگیں۔"

پاپا نے گہرا سانس لیا تھا، کچھ نہیں بولے تھے۔



www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"مجھے لگتا تھا میں اس لڑکی کو لایا ہوں تو وہ اپنے سلیقے اور محبت سے آپ کی ماما کا دل جیت لے گی پھر آہستہ آہستہ میں اس کے لیے حالات سازگار دیکھ کر' آپ کے لیے مانگ لوں گا مگر آپ نے سارا کام خراب کردیا ہے۔ میرا۔"

مونس شہباز نے ہولے سے پاپا کا ہاتھ پکڑ لیا تھا۔

"سوری پاپا مجھے نہیں پتا تھا۔ آپ اتنی گہری نظر رکھتے ہیں اور اتنی طویل پلاننگ کرتے ہیں۔ مجھے تو ہمیشہ سے لگتا ہے کہ آپ کے لیے۔"

وہ کہتے کہتے چپ ہوا اور پاپا تھکے تھکے انداز میں مسکرائے۔

"ہاں تمہیں تو یہی لگتا ہوگا تمہارے پاپا صرف پیسے کو سب کچھ سمجھتے ہیں' ان کے لیے رشتے' ان کی اہمیت' انہیں نبھانا سب بے معنی سا ہے۔"

"نہیں پاپا ایسی بات نہیں ہے۔" مونس شہباز نے آواز اور دھیمی کرلی تھی پاپا نے سر اٹھا کر کہا۔

"نہیں بات یہی ہے' تم ہی نہیں گھر کے ہر شخص کو ایسا ہی لگتا ہے کہ میرے لیے پیسہ' دولت ہی سب کچھ ہے مجھے نہ کسی کی ضرورت ہے نا کسی کی کمی محسوس ہوتی ہے' امی اور ابا جان اور بہنوں کو بھی مجھ سے یہی شکایت تھی کہ میں نے صرف دولت کے پیچھے ہی دوڑ لگائی ہے' میں نے کبھی ان کی کسی خوشی میں شرکت نہیں کی اور اپنے دکھ میں انہوں نے جان کر مجھے شریک نہیں کیا کہ میرے لیے یہ سب ضروری نہیں ہے پھر آپ کی ماما کا رویہ میرے لیے ہر جگہ سوالیہ نشان بنا رہا۔"

"آپ ماما کے لیے اتنا حساس بھی تو رہتے ہیں پاپا! وہ کچھ بھی غلط کریں صحیح کریں سچ کہیں' جھوٹ کہیں آپ ہر اس بات پر آمنا صدقنا کہتے ہیں تب ہی آپ سے منسوب لوگوں کی توجہ آپ کے لیے سوالیہ نشان بنی رہتی ہے۔"

پاپا نے سر اٹھا کے بے چارگی سے اسے دیکھا۔

"پتا نہیں میں جب بھی اسے روتے دیکھتا ہوں' میرے اندر طوفان آجاتے ہیں' میں پاگل ہوجاتا ہوں پھر میری کچھ سمجھ میں نہیں آتا کیا کروں کیا نہیں کروں۔"

"پاپا! آپ کی یہ حساسیت پہلے تو اتنی شدید نہیں تھی ظفر بھائی کی زندگی میں تو میں نے گھر میں لڑائی جھگڑوں کے علاوہ کچھ نہیں دیکھا تھا۔ آپ ایک دوسرے سے عاجز تھے ایک دوسرے کی شکل نہیں دیکھنا چاہتے تھے اور آپ ایک دوسرے کو طلاق دینے والے تھے۔"

پاپا کو جیسے کرنٹ لگا تھا۔ رنگ اڑ گیا تھا ان کا۔ وہ اس کی طرف مڑے تھے۔

مونس کو لگا وہ جان کر "اسموک اسکرین" درمیان میں لائے تھے' تاکہ وہ ان کے چہرے کے ٹھیک تاثرات نہ دیکھ سکے۔

"تمہیں یہ کس نے بتایا تھا کہ ہم میں علیحدگی ہونے والی تھی۔"

اس نے بہت تھکے ہوئے لہجے میں کہا تھا۔

"ظفر بھائی نے بتایا تھا' اس دن آپ دونوں میں روز سے زیادہ جھگڑے ہوئے تھے۔ ظفر بھائی مجھے اپنے قریب بٹھائے میتھس کے سوال حل کروا رہے تھے اور میں بار بار غلطی کر رہا تھا۔ وہ مجھے ڈانٹ رہے تھے کہ میں ان کی بات کیوں نہیں سمجھ رہا میں آپ کی چنگھاڑوں سے ڈر رہا تھا۔ میں رونے لگا تھا۔ تب ظفر بھائی نے مجھے اپنے سینے سے لگا لیا تھا اور بولے تھے۔

"تم بہت بہادر بچے ہو اور بہادر لوگ ہر طرح کے حالات کے لیے تیار رہتے ہیں۔"

"میں نے کہا' کیسے حالات؟"

تو بہت اذیت بھرے لہجے میں بولے تھے "شاید ہمارے ماما' پاپا بہت دیر تک ساتھ نہ رہیں' ہوسکتا ہے وہ الگ ہوجائیں' مگر میں تیار ہوں اس چویشن کے لیے' بلکہ پہلے سے زیادہ پُرسکون ہوکر پڑھائی کرسکوں گا' پھر یہ ہنگامہ' لڑائی نہیں ہوگی۔ ہمیں دونوں میں سے کسی ایک کو چننا پڑے گا۔ میں پاپا کا نام ریفر کروں گا' مگر کچھ عرصے کے لیے جب میں معاشی طور پر مضبوط ہوجاؤں گا تو میں ان سے بھی الگ ہوجاؤں گا اور تمہیں بھی اپنے ساتھ لے جاؤں گا۔"

"مگر دادا' دادی اور چاچو؟" میں نے اگلا سوال کیا اور انہوں نے دکھ سے کہا۔

"کوئی نہیں ہے ہمارا' اپنے ذہن کو پہلے سے تیار کرلو۔ ہر رشتہ پاپا سے ہے' جب پاپا ان کے لیے کچھ نہیں ہیں اور وہ پاپا کے لیے کچھ نہیں ہیں تو بہتر ہے ہم خود کو ابھی سے اکیلا ہونے کا عادی کرلیں اور اپنی زندگی کی ایک نئی شروعات کریں' جہاں صرف تم میرے لیے اور میں تمہارے لیے ہوں اور باقی کچھ نہیں ہے' کیا تمہیں دادی کا رویہ ٹھیک لگتا ہے؟ وہ پاپا سے ہر شکوہ شکایت کا بدلہ مجھے جس طرح اگنور کرکے لیتی ہیں' مجھے نہیں اچھا لگتا' میری توجہ اور محبت کو بھی جب وہ غلط سمجھتی ہیں تو میرا دل چاہتا ہے میں یہ گھر چھوڑ دوں۔"

"وہ یہ سب کہتا تھا تم سے اور میں سمجھتا تھا وہ میرا عاشق زار ہے۔ اسے میرے بغیر نیند آتی ہے نا کھانا کھایا جاتا ہے' وہ راتوں کو جس طرح میرا انتظار کرتا تھا' ایسا انتظار تو کبھی زینب نے نہیں کیا تھا میرا اور آج مجھے اتنے سالوں بعد پتا چل رہا ہے کہ وہ مجھ سے نفرت کرتا تھا۔"

پاپا کے چہرے کا ہر رنگ جیسے آہستہ آہستہ مرنے لگا تھا۔ وہ اٹھ کر ان کے قریب آگیا تھا۔

"وہ جذباتی تھے پاپا! آپ تو جانتے ہیں' آپ مجھ سے بھی اس لیے ہی تو ڈرتے ہیں کہ میں بھی صرف جذبات کو اہمیت دیتا ہوں' حقیقت پسندی نہیں ہے مجھ میں۔"

پاپا کچھ نہیں بولے تھے' خاموشی سے مونس شہباز کو دیکھتے رہے تھے پھر نرمی سے بولے تھے۔

"کیا آپ اپنی ماما سے سوری کرلیں گے مونس! یہ درخواست ہے حکم نہیں۔"

"پاپا! ایسے تو نہ کہیں۔ آپ کو حکم دینے کا اختیار ہے مجھ پر۔" اس نے پاپا کے ہاتھ کو چوما تھا اور پاپا پشت موڑ کر چلے گئے تھے۔

☼ ☼ ☼

وہ ماما کے کمرے میں گیا تھا' ان کی بڑی بڑی غلافی آنکھیں رو' رو کر سوج گئی تھیں۔

"کیا کررہی ہیں ماما؟" ماما نے اسے دیکھ کر خوامخواہ اپنی الماری کھول لی تھی' اپنے تہہ کیے کپڑوں کو پھر سے تہہ کرنے لگیں۔

"ماما ادھر دیکھیں نا میری طرف۔" اس نے ماما کو کندھے سے تھاما تھا اور وہ بپھر گئی تھیں۔ "چھوڑ دو مجھے مونس! مجھے نہ تم سے بات کرنی ہے نا مجھے تمہاری طرف دیکھنا ہے۔"

"میں اتنا برا بھی نہیں ہوں ماما! ادھر دیکھیں تو' لڑکیاں تو آپ کے بیٹے پر سو جان سے فدا ہیں اور آپ ہیں کہ اپنے بیٹے کو لفٹ ہی نہیں کراتیں۔"

"تمہیں پتا ہے مجھے تم سے بات کرنے میں بھی انٹرسٹ نہیں رہا ہے۔" انہوں نے اس کے ہاتھ جھٹک دیے۔

"کیوں نہیں ہے آپ کو مجھ میں انٹرسٹ۔ میں آپ ہی کی اولاد ہوں مام!" وہ کہنے کچھ آیا تو کسی اور قضیے میں الجھ گیا تھا۔

"یہ بہت بڑی غلطی ہے ہماری کہ تم ہماری اولاد ہو۔" اتنا سخت کمنٹ سن کر وہ کھڑے سے بیٹھ گیا تھا۔

"اگر میں آپ سے کبھی دور چلا جاؤں تو آپ کو شاید اتنی بھی کمی محسوس نہیں ہوگی' جتنی یہ کرسٹل کے واز کو اگر آپ کے روم میں ڈائریکشن بدل کر رکھ دیا جائے تو آپ کو یہ بدلاؤ محسوس ہوگا۔"

"میرے پاس فضول باتوں کا جواب نہیں۔ ناولز کم سے کم پڑھا کرو۔ یہ جذباتی باتیں کتابوں میں اچھی لگتی ہیں۔"

"او کے مام! میں آپ سے کتابی باتیں نہیں کروں گا' لیکن پلیز میں چاہوں گا کہ آپ کے آنسو جو میری وجہ سے نکلے ہیں' ان پر مجھے آپ معاف کردیں۔"

"میرے آنسو تمہارے لیے کب سے اہمیت رکھنے لگے ہیں؟" وہ الماری بند کرچکی تھیں اور اب اس کی طرف متوجہ تھیں۔

"آپ کے آنسو میرے لیے ہمیشہ سے اہم ہیں مام!





www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"میں نے اگر تمہیں مونس کے اریب قریب بھی دیکھا تو میں ساری رعایت، ساری مصلحت بھول کر تمہیں واپس پاکستان بھیج دوں گی۔"

"پاکستان۔" اس نے زیرلب بہت بے چارگی سے اس ملک کا نام لیا تھا جہاں وہ پلی بڑھی تھی، جہاں ساری عمر سچائی سے محبت کی تھی، محبت اوڑھی تھی، محبت جی تھی اور پھر وہ ہی پاکستان تھا، جہاں اس نے اپنے اندر سے محبت دفن کی تھی۔

☼ ☼ ☼

وہ کچن میں مصروف تھی، ملازمہ کے ساتھ مل کر مگر خاموشیاں اس کے ہم قدم چل رہی تھیں۔

اس کے قدموں میں صرف بے چارگی تھی اور پیروں کی ریکھاؤں میں جلاوطنی کا دکھ۔

"آپ بیگم صاحبہ کی سگی بھانجی ہیں؟" اس نے پلیٹ کو خشک کرتے کرتے پوچھا۔

"نہیں میں ان کی سگی بھانجی نہیں، رشتے کی بھانجی ہوں۔" اس نے جھوٹ بول کر اپنا بھرم رکھنے کی معصوم سی کوشش کی اور گل اس کو حیرت سے دیکھے گئی۔

"میں صاحب کے پاس پندرہ سال سے ملازم ہوں۔ بیگم صاحبہ کو میرے کام کی عادت ہے، تب ہی وہ جب یہاں آئیں تو انہوں نے مجھے دو سال کے اندر اندر میرے شوہر کے ساتھ بلوالیا تھا اور گھر کی تصویروں میں، میں نے اکثر آپ کو بیگم صاحبہ کی فیملی کے ساتھ دیکھا ہے، جب بڑی بی بی، صاحب، بیگم صاحبہ کے گھر آیا کرتیں تو وہ آپ کا نام لے کر ہر وقت آپ کو یاد کیا کرتی تھیں، بتایا کرتی تھیں کہ آپ ان کا کیسا خیال رکھا کرتی تھیں۔"

"بہت محبتی تھیں اگر وہ مجھے اپنی اولاد جیسا سمجھتی تھیں۔" وہ اس حوالے سے صاف مکر گئی، اس لیے نہیں کہ زینب ممانی کا رویہ اس کے ساتھ برا تھا، بلکہ اس لیے کہ گل یہ نہ سمجھے کہ ان کے گھر کے لوگ اپنے غریب قرابت داروں سے اتنا ناروا سلوک کرتے ہیں، اس گھر کے لوگ جہاں دادی بیگم کی تربیت اور محبت نے کئی گھروں کے اندھیرے گھر میں سکون و آشتی کے دیے جلائے تھے، وہ اس وقت بھی صرف دادی کا بھرم اور مان نہیں ٹوٹتے دیکھ سکتی تھی۔

"پتا نہیں جی۔ مجھے تو یاد پڑتا ہے صاحب نے کہا تھا، آپ ان کی سگی بہن کی بیٹی ہیں۔"

"کہہ دیا ہوگا ماموں جان کو یوں بھی دل رکھنے کا بڑا شوق ہے نا۔" وہ پلیٹیں ریک میں رکھ کر کچن سمیٹ کر زینب ممانی کے پاس ڈرائنگ روم میں آئی تھی۔

"کوئی اور کام تو نہیں ہے ممانی؟"

"ہاں یہ دو، تین ساڑھیاں ہیں استری کرکے میری وارڈروب میں رکھو، پھر سونے چلی جانا۔"

ایک پرسکون نیند، پتا نہیں کتنے سالوں سے وہ ٹھیک طرح سے سو نہیں پائی ہے، اس نے اندازہ لگانے کی کوشش کی مگر جلتی آنکھوں نے اس کے اس حساب کا ساتھ نہیں دیا تھا۔

استری کرنا بہت مشکل کام لگتا تھا اسے مگر اسے یہ ہی مشکل کام کرنا پڑتا تھا، مگر ساڑھی استری کرنا مشکل ترین کام تھا، وہ بھی زینب ممانی کی ساڑھی، سو نقص نکالتی تھیں، ٹھیک سے استری کے باوجود، وہ تیسری ساڑھی کو پھیلا رہی تھی کہ اچانک کمرے میں مونس شہباز داخل ہوا تھا، اس کے ہاتھ میں برگر تھا۔

"تم نے ابھی تک کھانا نہیں کھایا نا؟"

اس نے مڑ کر بے بسی سے دیکھا تھا۔ "نہیں، یہاں سے نمٹوں گی تب ہی کھانا کھاؤں گی جاکر۔"

"اس وقت رات کے گیارہ بج رہے ہیں۔ توبہ ہے سامیہ! آپ بھی نا اور یہ ماما بھی کتنی ظالم ہو جاتی ہیں کبھی کبھی۔"

"ارے انہوں نے کچھ نہیں کہا تھا۔ میں خود زبردستی یہ ساڑھیاں اٹھا کے لائی تھی۔"

"اچھا چلیں، آجائیں، ایک پاکستانی ریسٹورنٹ سے لایا ہوں، پودینے کی چٹنی کے ساتھ، کیچپ مجھے پسند نہیں ہے اس لیے نہیں ڈالا ہے اس برگر میں۔"

"مگر مجھے کام کرنا ہے۔" وہ للچائی ہوئی نظر سے برگر کو دیکھ کر بولی۔

اور وہ ہنس پڑا، "آجائیں ماما اس وقت سونے کے لیے لیٹ چکی ہوں گی، آپ کھائیں، قسم سے پاکستان یاد آکر رہ جائے گا۔ سچ پوچھیں مجھے ہائی فائی شاپ کے مقابلے میں برگر ٹائم کے ٹھیلوں سے برگر لے کر کھانے کا شوق رہا ہے۔"

سامیہ کو ہنسی آگئی تھی، اس شخص کی تمنائیں اور پسند و ناپسند کتنی عام سی تھیں۔

"ہاتھ دھولوں۔" وہ منمنائی۔ اور وہ نفی میں سر ہلا کر بولا تھا۔

"ایسے ہی آجاؤ، ہاتھ دھونے باہر جاؤ گی تو پکڑی جاؤ گی اور پھر شیر کی اولادیں منہ ہاتھ کب سے دھونے لگیں۔"

بے ساختہ قہقہہ ابل پڑا تھا، وہ پلیٹ میں پودینے کی چٹنی سے برگر لگا لگا کر کھانے لگی تھی، بھوک میں تو سوکھی روٹی بھی اچھی لگتی ہے یہ تو پھر برگر تھا، کسی زمانے میں اسے بھی برگر کھانا کتنا پسند تھا، مگر ایک ٹیس سی دل میں اٹھ کر رہ گئی، پھر یہ اس کا آخری بائٹ تھا کہ اچانک دروازہ کھلا اور بیٹھے ہوئے وہ دونوں حق دق رہ گئے۔

"یہ سب میرے گھر میں نہیں چلے گا لی بی! بہت سنی ہیں میں نے تمہاری کہانیاں۔"

وہ شرم سے پانی پانی ہوگئی، تب مونس شہباز کھڑا ہوگیا۔

"آپ کو سامیہ پر اعتبار نہیں، مگر میں تو آپ کا ہی بیٹا ہوں نا۔"

"ہاں تب ہی میں نے تمہارا ہر روپ دیکھا ہوا ہے۔"

"میں ماسک لگا کر نہیں گھومتا مام! جیسا اندر سے ہوں ویسا ہی باہر سے ہوں۔"

"خوش فہمی ہے تمہاری، ورنہ دنیا میں اگر مجھے کسی پر اعتبار نہیں ہے تو وہ تم ہو۔"

"آخر میں نے ایسا کیا کردیا ہے مام! کہ آپ مجھ پر ہمیشہ بے اعتبار رہی ہیں۔"

"کیا یہ بھی تمہیں بتانا پڑے گا، مسز ساحرہ کی بیٹی کی داستان لوگ ابھی نہیں بھولے۔"

"مگر وہ بات کلیئر ہوگئی تھی کہ ان کی بیٹی نے جھوٹ کیوں بولا تھا، جب اریک نے خود اسے بلیک میل کر کرکے تھک گیا تو تنگ آکر سب کے سامنے کسی راز کی طرح فاش کردیا تھا، آپ کی سو کالڈ کٹی پارٹی بہت یادگار تھی مام۔"

"تم اپنی غلطی سے توجہ ہٹانے کی کوشش مت کرو۔"

"مام! ہم برگر کھا رہے تھے اور بس۔ سامیہ کو بھوک لگ رہی تھی شدید۔"

"آخاہ! تو اب یہ الزام بھی سر تھوپو گی لڑکی کہ زینب ممانی تمہیں بھوکا رکھتی ہیں۔"

"نہیں تو زینب ممانی، میں ایسا کیوں کہوں گی، میرے لیے تو آپ فرشتہ ہیں۔"

"ہاں فرشتہ سب کے سامنے، ورنہ تمہارا دل جو مجھے ظالم، جلاد سمجھتا ہے، میں اچھی طرح سمجھتی ہوں یہ بات۔"

"پتا نہیں زینب ممانی آپ کا دل میری طرف سے کیوں صاف نہیں ہوتا، حالانکہ میں اسی طرح چلنے کی کوشش کرتی ہوں، جیسا آپ کو پسند ہے۔"

"لوگوں کو پرکھنے کا میرا الگ انداز ہے اور میں اس میں کسی کی ڈکٹیشن قبول نہیں کرتی، میرا دل کہتا ہے تم مجھے کہیں نہ کہیں دھوکا دو گی، تم اس گھر کی خیر خواہ نہیں ہو یہ میری رائے ہے۔"

"میں مانتی ہوں زینب ممانی! لیکن آپ یہ تو سوچیں میں آپ کو دھوکا کیوں دوں گی، کس کے لیے دوں گی، میں یہاں جلاوطن ہوں زینب ممانی! مجھے میرے گھر میں کوئی پسند کرتا ہے نہ مجھے اپنے ساتھ رکھنا پسند کرتا ہے، شہباز ماموں کا تو احسان ہے کہ وہ مجھے ایک بری زندگی سے بچا کے لے آئے، ممانی تم سے میں چاہوں بھی تو آپ کے سامنے سر اٹھا کر آپ کو دیکھ نہیں سکتی، میں اپنی ساری کشتیاں جلا کر یہاں آئی ہوں، آپ ہی بتایئے پھر میں اپنی پناہ گاہ کو خود اپنے ہاتھ




WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سے کیوں اجاڑوں گی' جب سے زندگی نے حق اختیار چھینا ہے' تب سے زندگی خاموشی اور سر جھکانے کا نام ہے میرے لیے۔"

"بس' بس میرے سامنے یہ کتابی باتیں مت کیا کرو' مجھے زہر لگتی ہیں ایسی باتیں۔"

"مگر آپ کو ظفر بھائی کی یہ کتابی باتیں کبھی بری نہیں لگی تھیں ماما۔" اس نے سوچا کہ وہ کچھ نہ بولے اور واقعی اس نے اس بار بھی تلخی بھرا جملہ ہی کہا تھا۔

"ظفر تمہاری طرح تکلیفوں کی نمائش نہیں کرتا تھا' میرے اس بچے میں بہت ٹھہراؤ تھا' بہت کچھ ضبط کر لینے کا حوصلہ تھا' وہ تمہاری طرح اتھلا نہیں تھا کہ پھانس بھی چبھی تو ساری دنیا کو اپنے گرد تماشا کھڑا کر لو۔"

"میں ایسا ہوں ماما؟" مونس شہباز کی آواز یک دم مرنے سی لگی تھی۔

"میرا دل چاہتا تھا' کبھی آپ صرف آپ مجھ پر رائے دیں' میرے ظاہر اور میرے باطن میں جھانک کر مجھے دریافت کریں' مگر مجھے آج پتا چلا ہے میں آپ کے لیے ایک ٹھوکر پر پڑا ہوا پتھر ہوں' بس ایسا پتھر جس پہ نہ آپ توجہ دے سکتی ہیں' نہ توڑ سکتی ہیں' کیونکہ اگر میں ٹوٹ گیا تو آپ کے لفظوں اور آپ کی نفرت کا زہر کون پیے گا۔"

ماما نے نفرت سے اس کی طرف سے پشت موڑلی تھی۔

☼ ☼ ☼

دوسری صبح بہت ہنگامہ خیز تھی۔

"یا تو اس لڑکی کو پاکستان بھیجیں یا پھر اس کو جلد سے جلد شادی کر کے اس گھر سے دفعان کریں۔" ان کا لہجہ بہت تیز' بہت سخت تھا' مگر شہباز صاحب سر جھکائے کسی بہت گہری سوچ میں گم تھے۔

"میں آپ سے کچھ کہہ رہی ہوں شہباز!" انہوں نے اس بار ان کا شانہ ہلایا اور وہ جھرجھری لے کر ان کی طرف خالی آنکھوں سے دیکھنے لگے۔

"زینب! اگر آپ کسی سے دل کی گہرائی سے محبت کرتے ہو' مگر آپ کو پتا چلے کہ آپ سے وہ شدید نفرت کرتا تھا' اتنی نفرت کہ اس کے اختیار میں ہوتا تو وہ آپ کو کب کا چھوڑ کے جا چکا ہوتا' ہم جسے محبت کا بندھن سمجھتے ہوں وہ صرف مجبوری کا ساتھ ہو تو کیسا لگتا ہے؟"

زینب شہباز نے انہیں حیرت سے دیکھا تھا۔

"آپ کس کی بات کر رہے ہیں شہباز؟"

"ایک ناول پڑھ رہا تھا کل عجیب سی کہانی تھی' دل پر بوجھ بڑھا گئی۔"

زینب یک دم ان کے پاس آ کر کھڑی ہو گئیں۔ "یہ آپ کب سے ان خرافات میں پڑ گئے' کہانیاں' ناول یہ تو بے کار لوگوں کے کام ہیں۔"

"ہاں مجھے پہلے یہ ہی لگتا تھا کہ ناول اور کہانیاں لکھنا' پڑھنا بے کار کا کام ہے' مگر کل پتا نہیں مجھے کیوں لگا کہ یہ سب کہانیاں ہمارے اندر سے جنم لیتی ہیں' ہماری طرح کے لوگ کہیں نہ کہیں وہ زندگی جی رہے ہوتے ہیں' جنہیں لفظوں میں لکھاری ترتیب دے رہے ہوتے ہیں۔"

"آپ مجھے ٹھیک نہیں لگ رہے۔ آپ تو بہت مضبوط اعصاب رکھتے تھے۔"

"مضبوط اعصاب۔" وہ خود پر طنزیہ ہنسے تھے' وہ تو وہ رشتوں کے پاٹوں میں پس گئے تھے' تب ہی انہوں نے اپنے اعصاب کو آہستہ آہستہ بے حسی کی سمت موڑ دیا تھا تاکہ وہ دونوں فریقین کی دہائی کا استقامت سے مقابلہ کر سکیں' ورنہ شروع شروع میں وہ اماں کی شکایت پر زینب شہباز سے بدسلوکی کر ڈالتے تھے اور کبھی بیوی کے کہنے پر ماں سے جھڑپ کرنے جا پہنچتے تھے۔ بہت سال تک یہ ہی چکر چلتا رہا' مگر ظفر کے زندگی سے چلے جانے کے بعد ان میں ایک بہت بڑی تبدیلی آئی تھی' انہیں لگا تھا وہ مکمل طور پر خالی ہو گئے ہیں۔ انہیں لگا تھا کوئی جیسے ان کی عمر بھر کی کمائی چھین کر لے گیا ہے' وہ چیخ سکے تھے' نہ رو سکے تھے اور تب انہیں لگا کہ ان کے اندر آنسو گلیشیئر بن کر جم گئے تھے۔

اور اتنے برسوں بعد زینب کہہ رہی تھیں' وہ بہت مضبوط اعصاب کے مالک ہیں۔

زینب شہباز ابھی تک ان کی طرف متوجہ تھیں اور شہباز صاحب یک دم ان کے سامنے سے اٹھ کر باہر چلے گئے تھے' پھر دو ہفتے بعد کی بات تھی' انہوں نے اپنا سوٹ کیس پیک کرنا شروع کر دیا تھا۔

"کہاں جا رہے ہیں آپ؟"

"پاکستان۔" بہت عجیب دکھ کی طرح لفظ ادا ہوا تھا۔

"کیوں جا رہے ہیں؟" زینب نے حیرت سے انہیں دیکھا اور پھر پوچھا۔ مگر انہوں نے کچھ نہیں کہا' پھر وہ ڈرائیور کے ساتھ ایئرپورٹ پہنچے تھے اور اپنے سامنے مونس کو دیکھ کر حیران رہ گئے۔

"تم یہاں کیوں؟"

"پتا نہیں' مگر مجھے لگا تھا آپ کو رخصت کرتے وقت اپنی محبت کا سندیسہ اور سوغات آپ کے ہاتھ ضرور بھیجنا چاہیے تھا۔ ظفر بھائی کو پتا نہیں میں یاد ہوں گا کہ نہیں' لیکن جب آپ ان سے ملیں تو ضرور کہیے گا کہ مونس کو ایک لمحے کے لیے بھی وہ نہیں بھولے ہیں' ہمیشہ میں نے ان کو اتنا یاد کیا ہے جتنا شاید خود کو بھی یاد نہ رکھا ہو۔"

"تمہیں کیسے پتا' میں پاکستان کیوں جا رہا ہوں؟"

"ظفر بھائی کہتے تھے' محبت میں کہے بغیر ایک دل دوسرے دل کی سمجھ لیتے ہیں اور مجھے گمان ہے مجھے آپ سے بہت محبت ہے پاپا۔"

شہباز صاحب کی آنکھیں نم ہونے لگی تھیں اور وہ نم آلود شام تھی' جب وہ کراچی اپنے گھر آئے تھے۔ اماں جان کو ان کی آمد سوکھے دھانوں پر پڑنے والی بارش جیسی محسوس ہوئی تھی۔ وہ بھی اماں کے گلے سے لگ کر ایسے روئے تھے کہ جیسے پہلی بار بچھڑ کر ملے ہوں۔

"اماں! کیا آپ کا دل گزرے سالوں کی بے رخی پر مجھے معاف کر سکے گا؟"

اماں نے ایک لفظ کہے بغیر انہیں اپنے سینے سے لگا لیا تھا اور وہ بھیگی ہوئی شام کی طرح گھر میں سوگوار بیٹھے تھے' اماں نے انہیں کسی کم سن بچے کی طرح سمیٹ رکھا تھا۔ مگر ان کی آنکھوں کی نمی۔

"کیوں واپس آیا ہے شہباز؟ تجھے پتا ہے' پہلے میں تیرے اپنے آپ سے جدا ہونے سے بہت ڈرتی تھی۔ مجھے لگتا تھا تم جو میری پہلی اولاد ہو' اگر تم مجھ سے دور چلے گئے تو میرے سارے بچوں کے درمیان جو ایک کشش کا دائرہ ہے وہ دائرہ ٹوٹ جائے گا اور میں اپنے سارے بچوں کے درمیان یہ مقناطیسی کشش برقرار رکھنا چاہتی تھی' مگر جس دن میں نے ظفر کا خاموش وجود گھر میں اترتے دیکھا' اس دن مجھے لگا تمہیں اب پاکستان میں نہیں رہنا چاہیے۔ مجھے لگا ظفر کے وجود کی ساری خاموشیاں تمہارے اندر سما کر تمہیں دیمک لگا دیں گی۔ تم دور چلے جاؤ گے' اس غم کے راستے سے' تو خوشیوں کی طرف تمہارے قدم تیز رفتاری سے بڑھتے چلے جائیں گے۔ اس لیے میں نے تمہاری جدائی سہہ لی۔"

"کیا سوچ رہے ہو شہباز؟" کسی نے ان کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر متوجہ کیا' یک دم جیسے وہ اماں کی گود سے تلخی کی حد تک چلچلاتی ہوئی سچائی میں لا کھڑے کر دیے گئے۔

وہ اماں کے کمرے میں اکیلے بیٹھے ماضی کی کسی شام کے لفظوں سے دل کو ڈھارس دے رہے تھے۔ مگر شازیہ آپا جو ان کی خالہ زاد تھیں اور ان سے آٹھ برس بڑی تھیں' انہوں نے ڈھارس کا یہ کندھا یک دم چھین لیا تھا۔

"اماں نے جاتے وقت کیا کہا تھا؟" کئی برس سے وہ جب بھی فون پر بات کرتے ایک یہ ہی سوال کرتے آ رہے تھے اور آج وہ شازیہ آپا کے بالکل سامنے آ کر کھڑے تھے اور ایک بار پھر یہ ہی سوال کر رہے تھے۔

"وہ تمہیں آخری بار دیکھنا چاہتی تھیں' وہ تم سے بہت محبت کرتی تھیں۔"

"مگر مجھے کیوں لگتا ہے' وہ مجھے آخری بار نہیں





WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

شہباز صاحب نے اس کی کہانی نہیں سنی تھی' وہ خاموشی سے آئی سی یو میں داخل ہوئے تھے اور روم میں داخل ہونے سے پہلے انہوں نے دو فون کیے تھے۔

ایک دوست کو طلاق کے کاغذات نہ بنانے کے لیے اور ایک فون زینب کے لیے۔

''تمہارا بیٹا اسپتال میں ہے' کیا آپ اب بھی ناراض ہیں؟''

''کون؟'' زینب کی بے قرار آواز پر ان کی آنکھیں بھیگ گئیں۔

''ظفر... زینب آؤ نا پلیز' آکر اپنے بیٹے سے کہو وہ ہمیں چھوڑ کر نہ جائے' ہمارے سارے خواب اس سے وابستہ ہیں' اگر اسے کچھ ہو گیا تو تمہاری اور میری آنکھیں تو بنجر ہو جائیں گی نا۔'' زینب جھگڑا بھلا کر فوراً'' اسپتال پہنچی تھیں۔ ظفر نے تیسرے دن آنکھیں کھولی تھیں' مگر اس نے صرف مونس کو پکارا تھا۔ ڈاکٹر کی خصوصی اجازت کے بعد مونس آئی سی یو میں داخل ہوا تھا۔

''خدا کا شکر ہے' تم ٹھیک ہو۔'' ظفر نے اس کا ہاتھ چوما تھا۔ مونس نے ہمیشہ کی طرح اس کی پیشانی چومی اور بس جیسے بلیک وارنٹ کے قیدی کی سزا پوری ہو گئی تھی' کمرے میں ساری مشینیں ایک دم سے شور مچانے لگی تھیں' ڈاکٹرز یک دم روم میں داخل ہوئے تھے اور اسے باہر نکال دیا گیا تھا' مگر باہر کی فضا بہت ناسازگار تھی۔

ماما کی سرخ انگارہ آنکھیں اس پر جمی ہوئی تھیں۔ ''اگر آج میرے ظفر کو کچھ ہوا تو میں تمہیں کبھی معاف نہیں کروں گی۔'' بابا انہیں ساری بات بتا چکے تھے' تب ہی وہ یک دم سہم کر اپنے بابا کے پیچھے چھپنے لگا تھا۔

پھر پندرہ منٹ بعد ڈاکٹر باہر آیا۔ ''آئی ایم ساری سر!'' شہباز صاحب یک دم زمین پر بیٹھ گئے تھے اور زینب دیوانوں کی طرح چیخنے لگی تھیں۔

''یہ کیسے ہو سکتا ہے' وہ میرا بیٹا ہے' وہ میرا ظفر ہے' میرے بغیر ایک پل نہیں رہ سکتا۔ مجھے کیسے چھوڑ کے جا سکتا ہے' ڈاکٹر آپ جھوٹ بول رہے ہیں۔''

وہ ڈاکٹر سے لڑ رہی تھیں اور شہباز سے چھوٹے عباس نے گھر فون کر دیا تھا' وہ ڈیڈ باڈی کو لے کر جانے کے انتظامات میں لگے ہوئے تھے۔ مظہر بھائی' شہباز کے بہنوئی شہباز کو اپنی گاڑی میں بٹھا کر لے گئے تھے۔ عباس' زینب اور مونس کے ساتھ ڈیڈ باڈی گھر لائے تھے۔

''ظفر!'' وہ یک دم سسک اٹھے تھے۔

اور ایک نوعمر تلخ آواز گونجی تھی۔ ''ظفر مرا نہیں ہے' اسے قتل کیا گیا ہے' آپ دونوں نے مل کر مارا ہے اسے۔ دن رات کے جھگڑے' ہنگاموں سے تنگ آکر اس نے زندگی اور موت میں سے موت کو قبول کیا' یہ حادثہ نہیں خودکشی ہے ماموں! وہ میرا دوست تھا' ہر روز جب بھی آپ کا مامی سے جھگڑا ہوتا' وہ میرے پاس آکر یہ ہی کہتا۔ میں اس زندگی سے تنگ آگیا ہوں۔ میں مرجانا چاہتا ہوں۔ دیکھ لینا کسی دن برداشت اور صبر کا دامن چھوٹ گیا تو میں خودکشی کرلوں گا۔ ٹوٹے ہوئے گھر کی وراثت اسے قبول نہیں تھی اور ماموں آپ نے اسے واقعی مار دیا۔''

''آفاق! بکواس بند کرو' یہ ساری باتیں پھر بھی ہو سکتی ہیں۔'' عالیہ آپا اپنے بیٹے کو چپ کرانے کو چیخی تھیں اور سیکنڈ ایر کے آفاق مصطفیٰ نے چھوٹی ٹیبل کو لات ماری تھی۔

''میرے چپ ہونے سے حقیقت نہیں بدلے گی ماما! میرے دوست کو شہباز ماموں اور مامی نے ہی قتل کیا ہے۔''

وہ لوٹ گیا تھا اور وہ ظفر کے چالیسویں والے دن بہت چپکے سے گھر سے نکلے تھے اور آفاق مصطفیٰ کے کمرے میں داخل ہوئے تھے' وہ انہیں دیکھ کر یک دم تیزی سے اٹھ کھڑا ہوا تھا۔ ظفر کی موت والے دن جو کچھ کہا تھا جو کچھ ہوا تھا' وہ اس کے اندر کا ہیجان جذباتیت تھی۔ اسے خود پتا نہیں تھا وہ کیا کہہ رہا تھا' مگر جب بعد میں اس کی ماما نے اسے بتایا تو وہ چپ رہ گیا تھا' تب سے اب تک ظفر کی موت پر اس نے خاموشی کی



ایک چادر تان لی تھی۔

اور آج شہباز ماموں کو دیکھ کر اس کی جان آنکھوں میں کھنچ آئی تھی' وہ اپنے کیے پر نادم اور شرمندہ تھا' زندگی اگر اس کے دوست پر آسان نہیں تھی تو اسے یہ حق کب پہنچتا تھا کہ وہ اس کی موت کو بھی اتنے مشکل زاویہ پر لا کر چھوڑ دیتا۔ وہ جس سوال بھری زندگی سے بھاگتا آیا تھا وہی سوال اس نے اس کی موت کے سرہانے رکھ دیے تھے۔

ظفر کی موت خودکشی تھی کہ حادثہ۔

اور آج وہ ہر روز کے اپنے اندر کے سوال کو لے کر اس کے سامنے بیٹھے تھے۔

''مجھے بتاؤ' وہ ہمارے بارے میں تم سے کس طرح کہتا تھا۔ اس کے لہجے میں... کیا ہوتا تھا' جب وہ میرے حوالے سے بات کرتا تھا۔''

''صرف محبت' وہ آپ سے اور زینب ممانی سے بہت محبت کرتا تھا' ماموں۔''

شہباز ساکت اس کپکپاتے سچ اور جھوٹ کے درمیان لٹکتے پردے کو اٹھائے بغیر واپس چلے گئے تھے اور آج اتنے سالوں بعد مونس کی باتیں پھر سے انہیں اس دکھ میں گھسیٹ لائی تھیں کہ وہ اپنے آراستہ پیراستہ گھر سے کسی جوگی کا چہرہ لے کر اس ملک میں واپس لوٹ آئے تھے۔ دوسری صبح رات سے بھی زیادہ اداس تھی' وہ اپنے بھانجے کے گھر بہت خاموشی سے چل پڑے تھے' آفاق اب دو بچوں کا باپ اور ایک کامیاب بزنس مین تھا۔

مگر شہباز ماموں کو دیکھ کر وہ آج بھی کنفیوز ہو کر کھڑا ہو گیا تھا' اس نے سگریٹ بجھا دی تھی اور اپنے اردگرد کے دھوئیں کو ایئر فریشنر سے ختم کرنے کی تگ و دو میں تھا۔

جب انہوں نے اس کا ہاتھ ہولے سے تھاما تھا۔

''تمہیں ظفر کبھی یاد آیا پھر؟'' آفاق مصطفیٰ کی آنکھوں میں غم تیرنے لگا تھا۔ ''نہیں اسے کبھی نہیں بھول پایا شہباز ماموں! اس کی ناگہاں موت نے مجھ سے میرا دوست ہی نہیں میرے اندر کا انا پرست مرد بھی مار دیا تھا' میں نے اس کی دکھ بھری موت کی وجہ سے اپنے بچوں کے لیے ہمیشہ ماحول کو سازگار بنائے رکھا' رضیہ مزاج کی بہت تیز ہے' مگر میں اپنے بچوں کے لیے ہمیشہ اس کی باتوں کو درگزر کر دیتا ہوں' لوگ کہتے ہیں میں بے حس ہوں' مگر زندگی کو آسان بنانے کے لیے کبھی کبھی بے حس ہونا بھی پڑتا ہے' اپنے آپ سے لڑ کر کچھ چہروں کی خوشی کے لیے خود کو فنا کرنا ہی پڑتا ہے' تب ہی محبت کامیاب ہو پاتی ہے۔''

شہباز صاحب کی آنکھوں کا خالی پن یک دم کسی فقیر کی طرح ان کے برابر میں آن بیٹھا تھا۔

''ظفر کو مجھ سے نفرت تھی نا؟''

آفاق مصطفیٰ کی سانس تیز تیز چلنے لگی تھی' پھر اس نے ٹھہر کے کہا تھا۔ ''نہیں تو ماموں وہ تو آپ دونوں سے اتنی محبت کرتا تھا کہ اسے لٹریچر میں دلچسپی تھی مگر وہ آپ کی خواہش پر سائنس پڑھ رہا تھا۔''

''ہم نے اس کے خوابوں میں یہاں بھی ڈنڈی مار دی تھی' اس نے کبھی نہیں بتایا تھا کہ اسے لٹریچر پسند ہے ورنہ میں کبھی اسے سائنس میں جانے کی صلاح نہ دیتا۔ میں ان والدین کی طرح نہیں تھا جو اپنے خواب اپنے بچوں کی آنکھوں میں ٹھونستے ہیں بے دردی سے' یہاں تک کہ جب تک وہ خواب تعبیر پاتے ہیں' تب تک ان کے بچے جینا بھول کر خود کو ایک مشین سمجھنے لگتے ہیں' جس کے پروگرامر ان کے ماں باپ ہوتے ہیں۔''

''وہ یہی کہتا تھا کہ آپ اتنے سویٹ ہیں کہ کبھی اس پر اپنی سوچ کا وزن نہیں ڈالیں گے لیکن اس کا دل چاہتا تھا کہ وہ ویسا ہی بنے اسی راستے پر چلے جس راستے پر آپ نے اپنے خواب بوئے تھے۔''

شہباز صاحب کی آنکھوں میں برسوں پرانے ساون نے دستک دی تھی اور دکھ کی دھوپ سے ان کی روح جل رہی تھی۔ دھوپ میں بارش کی بوندوں کی حدت سے ان سے سانس لینا دشوار لگ رہا تھا' تب ہی انہوں نے پوچھا تھا۔

''تم نے کہا تھا یہ حادثہ نہیں خودکشی ہے ایسا کیوں



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"کیا ملا زینب تمہیں ایسا کرکے؟ بیٹا چھین لیا تھا تو بھی دل نے کوئی دہائی نہیں دی کیا ہوتا اگر جاتے سمے میں اپنے بیٹے سے دو گھڑی بات کرلیتی" وہ ایک خاموش بے ضرر عورت تھیں' وہ خود سے مکالمہ کررہی تھیں۔ اب وہ اپنی تین جوان اولادوں کا دکھ دل میں محسوس کررہی تھیں۔ "تم نے اپنے جوان بیٹے کی موت کا دکھ سہا مگر پھر بھی تمہارا دل نرم نہ ہوا سخت ہوکر پتھر ہوگیا۔ ایک عورت پتھر کیسے ہوسکتی ہے؟ زینب عورت کے دل کو تو خدا نے گداز اور نرم بنایا مگر تم نے اچھا نہیں کیا۔" انہوں نے کمرے کی لائٹ آن کردی تھی۔

اندر کا ڈر پتا نہیں باہر آکر کیوں بیٹھ گیا تھا شاید جذباتی طور پر آج سے پہلے وہ اتنی کمزور نہیں پڑی تھیں کیونکہ وہ بزعم خود اپنے شوہر کی محبوب بیوی اور ظفر کی محبت کرنے والی ماں تھیں مگر آج یکدم کسی نے ان کے ہاتھ سے سب کچھ چھین لیا تھا وہ کمزور اور کنگال کھڑی تھیں۔

بیڈ پر تکیہ کمر کے نیچے رکھے وہ بالکل بے جان بیٹھی تھیں۔

"مام اب کیسا فیل کررہی ہیں میں نے پاپا کو فون کیا تھا مگر ان کا نمبر بزی جارہا ہے وہ آفس میں ہیں ابھی تک۔"

"مونس دوبارہ کیوں آیا تھا' کیا وہ ان کی کم مائیگی ان کے دکھ کا تماشا دیکھنے آیا تھا کہ ایک دم سے آسمان سے زمین پر گرنے سے کیسی تکلیف ہوتی ہے۔"

پتا نہیں مونس سے وہ کوئی اچھی سوچ کیوں وابستہ نہیں کرپائی تھیں' حالانکہ ان کی باقی اولادوں میں وہ ان کا سب سے فرماں بردار بیٹا تھا۔

آج پہلی بار انہوں نے اس کا چہرہ بغور دیکھا تھا۔

"ماما! میں فضہ آنٹی کو بلاؤں وہ آپ کو بہت اچھے سے سمجھتی ہیں۔"

اس نے زینب شہباز کا سیل فون اٹھایا تھا اور وہ اس کی بے قراری دیکھ رہی تھیں' رات کے بارہ بجے ان کا شوہر آفس میں اپنی فائلوں کے ساتھ گم تھا۔ ان کا عزیز بیٹا دوستوں میں موج مستی کے لیے نکلا ہوا تھا' ارم کے دوست کی دو دن بعد شادی تھی اور وہ اس کے گھر ٹھہرنے گئی تھی اور ان کے لیے وہی تھا جو پریشان کھڑا تھا۔

وہ ایک ایسا بچہ تھا جس کو انہیں یاد نہیں پڑتا کبھی نرمی سے دیکھا ہو یا ممتا سے چھوا ہو۔

"مونس آپ کو مجھ سے بھی زیادہ چاہتا ہے مام۔"

ایک بار ظفر نے اپنے ناز اٹھاتی ہوئی مام کو جتاتے ہوئے عجیب سے لہجے میں کہا تھا' تب انہوں نے اتنے غور سے پردے کو تھامے کھڑے مونس کو نہیں دیکھا تھا' مگر کیا واقعی وہ ہمیشہ سے ظفر کے ہوتے ہوئے مونس کو اہمیت نہیں دیتی تھیں' کئی واقعات ایک ساتھ یاد آگئے تھے ہر واقعہ میں مونس شہباز اکیلا کھڑا تھا' اور اس کی زبان پر حرف احتجاج تک نہ ہوتا تھا' پہلے ظفر کی وجہ سے وہ اس کی طرف متوجہ نہ ہوسکیں اور ظفر کی موت کے بعد وہ خود بخود ان کی زندگی کے کینوس سے صاف ہوگیا تھا۔

"ماما مجھے ٹیومر ہے تین دن بعد میرا آپریشن ہے۔"

کئی لمحوں پہلے کی بات یکدم انہیں پھر سے یاد آگئی تھی۔ "یہ شخص ایک وہم ایک خوش گمان خیال کا دامن تھامے کھڑا تھا۔ اگر کوئی اجنبی ہوتا تو کیا ان کا دل نہ پسیجتا پھر یہ تو ان کے اپنے وجود کا حصہ تھا' مگر اتنے سالوں کی جو خاموشی اور لفظوں کی تلخی ان کی طرف سے اس رشتے میں گھل چکی تھی وہ کیسے اسے مٹھاس میں بدلتیں۔

"فضہ آنٹی کا نمبر بند ہے مام۔" وہ ان کی سوچوں سے دور اب بھی صرف ان کے لیے ہراساں تھا۔

"مونس!" بہت وقت سے انہوں نے کہا۔

اس نے حیرت سے ان کی طرف دیکھا۔ اتنی محبت سے کب ان لبوں نے اسے پکارا تھا۔

"خیریت ہے ماما۔"

"تم جاکر سو جاؤ۔ میں اب بالکل ٹھیک ہوں۔" وہ یکدم ٹھہر گئی تھیں۔

اس کے لہجے نے انہیں سہما دیا تھا اگر وہ کمزور بن کر اس کے سامنے آئیں گی تو وہ کہیں اتنے برسوں کی تلخی کا بدلہ ان کی انسلٹ کرکے نہ لے' اور آج رات وہ دو اتنے قریب ترین رشتوں کے ان پر کیے گئے کمنٹ کو سہہ نہیں پارہی تھیں۔

"تمہارے سر میں بہت درد ہے؟" انہوں نے نرمی سے کہا وہ ابھی تک خاموش کھڑا تھا' ان کے کہنے کے باوجود اپنی جگہ سے ہلا نہیں تھا اور ان کا دل اس درجہ توجہ پر پھر سے ممتا سے بھر آیا تھا۔

ممتا کا گوشہ تو شاید شروع سے تھا' ظفر کی موت سے پہلے بھی ظفر کی موت کے بعد بھی مگر لفظوں میں بس سفاکی در آئی تھی پتا نہیں کیوں شاید وہ اس طرح احتجاج نہیں کرتا تھا جس طرح کے احتجاج سے کوئی وجود اپنے ہونے کا یقین دلا سکتا تھا۔

"پہلے بہت تھا مام! مگر ابھی میڈیسن لی ہے تب کہیں تھوڑا درد کم ہے۔"

"ادھر بیٹھو۔" انہوں نے دل میں کہا زبان سے نہیں اور وہ مایوس سا ہوگیا' اسے لگا تھا کوئی ذرا سا در یچہ محبت کا اس کے لیے کھلا تھا مگر مام کا رویہ ابہام پیدا کررہا تھا۔

اس نے زینب شہباز کو سلیپنگ پلز دی تھی پھر ہولے سے ان کے رویے سے بے نیاز ہوکر ان کی پیشانی چوم کر بولا تھا۔

"سب بھول جائیں مام! آپ پاپا کے لیے اچھی وائف اور ظفر بھائی کے لیے بہت محبت کرنے والی ماں ہیں۔"

"اور تمہاری۔ تمہاری کیسی ماں ہوں میں۔؟" ان کا دل چاہا۔ وہ یکدم اس کا ہاتھ تھام کے پوچھیں مگر تھکا ہوا دماغ جانے کب نیند کی وادی میں اتر گیا تھا' پھر صبح جب ان کی آنکھ کھلی تو شہباز پہلے سے جاگے ہوئے تھے ٹی وی دیکھنے کے ساتھ ساتھ چائے پی رہے تھے۔

"آجاؤ۔ بہت مزے کا پروگرام چل رہا ہے' پاکستانی رسم و رواج شادی بیاہ کے گیت کی تفہیم کے ساتھ دکھا رہے ہیں۔ ایک ہفتے پہلے ہی تم مونس کی شادی کی بات کررہی تھیں ناں۔"

وہ سست قدموں سے چلتے ہوئے ان کے برابر صوفے پر آکر بیٹھ گئی تھیں اور ان کا سویا جاگا دماغ حیران تھا' انہوں نے اتنی کدورت کے باوجود مونس کی زندگی کے بارے میں کب اور کیسے سوچ لیا تھا۔

"تمہاری آنکھیں اتنی سرخ کیوں ہورہی ہیں زینب؟" اور زینب شہباز پھر سے آنسوؤں میں بھیگ بھیگ گئی تھیں۔

"ظفر یاد آرہا تھا پھر؟" شہباز صاحب نے اندازہ لگایا اور وہ خاموشی سے ان کے کندھے سے ٹک کر ہولے سے سر ہلا کر رہ گئیں؟

اور شہباز صاحب نے انہیں دیکھ کر نرمی سے کہا۔

"اسے تم یا میں بھلا ہی کب پائے ہیں کہ وہ ہمیں یاد آئے وہ تو ہر لحہ ہمارے اندر ہمارے ساتھ جیتا ہے زینب۔"

اور جب وہ یہ سب کہہ رہے تب مونس یکدم ایک بیگ کاندھے پر ڈال کر ان کے سامنے آکھڑا ہوا تھا۔

"کیا آپ میرے ساتھ چلیں گے پاپا۔؟"

"کہاں جانا ہے وہ بھی اتنی صبح صبح؟" وہ حیران ہوگئے۔

اور مونس بہت مدھم ہوکر بولا۔

"تین دن بعد میری سرجری ہے برین ٹیومر کی وجہ سے۔"

شہباز صاحب کے ہاتھ سے کپ چھوٹ گیا تھا اور زینب شہباز نے اس خبر کو ایسے سنا وہ جیسے پہلی بار سن رہی ہوں۔

"تم نے ایک مرتی ہوئی ماں سے اس کے بیٹے کو ملنے نہیں دیا' دیکھ لینا وقت تمہیں اس عمل کی کتنی سخت سزا دے گا۔ اتنا کٹھور تو کوئی سفاک قاتل بھی نہیں ہوتا جتنی تم ہو زینب!"

کبھی شازیہ آپا کے کہے لفظوں نے ان کے اندر بھنور ڈال دیے۔

"یہ سزا ہے کہ ایک بیٹا چاہتے ہوئے اپنی مرتی ہوئی ماں سے نہیں مل سکا اور میں اس شخص کے سامنے ہوں یہ جو میرا بیٹا ہے میرے وجود کا حصہ ہے میں چاہ کر بھی اس کا ہاتھ تھام کر یہ نہیں کہہ سکتی مت جاؤ۔ میں




WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

تم سے ایک ماں کی طرح ہی شدت سے محبت کرتی ہوں۔"

"ایک ماں دوسری ماں کو بددعا نہیں دے سکتی ہے۔" ان کا دل کرلایا تھا اور شہباز صاحب نے ان کا بازو بھینچ کر پھر سے کہا تھا۔

"زینب! تم نے سنا مونس کیا کہہ رہا ہے؟"

اور مونس شہباز نے دکھ سے کہا تھا "وہ جانتی ہیں پاپا! مگر انہیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا' میں تو یہ بھی نہیں جانتا کہ آپ کو بھی کوئی فرق پڑتا ہے کہ نہیں اس لیے ایک دوست کو بھی اسٹینڈ بائی پر رکھا ہے' پہلے میرا ارادہ تھا وہ ہی مجھے ہسپتال لے جائے مگر پھر میں نے سوچا میں آپ کو بھی اطلاع کردوں کیونکہ آپ کو مجھ سے ویسے ہی شکایتیں ہیں کہ میں اپنی مرضی بہت کرتا ہوں۔"

لحجہ بھر کو رکا پھر بولا۔ "سامیہ میرے ساتھ ہے اگر میں آپریشن ٹیبل سے واپس زندہ نہ آسکا تو اس کو میں نے اپنی تدفین کا اختیار بھی دے رکھا ہے' آپ چاہیں تو شریک ہوجایئے گا' ورنہ کوئی مسئلہ نہیں۔ اکیلا جینے والا انسان اکیلا مر بھی سکتا ہے' کیونکہ اکیلے پن کا دکھ تو صرف زندگی تک کا ہوتا ہے نا پاپا۔"

شہباز صاحب یکدم اٹھ کر اس کے قریب آگئے تھے پھر بہت خفگی سے بولے۔

"مونس! تمہارا دماغ خراب ہوگیا ہے' تمہیں کس نے کہا' مجھے تم سے محبت نہیں۔"

"مجھے آپ نے یہ احساس کب دلایا تھا پاپا کہ آپ میرے بھی ہیں' مجھے تو لگتا تھا آپ صرف عمر' ارم کے پاپا ہیں' اسکول ہو یا زندگی ہر جگہ میں اکیلا چلا ہوں یا صرف ظفر بھائی کی محبت تھی' جس نے مجھے تھامے رکھا ورنہ کتنی بار زندگی کی تلخی کو ایک ہی گھونٹ میں پی جانے کو دل کرتا تھا' آپ کو پتا ہے میری دراز میں سلیپنگ پلز' ریوالور اور زہر ہر وقت موجود رہتا تھا۔ مگر میں زندگی پر اور زندگی بنانے والے کی محبت پر اندھا یقین رکھتا تھا۔ اس لیے آج تک حرام موت مرنے کی کوشش نہیں کی' مجھے لگتا تھا کبھی تو زندگی میری کتاب میں محبت کا باب رقم کرے گی' کبھی تو میں بھی آپ کو یاد آؤں گا' مگر اتنے برسوں بعد مجھ پر کھلا ہے' محبت مرے لیے نہیں بنائی گئی۔"

شہباز صاحب نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا تھا "بدگمانی مت کرو' تم جانتے ہو تمہارا دل بھی جانتا ہے مجھے تم سے کتنی محبت ہے مونس۔"

مونس نے چونک کر شہباز کی صاحب طرف دیکھا تھا یہ ہی جملہ اس نے مام سے کہا تھا۔ اس کے پاپا اس کی طرح سوچا کرتے تھے۔

"ہم جو سوچتے ہیں ایک دوسرے کے لیے' وہ ہم کہتے کیوں نہیں پاپا۔ ہم انتظار کرتے کرتے خود بھی تشنہ کام رہتے ہیں' کسی اور کو بھی تشنہ کام مار دیتے ہیں۔"

پاپا نے کچھ نہیں کہا تھا اور اسے خود سے لپٹا لیا تھا اور زینب شہباز یکدم اٹھ کر کہیں اندر گم ہوگئی تھیں۔

"ماما آخری بار بھی مجھے پیار نہیں کریں گی پاپا؟"

"آخری بار کیوں' بہت بار کریں گی' ہم نے کبھو نہیں سوچنا ہے مونس۔"

پاپا اسے لے گئے تھے اور وہ فون پر شازیہ آپا سے معافیاں مانگ رہی تھیں۔

"اماں! مجھے بددعا نہیں دے سکتیں۔ کہہ دیں نا شازیہ آپا! وہ میرا مونس آج اس کا آپریشن ہے۔ برین ٹیومر ہے اسے' مگر میں چاہ کر بھی اسے اپنے سینے سے لگا کر اس کو اپنی ممتا کا حوصلہ نہیں دے سکی' اماں تو بہت محبت کرنے والی روح تھیں نا پھر مجھے کیوں بددعا دی۔"

شازیہ آپا اطلاع پاکر ہراساں ہوگئی تھیں۔

"کوئی ماں دوسری ماں کو بددعا نہیں دے سکتی تم گھبراؤ مت۔ یہاں ہیں نا اتنے سارے لوگ' اس کے لیے دعا کرنے والے' تم بھول جاؤ پرانی باتیں' نئی طرح سے جینا شروع کرو' جاؤ اسے گلے لگا کر کہو۔ تم اس سے کتنا محبت کرتی ہو' وہ تمہیں چھوڑ کر نہیں جاسکے گا۔ تمہاری محبت کی کشش اسے جانے ہی نہیں دے



گی۔ زینب دیر مت کرو۔ فوراً جاؤ اس کے پاس۔"

انہوں نے فون رکھا تھا اور چپکے سے سیڑھیاں اترنے لگی تھیں۔

کار شہباز صاحب ڈرائیو کر رہے تھے ان کا رخ ہسپتال کی طرف تھا اور وہ تھا ہر چیز کو پہلی بار کی طرح دیکھ کر آخری بار کی طرح وداع کر رہا تھا "ہم زندگی میں جب تک جیتے ہیں ہمیں لگتا ہے ہم جیتے رہیں گے' سو ہمیں ہر چیز بے معنی لگتی ہے لیکن ہمیں پتا چل جائے زندگی ہمارے ہاتھوں سے پھسل رہی ہے' ریت کے ذروں کی طرح' چھن رہی ہے آخری کمائی کی طرح تو ہمیں زندگی کی ہر بات میں ایک نئی بات لگتی ہے۔ موسم' ہوا' زندگی ہر چیز خود سے باتیں کرتی محسوس ہوتی ہے نا پاپا۔"

"ایسے مت بولو تمہیں زندگی کا یہ معرکہ سامیہ کے لیے سر کرنا ہے مونس! کل میں آفس میں نہیں تھا زینب کی اکلوتی واحد دوست فضہ کے پاس گیا تھا' جس کی باتوں پر وہ آنکھ بند کرکے یقین کرتی ہے۔ مانتی ہے اس کی بات۔ دنیا میں بس یہی ایک ہے' جس کے پاس تمہاری ماما کو سرنڈر کروانے کا ہنر موجود ہے' تمہاری ماما تمہاری شادی کا تذکرہ بہت بار کرچکی تھیں۔ سو میں اسے یہی سمجھانے گیا تھا کہ وہ کس طرح زینب کو اس معاملے میں سامیہ کے نام پر ٹریپ کرسکتی ہے۔"

"کس طرح ٹریپ کرسکتی ہیں ماما کو وہ۔" اس نے یونہی پوچھا۔

اور پاپا مسکرائے۔

"یہ بہت خفیہ ہے' یہ نہیں بتایا جاسکتا' تم بس آم کھاؤ پیڑ مت گنو' سامیہ سے شادی کرو اور اپنی زندگی مزے سے گزارو۔"

"شادی اور زندگی۔" وہ حسرت زدہ ہوا اور پاپا نے اسے گھور کے دیکھا' مگر مونس عام سی بات کی طرح ایک بہت خاص بات سن کر خوش نہ ہوسکا وہ سامیہ کو کوئی عہد کوئی خوش گمانی نہیں دینا چاہتا تھا۔

اس لڑکی کے کتنے برس اس گھر میں گزرے تھے' ایک ملازمہ کی طرح' اس لڑکی کے پاس کوئی خواب زندہ نہیں تھا اور وہ نہیں چاہتا تھا وہ اس کی ہتھیلی پر کوئی امید کا جگنو رکھتا۔

"عمر اور ارم سے ملنا تھا مجھے مگر میں انہیں نہیں مل پایا۔"

"میں نے کہہ دیا ہے وہ ہسپتال ہی آجائیں گے۔" پاپا نے کہا اور اس کی آنکھوں کا خالی پن دیکھ کر کرلائے۔

"سچ پوچھو تو ان دونوں بچوں کا کوئی قصور نہیں ہے۔ میری بے توجہی اور تمہاری ماں کی ہر وقت تم سے انسلٹنگ رویے نے انہیں بھی تمہارے قریب نہیں آنے دیا۔ محبت تو وہ بھی کرتے ہیں مگر وہ جذباتی طور پر تم سے اتنا اٹیچ نہیں اور یہ بات تم اچھی طرح جانتے ہو' میں جب پاکستان گیا تھا مجھے لگتا تھا میں سب کچھ ٹھیک لوں گا لیکن واپس آیا تو زندگی نے ویسے ہی ہاتھ باندھے رکھے۔ تمہیں جب بھی دیکھا تھا مجھے ظفر یاد آجاتا تھا اور میں تمہارے قریب آتے آتے رہ جاتا تھا' اب بہت عرصے بعد میں نے سوچا میں نہ سہی سامیہ اگر تمہاری زندگی میں آجائے تو تمہاری زندگی کی ہر کمی دور ہوسکتی ہے۔"

"کیا کسی ایک رشتے میں اتنی صلاحیت ہوتی ہے کہ وہ ہر رشتے کا نعم البدل بن سکے؟" ایک نیا سوال پاپا نے ہار کر سر جھکا لیا تھا۔

"میں اور زینب لوزر ہیں۔ ہم نہ اچھے میاں بیوی بن سکے نہ اچھے بیٹا بہو کے کردار نبھا سکے نہ اچھے ماں باپ بن سکے' ہاں دنیا کے لیے محبت گنوا کر بیسٹ کپل کا تمغہ ضرور حاصل کرچکے ہیں' مگر محبت گنوا کر کچھ اور رہ جاتا ہے زندگی میں' کہ ہم جی سکیں۔"

وہ پتا نہیں سوال کر رہے تھے یا جواب دے رہے تھے مگر یہ تھا کہ اس کے ہسپتال میں ایڈمٹ ہونے کے پندرہ بیس منٹ بعد ہی ارم اور عمر اس کے قریب بیٹھے تھے' ہونق پریشان' عمر آپریشن کی تفصیلات لے کر آیا تھا اور جی جان سے وہاں گیا تھا۔

"میں آپ کے قریب نہیں تھا مگر یہ سچ نہیں ہے کہ مجھے آپ سے محبت نہیں ہے بس حالات' زندگی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY